

www.KitaboSunnat.com

# اسماء اللہ عزوجل

## قرآن وحدیث کے مطابق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

# محدث لائبریری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ☆ اَللّٰهُ ☆ اَلْاَحَدُ ☆ اَلْاٰخِرُ ☆ اَلْاَبَدُ ☆
اَلْاِلٰهُ ☆ اَحْكَمُ الْحَاكِمِيْنَ ☆ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ☆ اَهْلُ التَّقْوٰى ☆ اَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ☆ اَلْاَقْرَبُ ☆ اَسْرَعُ
الْحَاسِبِيْنَ ☆ اَلْاَحْكَمُ ☆ اَلْاَعْلٰى ☆ اَلْاَعَزُّ ☆ اَلْاَعْلَمُ ☆ آمِيْنَ ☆ اَلْاَلِيْمُ اَلْاَخْذُ ☆ اِلٌ ☆ اَلْاَقْوٰى
☆ اَلْاَكْرَمُ ☆ اَلْاَوَّلُ ☆ اَلْاَكْبَرُ ☆ اَلْاَعْظَمُ ☆ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ☆ اَلْبَادِى ☆ اَلْبَدِيْعُ ☆ اَلْبَارِئُ ☆
اَلْبَارُّ ☆ اَلْبَرُّ ☆ اَلْبُرْهَانُ ☆ اَلْبَاسِطُ ☆ اَلْبَصِيْرُ ☆ اَلْبَاطِنُ ☆ اَلْبَاعِثُ ☆ اَلْبَاقِي ☆ اَلْبَالِغُ اَمْرَهُ ☆
اَلْبَالِى ☆ اَلتَّامُّ ☆ اَلتَّوَّابُ ☆ اَلْجَبَّارُ ☆ اَلْجَلِيْلُ ☆ اَلْجَامِعُ ☆ اَلْجَمِيْلُ ☆ اَلْجَوَّادُ ☆ جَاعِلُ اللَّيْلِ
سَكَنًا ☆ اَلْحَاسِبُ ☆ اَلْحَسِيْبُ ☆ اَلْحَافِظُ ☆ اَلْحَفِيْظُ ☆ اَلْحَفِىُّ ☆ اَلْحَقُّ ☆ اَلْحَاكِمُ ☆
اَلْحَكَمُ ☆ اَلْحَكِيْمُ ☆ اَلْحَلِيْمُ ☆ اَلْحَمِيْدُ ☆ اَلْحَنَّانُ ☆ اَلْحَيُّ ☆ اَلْحَيِي ☆ اَلْخَبِيْرُ ☆ اَلْخَافِضُ
☆ اَلْخَالِقُ ☆ اَلْخَلَّاقُ ☆ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ ☆ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ ☆ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ ☆ خَيْرُ النَّاصِرِيْنَ ☆
خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ ☆ خَيْرُ الْفَاصِلِيْنَ ☆ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ☆ اَلْخَلِيْفَةُ ☆ اَلْخَفِىُّ ☆ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ ☆
خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ ☆ خَيْرُ الْحَاكِمِيْنَ ☆ خَيْرُ الْحَافِظِيْنَ ☆ اَلدَّائِمُ ☆ اَلدَّيَّانُ ☆ اَلدَّافِعُ ☆ اَلدَّهْرُ ☆
اَلذَّارِى ☆ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ☆ ذُو الْجَبَرُوْتِ وَالْمَلَكُوْتِ ☆ ذُوالرَّحْمَةِ الْوَاسِعَةِ ☆ ذُوا
الطَّوْلِ ☆ ذُوالْمَعَارِجِ ☆ ذُوالْعَرْشِ ☆ ذُوالْفَضْلِ ☆ ذُوالْقُوَّةِ ☆ ذُوالْاِنْتِقَامِ ☆ اَلرَّحِيْمُ ☆
اَلرَّزَّاقُ ☆ اَلرَّازِقُ ☆ اَلرَّاشِدُ ☆ اَلرَّشِيْدُ ☆ اَلرَّافِعُ ☆ رَفِيْعُ الدَّرَجَاتِ ☆ اَلرَّفِيْعُ ☆ اَلرَّقِيْبُ ☆
اَلرِّضَا ☆ اَلرَّؤُوْفُ ☆ اَلرَّبُّ ☆ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ ☆ رَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ☆ اَلرَّحْمٰنُ ☆ اَلرَّفِيْقُ ☆ رَبُّ
الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ☆ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ☆ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ ☆ اَلرَّاتِقُ ☆ رَمَضَانُ ☆ اَلزَّارِعُ
☆ اَلسُّبُّوْحُ ☆ اَلسَّرِيْعُ ☆ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ☆ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ☆ اَلسَّلَامُ ☆ اَلسَّامِعُ ☆ اَلسَّمِيْعُ
☆ اَلسَّيِّدُ ☆ اَلسَّتَّارُ ☆ اَلسَّاتِرُ ☆ اَلسَّخِطُ ☆ اَلسَّتِيْرُ ☆ اَلشَّدِيْدُ ☆ شَدِيْدُ الْبَطْشِ ☆
شَدِيْدُ الْعِقَابِ ☆ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ☆ اَلشَّافِي ☆ اَلشَّاكِرُ ☆ اَلشَّكُوْرُ ☆ اَلشَّهِيْدُ ☆ اَلشَّاهِدُ ☆
اَلشَّفِيْعُ ☆ اَلصَّبُوْرُ ☆ اَلصَّادِقُ ☆ اَلصَّمَدُ ☆ اَلصَّانِعُ ☆ اَلصَّاحِبُ ☆ اَلضَّارُّ ☆ اَلطَّيِّبُ ☆
اَلطَّالِبُ ☆ اَلطَّبِيْبُ ☆ اَطْهَرُ ☆ اَلطَّاهِرُ ☆ اَلْعَادِلُ ☆ اَلْعَدْلُ ☆ اَلْعَزِيْزُ ☆ اَلْعَظِيْمُ ☆ اَلْعَفُوُّ ☆
اَلْعَالِمُ ☆ اَلْعَلَّامُ ☆ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ☆ اَلْعَلِيْمُ ☆ اَلْعَلِيُّ ☆ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ☆

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆ عدو الكافرين ☆ الغافر ☆ غافر الذنب ☆ الغفار ☆ الغفور ☆ الغالب ☆ الغالب على أمره
☆ الغني ☆ الغياث ☆ الغيور ☆ الفاعل ☆ الفاتح ☆ الفتاح ☆ الفرد ☆ الفاطر ☆ الفعال ☆
الفعال لما يريد ☆ فالق الحب والنوى ☆ فالق الإصباح ☆ فاطر السموات والأرض ☆ فارج الهم
☆ الفاتن ☆ الفائق ☆ القابض ☆ القابل ☆ قابل التوب ☆ القادر ☆ القدير ☆ القدوس ☆
القديم ☆ القريب ☆ القاضى ☆ القاهر ☆ القهار ☆ القائم ☆ القيام ☆ القيم ☆ القيوم ☆
القوى ☆ الكبير ☆ الكريم ☆ الكاشف ☆ كاشف الكرب ☆ كاشف الضر ☆ الكفيل ☆
الكافي ☆ الكائن ☆ الكاتب ☆ اللطيف ☆ لا إله إلا هو ☆ المهيمن ☆ الموسع ☆ المولى ☆
المؤمن ☆ المؤخر ☆ المقتدر ☆ المقدم ☆ المقسط ☆ المقيت ☆ المقدر ☆ مقلب القلوب
☆ مثبت القلوب ☆ المتكبر ☆ المهلك ☆ المرسل ☆ المبقى ☆ المصلى ☆ المؤثل ☆
المتوفى ☆ المرشد ☆ المضل ☆ المعذب ☆ المحسن ☆ المخرج ☆ المستجيب ☆ المبارك
☆ المنذر ☆ المنتقم ☆ المنبر ☆ المبين ☆ المبدى ☆ المبلى ☆ المبتلى ☆ المتين ☆
الماجد ☆ المجيد ☆ المجيب ☆ المحب ☆ المدبر ☆ المحصى ☆ المالك ☆ مالك الملك
☆ الملك ☆ المليك ☆ مالك يوم الدين ☆ المانع ☆ المنان ☆ المبغض ☆ المبرم ☆ المحيط
☆ المعطى ☆ المحيي ☆ المميت ☆ المريد ☆ المذكور ☆ المذل ☆ المعز ☆ المفضل ☆
المتفضل ☆ المعافى ☆ المطعم ☆ منزل الكتاب ☆ المصور ☆ الممتحن ☆ مخزى الكافرين
☆ المعبود ☆ المتعالى ☆ المعيد ☆ المعين ☆ متم نوره ☆ المستعان ☆ المغنى ☆ المغيث
☆ المحسان ☆ المسعر ☆ المنعم ☆ مصرف القلوب ☆ المستمع ☆ المنزل ☆ المنشئ ☆
مخرج الحى من الميت ☆ مخرج الميت من الحي ☆ المفرج ☆ المفنى ☆ الناصر ☆ النصير
☆ النافع ☆ النور ☆ النذير ☆ نور السموات والأرض ☆ نعم المولى ☆ نعم الوكيل ☆ نعم
الماهد ☆ نعم النصير ☆ نعم القادر ☆ الواجد ☆ الواحد ☆ الودود ☆ الوارث ☆ الواسع ☆
واسع المغفرة ☆ الوفى ☆ الوتر ☆ الواقي ☆ الوكيل ☆ الوال ☆ الوالى ☆ الولي ☆ ولى
المؤمنين ☆ الوهاب ☆ هاد ☆ الهادي ☆ الهوى ☆ الله جل جلاله ☆ له الأسماء الحسنى☆

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عہد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لکھنے کا انداز



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




ولله الاسماء الحسنٰى فادعوه بها

(اور اللہ کے سب نام اچھے ہی اچھے ہیں تو اس کو اس کے ناموں سے پکارا کرو)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا☆

(اور اللہ کے سب نام اچھے ہی اچھے ہیں، تو اُس کو اُس کے ناموں سے پکارا کرو)

# اسماء اللہ عزوجل

## قرآن و حدیث کے مطابق

## جلد اول

مؤلف

رشید اللہ یعقوب

www.KitaboSunnat.com

ناشر

رحمۃ للعالمین ریسرچ سینٹر

مکان نمبر ۸، زمزمہ اسٹریٹ نمبر ۳

زمزمہ، کلفٹن، کراچی ۷۵۶۰۰

پاکستان



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# مؤلف کی دوسری کتابیں

## الصلوٰۃ والسلام علی رحمۃ للعالمین ﷺ

جلد اول

طبع اول : دسمبر ۱۹۹۸، تعداد ۵۰۰۰

طبع دوئم : اپریل ۱۹۹۹، تعداد ۱۰۰۰

طبع سوئم : اگست ۱۹۹۹ ، تعداد ۲۰۰

جلد دوئم

طبع اول : مئی ۱۹۹۹، تعداد ۵۰۰۰

طبع دوئم : اکتوبر ۱۹۹۹، تعداد ۲۵۰۰



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدللہ رب العالمین – سبحان اللّٰہ و بحمدہ سبحان اللّٰہ العظیم

اشھد ان لا إلہ إلا اللّٰہ و اشھد ان محمداً عبدہ ورسولہ ہ

وصلی اللّٰہ علی النبی الأمی و علیٰ الہ وبارك وسلم تسلیما.

یااللہ جل جلالہٗ

یارحمٰن ، یا رحیم ، یا أرحم الراحمین

یَااللّٰہ رَبَّ الْعِزّت، آپ کا شکر و احسان ہے ہر عزت اور ہر نعمت کے لئے جو آپ نے مجھے عطا کی ہے باوجود اس کے کہ میں اپنی بشری کمزوریوں کی وجہ سے معصیت کا مرتکب رہا ہوں۔

یَااللّٰہ رَبَّ الْعَالَمِیْنَ، یہ محض آپ کا فضل و کرم ہے کہ آپ نے اپنے اس گنہگار بندے کو یہ توفیق دی کہ وہ آپ کے اسماء حُسنیٰ پر کتاب مرتب کر سکے۔

یَااللّٰہ ! اَلْغَفُوْرُالرَّحِیْمُ ، میرے گناہوں سے درگزر فرماکر مجھے وہ صلاحیت عطا فرمایئے کہ میں اس کتاب میں وہ کچھ لکھوں جو آپ کے احکامات کے عین مطابق ہو اور جس سے آپ راضی ہوں اور آپ اس کو قبول فرمالیں۔

یَااللّٰہ، غَافِرَ الذَّنْبِ وَقَابِلَ التَّوْبِ ،مُقَلِبَ الْقُلُوْبِ، سَمِیْعَ الدُّعَآءِ اگر میں نے اس کتاب میں ایسی کوئی بات لکھ دی ہے جو آپ کی اور آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات اور فرمودات کے برعکس ہے یا میں نے براہ راست یا ضمناً کوئی ایسی بات تحریر کردی ہے جو آپ کے احکامات کے برخلاف ہے، تو میں صدق دل سے توبہ کرتا ہوں اور آپ کی ہر ہدایت اور رہنمائی پر ایمان کے ساتھ آپ سے معافی اور بخشش مانگتا ہوں۔

رشید اللہ یعقوب

مقام مسجد الحرام، کعبہ شریف

۱۰/ اگست ۲۰۰۰ء بمطابق ۱۰ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۱ ہجری



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# انتساب

ان تمام محدثین، محققین اور علماء حضرات کے نام، جنھوں نے اسما حسنٰی پر تحقیقی کام کیا، جس کی وجہ سے امت مسلمہ کے لیے ان کا علم اور اس پر عمل آسان ہو گیا- اللہ رب العزت ان کو اس کام پر خوب اجر عطا فرمائے اور جنت میں ان کے درجات بلند تر فرمائے- آمین



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ اللہ

لیس کمثلہ شیء وھو السمیع البصیر

الشوریٰ ۱۱

کوئی چیز اس کے (اللہ تعالیٰ کے) مثل نہیں۔ اور وہی
(ہر بات کا) سننے اور (ہر چیز کا) دیکھنے والا ہے۔
(سورہ شوریٰ۔ آیت ۱۱)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کتاب کی اشاعت کے جملہ حقوق حق مؤلف یا ناشر محفوظ نہیں ہیں البتہ جو صاحب بھی اس کو چھپوانا چاہیں وہ ہم کو اطلاع کریں۔ اس سلسلہ میں جو مدد درکار ہو ہم اس کے لئے حاضر ہیں۔


| | |
|---|---|
| نام کتاب | اسماء اللہ عزوجل |
| جلد | اول |
| مؤلف | رشید اللہ یعقوب |
| اشاعت اول | اکتوبر ۲۰۰۰ء / رجب ۱۴۲۱ھ |
| تعداد اشاعت | دو ہزار پانچ سو (۲۵۰۰) |
| کمپیوٹر کمپوزنگ | محمد عبدالکریم |
| طباعت | ہمدرد پریس (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ناشر : | رحمۃ للعالمین ریسرچ سینٹر |

مکان نمبر ۸ ، زمزمہ اسٹریٹ نمبر ۳

زمزمہ ، کلفٹن ، کراچی ۷۵۶۰۰ ، پاکستان


صدقۂ جاریہ

ملنے کا پتہ :

مکان نمبر 8 ، زمزمہ اسٹریٹ نمبر 3 ، زمزمہ ، کلفٹن ، کراچی 75600

پاکستان



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# فہرست


۱- تقریظ اول : حضرت مولانا محمد عبید اللہ صاحب ۱۰
رئیس ، الجامعۃ الاشرفیہ، لاہور
دوئم : حضرت ڈاکٹر مفتی نظام الدین شامزی ۱۲
استاذ الحدیث و رئیس تخصص فی الفقہ الاسلامی
علامہ بنوری ٹاؤن، کراچی
۲- عرض مؤلف ۱۵


ابواب


اول قرآن مجید میں اسماء اللہ عزّ وجلّ کا ذکر ۳۱
دوئم اسماء اللہ عزّ وجلّ پر احادیث نبوی ۴۱
سوئم لفظ 'احصاها و حفظها' کی تشریح ۵۵
چہارم تفصیل احادیث جن میں اسماء اللہ عزّ وجلّ
کا ذکر ہے- ۶۷
پنجم کیا اللہ تعالیٰ کے صرف ۹۹ نام ہیں؟ ۱۰۹
ششم اسم اعظم ۱۲۱
ہفتم قرآن کریم واحادیث سے ماخوذ اسماء اللہ عزّ وجلّ ۱۴۳
ہشتم قرآن کریم سے ماخوذ اسماء اللہ عزّ وجلّ ۲۱۳
فہرست کتب وحوالہ جات ۲۴۶




محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


المکتب الرئیسی :
جامعہ اشرفیہ شارع فیروزپور
ٹیلیفون : ۷۵۷۷۹۷۲
۷۵۸۸۱۲۲
۷۵۸۴۵۴۲
فیکس : ۹۲-۰۴۲-۷۵۷۷۹۷۳

# الجامعۃ الأشرفیۃ

شارع فیروز پور ○ لاہور ○ پاکستان

الفروع :
جامعہ اشرفیہ نیلا گنبد
ٹیلیفون : ۷۲۴۲۷۶۰
۷۲۴۲۷۶۱
مدرسۃ التسہیل للبنات ماڈل ٹاؤن
ٹیلیفون : ۵۸۸۰۵۰۰۰۸۵۰۴۸۵


بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۲۰ ستمبر ۲۰۰۰ء

میں اپنے دوست قابل احترام جناب رشید اللہ یعقوب صاحب زید مجدہ کا انتہائی ممنون ہوں انہوں نے اس ناکارۂ خلائق کو اپنی نئی تالیف 'اسماء اللہ عزَّ وَ جلَّ' میں شرکت کا موقعہ عطا فرمایا۔ موصوف پر اللہ تعالیٰ کا یہ خاص کرم ہے کہ دنیا کی سنگ لاخ راہوں اور آلائشوں سے نکال کر دین کی اشاعت اور خدمت کے لئے منتخب فرمالیا۔ مؤلف کی اس نئی تالیف سے کلمۂ توحید کی تکمیل اور تجدید ہوگئی۔ تالیف اول یعنی 'الصلوٰۃ والسلام علیٰ رحمۃ للعالمین' سے اگر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تفسیر اور تشریح ہوتی ہے تو تالیف ثانی 'اسماء اللہ عزَّ وَ جلَّ' سے لا إله إلا الله کی توثیق ہوتی ہے۔ اس لحاظ سے یہ تالیف مؤلف اور قاری کتاب دونوں کے لئے تجدید ایمان اور تقویتِ ایمان کا ذریعہ بنے گی۔ مؤلف سلمہٗ نے اس تالیف میں نمبر ایک سے لیکر نمبر چھ تک جن موضوعات اور مباحث کا اجمالی ذکر کیا ہے اسے پڑھ کر حیرت ہوتی ہے۔ ایک ایسا شخص جو بظاہر نہ عالم ہے، نہ عربی دان ہے، نہ فقیہ ہے، نہ محدث ہے اللہ تعالیٰ نے اس سے وہ کام لے لیا جو کسی بڑے ادارہ کے علماء اور محققین سے شائد اس انداز سے نہ ہو سکتا۔ 'نفوس قدسیہ' اور ایسے اشخاص جن کو آتیناه من لدنا علماً کی درس گاہ سے کچھ حصہ ملا ہو وہی یہ کر سکتا ہے۔ اس تالیف کے سلسلے میں جو مجاہداتِ شاقہ آپ نے کئے ہیں انشاء اللہ العزیز اللہ تعالیٰ 'مشاہداتِ



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تامہ' سے نوازیں گے - حق تعالیٰ آپ کی کاوش اور سعیِ بلیغ کو قبول فرمائے مجھے
اس کارخیر میں شریک فرماکر احسان فرمایا اس کا تہ دل سے ممنون ہوں-
حماك الله عن شرالنّوائب - جزاك الله فی الدارین خیرا-

محمد عبید اللہ

رئیس الجامعہ اشرفیہ، لاہور



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قرآن کریم میں اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے اچھے نام ہیں انہیں ناموں سے ان کو پکارا کرو۔ اور حدیث مبارک میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جس نے ان ناموں کو یاد کیا وہ جنت میں داخل ہوگا۔ علماء امت نے اللہ تبارک و تعالیٰ کے ناموں کی تقسیم کی ہے کہ ان میں اللہ ذاتی نام ہے اور باقی اسماء صفاتی ہیں جو اللہ تبارک و تعالیٰ کے مختلف صفات پر دلالت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے ان صفاتی ناموں کے عجیب و غریب فضائل و مناقب اور اثرات ہیں جس کی تفصیل اس موضوع پر لکھی ہوئی کتابوں میں دستیاب ہوسکتی ہے۔ اس موضوع پر علماء امت نے ابتدا ہی سے تصانیف کا سلسلہ شروع کیا تھا۔ جن میں کچھ کتاب روایات کے انداز پر لکھی گئی ہیں اور کچھ کتابوں میں ان اسماء کے لغوی معانی کی تحقیق کی گئی ہے اور کچھ کتابوں میں ان اسماء کے اثرات پر کلام کیا گیا ہے۔ مجموعی طور پر ان کتابوں کی تعداد سینکڑوں میں ہیں اسی طرح تفسیر کی کتابوں میں احادیث کی شروح وغیرہ دوسری کتابوں میں ان اسماء کے متعلق جو ابحاث ہیں وہ اس کے علاوہ ہیں۔

ہمارے دوست جناب رشید اللہ یعقوب کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے تصنیف و تالیف اور تحقیق کا بہت اچھا ذوق عطا فرمایا ہے اور یہ ان کی سعادت کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ان کی یہ صلاحیت دینی موضوعات



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں استعمال ہو رہی ہے۔ اس سے پہلے انہوں نے درود شریف پر ایک تحقیقی کتاب لکھی ہے جو الحمد للہ بہت ہی مقبول ہوئی اور اب سینکڑوں کتابوں کی تحقیق و مطالعہ کے بعد انہوں نے اسماء حسنیٰ پر یہ زیر نظر کتاب لکھی اور تحقیق کا حق ادا کیا۔ بندہ اس وقت اپنی مصروفیات کی بناء پر کتاب کی خصوصیات پر تفصیل سے کچھ لکھنے سے قاصر ہے انشاء اللہ آئندہ کسی فرصت میں دوسری کتب سے جو اس موضوع پر لکھی گئی ہے اس کا علمی موازنہ کر کے اس کی خصوصیات واضح کی جائیں گی اس وقت صرف اس دعا پر اکتفا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کی سابق خدمت کی طرح اس خدمت کو بھی قبول فرما کر ان کیلئے ذخیرۂ آخرت بنائے اور امت مسلمہ کیلئے اس کو نافع بنا کر مقبولیت عطا فرمائے۔ آمین

نظام الدین شامزی

ڈاکٹر مفتی نظام الدین شامزی

استاذ الحدیث و رئیس تخصص فی الفقہ الاسلامی

جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن

کراچی

۴/۷/۱۴۲۱ھ

الدکتور مفتی محمد نظام الدین شامزی

استاذ الحدیث و رئیس تخصص فی الفقہ الاسلامی جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# عرض مؤلف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم الحمد للہ رب العالمین

وصلی اللہ علی النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وسلم اجمعین (۱)

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے سورۃ اعراف آیت ۱۸۰ میں فرمایا ہے کہ :

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ص وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ط سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ه

ترجمہ : اور اللہ کے سب نام اچھے ہی اچھے ہیں تو اُس کو اُس کے ناموں سے پکارا کرو اور جو لوگ اس کے ناموں میں کجی (اختیار) کرتے ہیں ان کو چھوڑ دو۔ وہ جو کچھ کر رہے ہیں عنقریب اس کی سزا پائیں گے۔

سورہ اسراء (بنی اسرائیل) آیت ۱۱۰ میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ط اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى

ترجمہ : کہہ دو کہ تم (اللہ کو) اللہ (کے نام سے) پکارو یا رحمٰن (کے نام سے) جس نام سے پکارو اس کے سب نام اچھے ہیں۔

سورہ طٰہٰ آیت ۸ میں اللہ رب العالمین فرماتے ہیں :

---

(۱) مقام کعبہ شریف، اذان دینے والی جگہ کی چھت کے نیچے، جہاں سفید رنگ کے قالین بچھے ہوئے ہیں۔ بوقت نماز چاشت، بروز جمعرات، تاریخ ۶ اگست ۱۹۹۸ء مطابق ۱۴ جمادی الثانی ۱۴۱۹ ہجری۔ ظفر جلیل شرح حصن حصین، تصنیف : محمد قطب الدین رحمۃ اللہ علیہ، فروری ۲۰۰۰ء میں میرے زیر مطالعہ تھی، اس میں درمنثور کے حوالے سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہے کہ "جب ارادہ کرے کوئی تم میں سے کسی حاجت کا، پس چاہیے کہ پنج شنبہ (جمعرات) کی صبح کو اس کی طلب میں جائے، کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ "اللہ برکت دے میری امت کے لئے پنج صبح ان کی کے دن پنج شنبہ (جمعرات) کے"۔ صفحہ ۲۰۵ - مطبوعہ لکھنؤ ۱۳۱۰ ہجری۔ اس کو میں اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ کا کرم سمجھتا ہوں کہ یہ کتاب بھی بروز جمعرات شروع ہوئی۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ه

ترجمہ : (وہ) معبود (برحق) ہے (کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اس کے (سب) نام اچھے ہیں۔

سورہ حشر آیت ۲۲، ۲۳ و ۲۴ میں اللہ سبحانہ و تعالیٰ فرماتے ہیں :

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ج هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ (۲۲) هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (۲۳) هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ط يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (۲۴) ☆.

ترجمہ : وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا۔ وہ بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ (آیت ۲۲)

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ بادشاہ (حقیقی)، پاک ذات (ہر عیب سے) سلامتی دینے والا، امن دینے والا، نگہبان، غالب، زبردست، بڑائی والا۔ اللہ ان لوگوں کے شریک مقرر کرنے سے پاک ہے۔ (آیت ۲۳)

وہی اللہ (تمام مخلوقات کا) خالق، ایجاد واختراع کرنے والا، صورتیں بنانے والا، اس کے سب اچھے سے اچھے نام ہیں۔ جتنی چیزیں آسمانوں اور زمین میں ہیں سب اس کی تسبیح کرتی ہیں۔ اور وہ غالب اور حکمت والا ہے۔ (آیت ۲۴)

اسماء اللہ عزّ و جلّ پر مختلف علماء کرام نے کتابیں لکھی ہیں اس لئے مجھ جیسے کم علم ناکارہ کے لئے اس پر قلم اٹھانا زیب نہیں دیتا مگر میں نے یہ ہمت اس لئے کی کہ :

اول : اردو میں اس موضوع پر آج تک تفصیل سے تحقیقی کام بہت کم ہوا ہے۔ عربی میں البتہ مخطوط اور شائع شدہ مواد کی مدد سے کافی تحقیقی کام ہوا ہے۔ جس سے ہم



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے اس کتاب کی تدوین میں استفادہ کیا بھی ہے۔

دوئم : ان کتب میں ( ماسوائے چند کے ) مصنفین نے سنن ترمذی کی حدیث پر انحصار کر کے صرف ۹۹ ناموں پر اکتفا کیا ہے اور عرف عام میں بھی یہی کہا جاتا ہے کہ اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ کے صرف ۹۹ نام ہیں، جو کہ ہماری تحقیق کے مطابق ایک درست خیال نہیں ہے۔ اس سلسلے میں آگے تفصیل سے بحث آرہی ہے جس میں ہم نے اللہ تعالیٰ کے ۹۹ ناموں کے علاوہ دیگر ناموں کا بھی تذکرہ کیا ہے۔

سوئم : جو کتب موجود ہیں ان میں بیشتر کی طباعت اور انداز تحریر پرانا ہے اور ایسی اردو میں وہ کتابیں تحریر کی گئیں ہیں کہ اب وہ اردو مستعمل بھی نہیں، لہٰذا یہ کتب اس دور کے پڑھے لکھے عام مسلمانوں کے لئے بہت زیادہ پرکشش اور عام فہم نہیں ہیں۔

چہارم : غالباً ہر زبان میں بالخصوص اردو میں یہ پہلی کوشش ہے کہ تقریباً ان تمام محدثین ، محققین اور اہل علم صاحبان کے کام کو یکجا کیا گیا ہے، جنہوں نے اسماء اللہ عزَّ وَ جلَّ پر تحقیقی کام کیا ہے۔ میرے لئے یہ کام اس لئے آسان تھا کہ اپنی کم علمی کی وجہ سے اس کتاب میں میری کوئی ذاتی رائے فی الحال نہیں ہے۔ بس ایک طالب علم کی حیثیت سے میں نے کوشش یہ کی ہے کہ ان تمام اسماء اللہ عزَّ وَ جلَّ کو ایک جگہ جمع کر دوں۔ اس کام کے لئے جن مصارف اور وقت کی ضرورت تھی اللہ خالق و رازق نے مجھے وہ مصارف اور اوقات فراہم فرمائے، اس کے لیے میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سربسجود ہوں، گو کہ میں بخوبی جانتا ہوں کہ یہ انسانی طاقت کے بس میں نہیں کہ وہ اللہ بزرگ و برتر کے شایان شان شکر ادا کر سکے۔

پنجم : آجکل کا تقاضا ہے کہ دینی کتب کا طرز تحریر مختصر، دلچسپ اور عام فہم ہونا چاہیے اور پھر مضمون کو چارٹ / گوشوارے کی مدد سے واضح کرنا چاہیے تاکہ عام قاری اس کو کم وقت میں پڑھ سکے یا پھر اس کو جو مطلوبہ معلومات چاہئے اس کو فہرست کی مدد سے فوری حاصل کر سکے یہ کتاب اسی ضرورت کی تکمیل کی ایک کوشش ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آج کل کا پڑھا لکھا طبقہ مذہب سے بہت قریب آنا چاہتا ہے جس کا اندازہ مساجد میں نوجوانوں اور پڑھے لکھے اور خوشحال لوگوں کی کثیر تعداد ہے لیکن اس نسل کی اس جدید دور کے مطابق اپنی ضرورتیں ہیں۔ اس کے مطالعے کا انداز بدل گیا ہے۔ زبان بھی بدل گئی ہے، کمپیوٹر نے اس کو جہاں سہل پسند بنایا وہاں اس کا مذاق مطالعہ بھی بدل دیا ہے۔ آج کا تعلیم یافتہ طبقہ کسی بھی تحریر کو اس وقت تک قبول نہیں کرتا جب تک کہ اس کو ماخذ اور سند کا علم نہ ہو اور جس کو وہ خود بھی دیکھ سکے۔ اس لئے ضروری ہے کہ ہم ایسا مذہبی لٹریچر مہیا کریں جو اس طبقے کی ضرورت پوری کر سکے اور اس کے معیار پر بھی پورا اترے۔ تاہم اس ضمن میں یہ خیال ہمیشہ رکھنا ہوگا کہ کسی شرعی اصول کو ہرگز قربان نہ کرنا پڑے، اس لئے اللہ تعالیٰ سے خلوص دل سے دعا کرتا ہوں کہ وہ اس کتاب میں کوئی بھی بات شریعت کے خلاف نہ لکھوائے تاکہ میں کسی بھی قسم کے جلی یا خفی شرک کا بھی مرتکب نہ ہو جاؤں۔ آمین

کتاب کی ترتیب اس طرح رکھی گئی ہے کہ :

۱- پہلے وہ قرآنی آیات دی جائیں جس میں اللہ تعالیٰ کے اسماء الحسنٰی کا ذکر آیا ہے اور ساتھ ہی اس کا اردو ترجمہ دیا جائے۔

۲- اس کے بعد ان احادیث کا تفصیلاً ذکر کیا جائے جس میں اللہ عزّ وجلّ کے ۹۹ ناموں کے متعلق ذکر ہے اور یہ ذکر کیا جائے کہ ان اسماء کو یاد کرنے اور ان پر عمل کرنے کا ثواب و فائدہ کیا ہے۔

۳- اس کے بعد ان احادیث کا ذکر کیا جائے جن میں اسماء اللہ عزّ وجلّ کا تفصیلاً ذکر ہے۔

۴- اس موضوع پر روایات کو جمع کیا جائے کہ کیا اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ جلّ جلالہٗ کے صرف ۹۹ نام ہیں یا اس سے زائد بھی ہیں۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵- اسم اعظم کے متعلق جو مختلف روایات ہیں ان کو یکجا ذکر کیا جائے -

۶- ابتدا میں محدثین ، محققین اور اہل علم صاحبان نے قرآن کریم و حدیث مبارکہ سے جتنے بھی اسماء اللہ عزّ وجلّ تخریج کئے ہیں ان کو ایک گوشوارے میں شامل کردیا جائے تاکہ قاری کو ایک ہی نظر میں معلوم ہوجائے کہ کس نام کی کن کن صاحبان نے تخریج کی ہے- ہماری نظر میں اس کتاب کا یہ سب سے اہم حصہ ہے - اس گوشوارے کو اردو حروف تہجی کے حساب سے ترتیب دیا جائے تاکہ قاری کو کسی خاص اسم اللہ عزّ وجلّ کو تلاش کرنے میں آسانی ہو- اردو میں یہ کام بھی پہلی مرتبہ ہورہا ہے -

دور حاضر میں بھی اہل علم حضرات نے اسماء اللہ عزّ وجلّ پر قرآن وحدیث کے مطابق تحقیق کی ہے ، جن میں دیگر حضرات کے علاوہ ڈاکٹر احمد الشرباصی (۱) نے تین سو سے زائد نام قرآن کریم سے نکالے ہیں ، ڈاکٹر عبدالمنعم الحفنی (۲) نے ۲۴۲ نام قرآن مجید سے تخریج کیے ہیں- الشیخ محمد الصالح العثیمین (۳) نے قرآن پاک سے ۸۱ نام اور احادیث رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ۲۱ نام تخریج کرکے ۹۹ کی تعداد پوری کی ہے- ایک اور اہم کتاب عبداللّٰہ بن صالح بن عبدالعزیز الغصن (۴) نے تالیف کی ہے جس میں الخطابی ، البیھقی، القشیری، الغزالی، الرازی، القرطبی اور الشرباصی کے تخریج کردہ اسماء اللہ عزّ وجلّ کو یکجا کیا ہے اور اس موضوع پر سیر حاصل بحث کی ہے- ڈاکٹر مردان

(۱) لہُ الاسماء الحسنیٰ ، دارالجیل ، بیروت ، تیسرا ایڈیشن ،۱۹۹۲-

(۲) تجلیات فی اسماء اللّٰہ الحسنیٰ ، مکتبہ مدبولی ، قاھرہ،۱۹۹۲-

(۳) القواعدالمثلی فی صفات اللّٰہ و اسماء الحسنی،مکتبہ أضواء السلف، ریاض ، ۱۴۱۶ ھجری.

(۴) اسماء اللّٰہ الحسنیٰ ، دارالوطن، ریاض ، طبع اول، ۱۴۱۷ھجری-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابراھیم القیسی (۱) نے قرآن کریم سے ۱۶۹ اور احادیث نبوی سے ۱۳۸ اسماء اللہ تعالیٰ نکالے ہیں- سعید بن علی بن وھف القحطانی (۲) نے بھی قرآن کریم و احادیث مبارکہ سے ۹۹ نام تخریج کئے ہیں- محمد الحمود النجدی (۳) نے بھی قرآن شریف اور احادیث مبارکہ سے ۱۱۶ اسماء اللہ عزّ وَ جلّ تخریج کیئے ہیں- ڈاکٹر محمد بن خلیفه التمیمی (۴) نے بھی امام جعفر صادقؒ سے لیکر جناب نورالحسن خان صاحب تک کے قرآن و سنت سے تخریج کردہ اسماء اللہ عزّ و جلّ کو جمع کیا ہے- چونکہ ہم نے اپنی تحقیق کو نویں صدی ہجری تک محدود رکھا ہے اس لئے ان صاحبان کی تحقیق کو شامل نہیں کیا- تاہم ان کتب کی تفصیل دے دی ہے تاکہ جو صاحب اس موضوع پر مزید تحقیق کرنا چاہیں وہ ان سے استفادہ کرلیں - دیگر کتب کے علاوہ یہ کتب بھی میرے کتب خانے میں موجود ہیں-

۷- ایک اور گوشوارہ ترتیب دیا گیا ہے جس کی مدد سے یہ واضح ہوتا ہے کہ قرون الخیر میں امام جعفر صادقؒ، سفیان بن عیینہؒ اور ابو زید بغویؒ نے القرآن الکریم سے کن اسماء اللہ عزّ وَ جلّ کی تخریج کی تھی-

۸- ایک اور گوشوارہ حروف تہجی کے اعتبار سے ترتیب دیا گیاہے جس میں قرون الخیر کے ان تین امام صاحبان کے القرآن الکریم سے تخریج کردہ اسماء اللہ عزّ وَ جلّ شامل کئے گئے ہیں،اس کے علاوہ ان اسماء اللہ عزّ وَ جلّ کو اردو حروف تہجی کے اعتبار سے بھی مرتب کردیا گیا ہے تاکہ کوئی صاحب اگر ان اسماء اللہ عزّ وَ جلّ کو

(۱) معالم التوحید، المکتب الاسلامی، بیروت، طبع اول، ۱۴۱۰ ھجری-

(۲) شرح اسماء اللہ الحسنیٰ فی ضوء الکتاب والسنة، مؤسسة الجریسي للتوزیع و الاعلان، الریاض- طبع ششم ۱۴۱۹ ہجری-

(۳) النهج الاسمی فی شرح اسماء اللّٰه الحسنیٰ، مكتبة الإمام الذهبی، کویت، طبع دوئم، ۱۴۱۷ ہجری-

(۴) معتقد اهل السنة والجماعة فی اسماء اللّٰه الحسنیٰ - أضواء السلف، ریاض ۱۹۹۹-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مکمل یاد کرنا چاہیں تو ان کے لئے آسانی ہو۔

اس طرح دور حاضر کے تکنیکی انداز سے مدد لیتے ہوئے اسماء اللہ تعالیٰ کی تلاش اور حفظ کرنے کو گوشواروں کی مدد سے آسان کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

اسماء اللہ عزّ وَ جلّ کو جس گوشوارہ میں شامل کیا گیا ہے اس کی ترتیب اردو لغت کے حساب سے ہے۔ عربی میں لفظ اپنے مادہ کے ساتھ ہوتے ہیں جب کہ اردو میں ایسا نہیں ہے۔اس کی مثال اس طرح ہے کہ عربی میں اللہ تعالیٰ کا اسم 'المبدی' 'ب' کے تحت آتا ہے لیکن اردو میں وہ 'م' کے تحت آئے گا۔اسی طرح اسم 'المؤخر' عربی میں 'الف' کے تحت آتا ہے جب کہ اردو میں 'م' کے تحت آئے گا۔ اسی طرح اگر کسی نام کے ہجے میں فرق ہے تو اس کو بھی واضح کردیا گیا ہے۔ مثلاً 'الرؤف' کو کچھ علمائے کرام نے 'الرؤوف' لکھا ہے ۔ اس کی وضاحت کردی گئی ہے۔ اسی طرح ذوالجلال والإکرام کو بعض حضرات نے بطور ایک نام لیا ہے جب کہ بعض نے ذوالجلال اور الإکرام کو علیحدہ لیا ہے۔اس کی بھی وضاحت کردی گئی ہے۔

ضخامت کی وجہ سے کتاب کو دو جلدوں میں تقسیم کیا گیا ہے ۔ موجودہ جلد اول میں اسماء اللہ عزوجل کو یکجا کیا گیا ہے اور یہ ایک تحقیقی کام ہے۔ جلد دوئم میں انشاء اللہ ہر نام پر تفصیل سے اس کے معنی و صفات اور وظائف کے اعتبار سے بحث کی جائے گی ۔ یہ بھی انشاء اللہ ظاہر کیا جائے گا کہ کون سا اسم کس کس سورۃ میں اور قرآن میں کل کتنی مرتبہ آیا ہے ، پھر کتنی مرتبہ وہ تنہا بطور اسم آیا ہے اور کتنی مرتبہ دوسرے اسم کے ساتھ آیا ہے ۔ یہ بھی واضح کیا جائے گا کہ وہ اسم کتنی مرتبہ بطور اسم آیا ہے ( صفات کے طور پر) اور کتنی مرتبہ فعل کے طور پر آیا ہے مثلاً اللہ کا نام 'الحافظ' اسم بھی ہے اور فعل بھی، اسی طرح 'الباری' اسم بھی ہے اور فعل بھی، اس کی بھی وضاحت کردی گئی ہے ۔ جو اسماء اللہ تعالیٰ احادیث سے اخذ کئے گئے ہیں ان احادیث کو بھی تحریر کردیا جائے گا تاکہ قاری کو اس کے مکمل کوائف معلوم ہو سکیں۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس خصوصی صفاتی نام کے وظائف بھی بیان کیے جائیں گے تاکہ عوام الناس اس سے فائدہ اٹھائیں، یہاں ان کتابوں اور علماء و اولیاء اللہ کے ناموں کا ذکر بھی کر دیا جائے گا جنہوں نے ان وظائف کا خود یا کسی کتاب میں اس کا ذکر کیا ہے تاکہ قاری کو مزید معلومات حاصل کرنے میں آسانی ہو۔

فہرست کتب کو دو طرح سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اول : وہ جو میرے پاس ہیں اور جن سے میں نے استفادہ کیا ہے، حوالہ جات دیئے ہیں (اور یہ کتب علماء اور طلباء کے لئے برائے مطالعہ موجود ہیں)۔ دوئم : وہ کتب جو میرے پاس نہیں ہیں مگر ان کی تفصیلات موجود ہیں۔ یہ اس لئے پیش کی جارہی ہیں کہ اگر کوئی صاحب اس پر مزید تحقیق کرنا چاہیں تو وہ ان کتب تک پہنچ سکیں (یہ فہرست اور انڈیکس جلد دوئم کے ساتھ دی جائیں گی)۔ علم ایک سمندر ہے، میں نے بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے کوشش کی ہے اور جو صاحب اس موضوع پر مزید کام کرنا چاہیں، میں دامے، درمے اور سخنے ان کے ساتھ تعاون کرنے کے لیے تیار ہوں۔

اس بات کا بھی اہتمام کیا گیا ہے کہ کتاب کا بیان مختصر رہے اور پڑھنے والے کو طوالت محسوس نہ ہو۔ جو صاحبان مزید تفصیل دیکھنا چاہتے ہیں ان کی سہولت کی خاطر ان کتب کا حوالہ دے دیا گیا ہے جہاں یہ موضوع تفصیل کے ساتھ موجود ہے۔

ہر ممکن بشری کوشش کی گئی ہے کہ جو بات بھی لکھی جائے وہ درست ہو اور اس کی سند بھی واضح کر دی جائے۔ تاہم اگر اس کتاب میں کوئی غلطی رہ گئی ہے تو میں خود اس کا مرتکب ہوں اور اس کے لئے میں علمائے کرام اور اہل علم سے گزارش کروں گا کہ وہ مجھ طالب علم کی رہنمائی فرمائیں اور ان کوتاہیوں کی نشاندہی کریں تاکہ آئندہ کی اشاعت میں اس کی اصلاح کر دی جائے۔ اس کتاب میں جو بھی اچھی بات ہے وہ اللہ العزیز الحکیم کی عنایت ہے اور جو بھی غلطی رہ گئی ہے وہ میری بشری کمزوری ہے، دانستہ نہیں ہوئی ہے۔ میں اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی بارگاہ میں بھی بخشش کا طلب گار ہوں اور



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

توجہ دلانے پر ہر دم اصلاح کے لیے تیار ہوں- اللہ ارحم الراحمین سے دعا ہے کہ وہ اس سعی کو قبول فرمائے اور مجھ پر، میرے والدین اور تمام مسلمان مردوں اور عورتوں پر رحم فرمائے - آمین

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے :

مَنْ لاَ یَشْکُرِ النَّاسَ لاَ یَشْکُرِ اللّٰہَ (۱)

ترجمہ :'جو انسان بندوں کا شکر ادا نہیں کرتا وہ اللہ کا بھی شکر ادا نہیں کرے گا-'

میں ان تمام صاحبان کا مشکور ہوں جنھوں نے میری اس کتاب کی تدوین اور چھپائی میں مدد کی- میں خاص طور پر جناب قاری احسان اللہ صاحب (مکتبہ الغزالی ، کوئٹہ) کا مشکور ہوں جنھوں نے اس کتاب کی تیاری کے سلسلے میں اندرون و بیرون ملک میرا ہم سفر بن کر کتب کے حصول میں میری مدد کی- اللہ رب العزت ان کو جزائے خیر دے اور ان کی مغفرت فرمائے- (آمین)

بحمد اللہ آج میرے پاس اسماء اللہ عزّوجلّ پر عربی، فارسی، انگریزی ، اردو، پشتو اور سندھی میں ۱۷۰ سے زائد کتب بشکل مخطوط ، مطبوعہ اور فوٹو اسٹیٹ کاپیاں ہیں- اس مضمون پر شاید ہی کسی اور جگہ اتنی تعداد میں کتب یکجا ہوں - ان میں بیشتر کتب اسماء الحسنٰی پر ہی لکھی گئی ہیں مگر ان میں وہ کتب بھی شامل ہیں جو لکھی تو کسی اور موضوع پر گئی ہیں مگر ان میں اسماء الحسنٰی پر بھی تفصیلی بحث کی گئی ہے مثلاً امام ابو عبداللہ الخطابیؒ کی کتاب ' شان الدعا ' ہے تو دعاؤں کی کتاب، مگر دو تہائی کتاب صرف اسماء اللہ عزّ و جلّ پر مشتمل ہے -اسی طرح امام طبرانیؒ کی ' کتاب الدعا ' میں اسماء اللہ تعالٰی پر ۱۶ احادیث مذکور ہیں- ان کتب کو جمع کرنے میں مجھے دو سال سے زائد عرصہ لگا-چونکہ میری یہ خواہش تھی کہ میں جو بھی لکھوں یا جس کتاب کا بھی حوالہ دوں وہ کتاب میرے پاس ہونی چاہیے اس لئے یہ تمام کتابیں جمع

(۱)ترمذی، کتاب البر والصلة ، باب ماجاء فی الشکر لمن احسن إلیك، حدیث نمبر ۱۹۵۴-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہو گئیں، بعض کتابیں مجھے دو سال کی جدو جہد کے بعد ملیں مثلاً امام ابن حجر عسقلانیؒ کی 'الأمالی' سے تخریج کردہ کتاب 'تخریج حدیث اسماء الحسنیٰ' کی فوٹو کاپی اور ابو عبداللہ الحسین بن الحسن الحلیمی کی 'کتاب المنهاج فی شعب الایمان' مطبوعہ ۱۹۷۹ جو تین جلدوں میں ہے، ۸ اگست ۲۰۰۰ء کو مدینہ منورہ میں ایک دوست عادل حمزہ باشری (سوڈان) کی مدد سے ملی - اسی طرح ۲ سال کی جدو جہد کے بعد ابو بکر محمد بن عبداللہ ابن العربیؒ کی کتاب 'الأمد الاقصیٰ فی شرح اسماء الحسنیٰ' کے مخطوط ۱۴۱۷ ہجری، جو خزانہ عالیہ، رباط، مراکش میں محفوظ ہے اس کی فوٹو کاپی اُم القریٰ یونیورسٹی، مکہ معظمة سے چودھری احمد خان صاحب کے توسط سے ۱۴ اگست ۲۰۰۰ء کو ملی - یوں الحمد للہ غالباً میری واحد ذاتی لائبریری ہی ایسی لائبریری ہے جس میں اس نایاب کتاب کی فوٹو کاپی موجود ہے- میں حیران ہوتا ہوں کہ کس طرح اللہ الغفور الرحیم نے کتب و اسماء کی تلاش میں میری رہنمائی فرمائی اور کس طرح لوگوں کے دلوں میں ڈالا کہ جس سے میں نے جو مدد چاہی وہ ملی- کس طرح مختلف اصحاب نے کتابوں کے حصول میں مدد کی یا کتب ہدیہ کردیں- ایسی کتابیں بھی ملیں کہ جن کو شروع میں اہم نہیں سمجھا گیا لیکن بعد میں وہی کتب، میری کتاب کے لئے نہایت مفید ثابت ہوئیں اور ان کے ذریعے اللہ رب العزت نے عقدے کھول دیے اور میری عربی نادانی پر پردہ رکھ دیا-

مجھے اقرار ہے کہ عربی میں مکمل دسترس نہ ہونے کی وجہ سے میں اس ذخیرۂ کتب (جو ایک بیش بہا خزانہ ہے) کا خاطر خواہ فائدہ نہ اٹھا سکا - کاش کوئی اہل علم اس سے مستفیض ہو سکے-

میں اس فضل و کرم کے لیے بھی اللہ غفور و رحیم کا شکر گزار ہوں - میں خود حیران ہوں کہ یہ سب کچھ کیسے ہو گیا - یہ محض اللہ رب العزت کا جود و کرم ہے



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ورنہ مجھ جیسے کم علم و نابلد کے لئے اسماء اللہ عزّ و جلّ کی تلاش اور ترتیب ناممکن تھی- مجھ جیسے گناہ گار و دنیادار سے اللہ بدیع السموات و الارض نے یہ کام لینا تھا سو لے لیا اور میں سربسجود ہوں اس کی بارگاہ میں کہ اس نے مجھے بھی اس کام کے لیے منتخب کیا-

اکثر لوگ مجھ سے رحمۃ للعالمین ریسرچ سینٹر کی بات پوچھتے ہیں- یہ میرا ایک خواب ہے جو انشاء اللہ ایک دن ضرور پورا ہوگا- فی الحال اس میں میرے علاوہ میری بیگم پشتون رشید اللہ، میرے ساتھی مصور زیدی اور محمد عبدالکریم ہیں مؤخرالذکر جزوقتی طور پر کام کرتے ہیں اور کمپئرنگ اور کمپیوٹر کمپوزنگ میں میری مدد کرتے ہیں- اللہ ان کو جزائے خیر دے- تحریر و تحقیق کا کام میرا اپنا ہے اور اس میں خامی اور کوتاہی کا میں خود ہی ذمہ دار ہوں-

کچھ صاحبان مجھ سے یہ بھی سوال کرتے ہیں کہ عربی اور فارسی پر دسترس نہ ہونے کے باوجود آپ ان کتب سے کس طرح استفادہ کرتے ہیں- میرا جواب یہ ہوتا ہے کہ یہ صرف اللہ رحمٰن، رحیم اور کریم کا رحم و کرم ہے کہ میں معمولی سی عربی اور فارسی کی شدبد کے ساتھ مطلوبہ جگہ پہنچ جاتا ہوں اور اس ضخیم ذخیرۂ کتب سے استفادہ کرلیتا ہوں- چونکہ احادیث پر اردو میں کافی کام ہوا ہے اس لئے میں ان کے تراجم سے بھی فائدہ حاصل کرتا ہوں- مواد کی تلاش اور حوالہ جات عربی کتب سے ہی دیتا ہوں- اردو تراجم میں ترتیب اکثر بدلی ہوئی ہے اس لئے تطبیق کے لئے صحیح مقام تک پہنچنا بہت مشکل ہوتا ہے لیکن اللہ العزیز الحکیم کی مدد سے پہنچ جاتا ہوں -البتہ جو کام عربی دان چند لمحوں میں کر لیتے ہیں اس میں مجھے کئی گھنٹے اور اکثر کئی دن لگ جاتے ہیں- اکثر کتب اور احادیث کچھ اس طرح ملی ہیں کہ میں خود حیران ہوتا ہوں - ایسا لگتا ہے کہ اللہ غفور و رحیم مجھ گناہ گار کو خود بخود وہاں پہنچادیتے ہیں -



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ڈھونڈ تا کچھ اور ہوں ، مل کچھ اور جاتا ہے جو کہ ایک بے بہا خزانہ ہوتا ہے - اور پھر میں ان آیات و احادیث کو اپنی کتاب میں موضوع کے اعتبار سے مناسب جگہ شامل کرلیتا ہوں- عربی کتب کے وہ حوالے جن کو کتاب میں لینا مقصود ہوتا ہے اول تو ان کے مطبوعہ اردو تراجم لے لیتا ہوں اور اگر وہ میسر نہ ہوں تو پھر کچھ عربی دان دوستوں کی مدد سے ان کے ترجمے کرالیتا ہوں اور پھر کسی مذہبی تعلیم یافتہ صاحب سے اس کی مزید تصحیح کرالیتا ہوں - تاہم جو بھی غلطی ہو اس کا میں ذمہ دار ہوں اور اس کے لئے اللّٰہ ، رحمان و رحیم، ارحم الراحمین کی بارگاہ میں معافی کا خواستگار ہوں اور اپنے قارئین کے سامنے بھی شرمندہ ہوں- صاحب علم حضرات سے استدعا ہے کہ وہ ان کی نشاندہی فرمادیں- ان کی آئندہ اشاعت میں اصلاح کردی جائے گی-

کچھ حضرات کا خیال ہے کہ اگر میری کتب کی طباعت کا معیار کم کردیا جائے تو زیادہ تعداد میں چھپ سکتی ہیں اور زیادہ افراد مستفیض ہو سکتے ہیں- میرا جواب یہ ہے کہ جن عظیم الشان ہستی کا یہ کلام (اسماء اللہ عزَّ وَ جلَّ اور درود شریف) ہے اس کو اسی شان سے طبع ہونا چاہیئے دیگر یہ کام صرف اور صرف رب السموات والارض کے فضل و کرم سے اور اس کی خوشنودی اور رضا کے لئے ہے اور قول رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے کہ :

اِنَّ اللّٰهَ جَمِيلٌ يُحِبُّ الْجَمَالَ . (۱)

ترجمہ : بیشک اللہ تعالیٰ حسین ہے اور حسن کو پسند فرماتا ہے-

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے :

(۱) صحیح مسلم، بشرح النووی، کتاب الإیمان ،باب بیان تحریم الکبر، حدیث نمبر ۲۵۹، صفحہ ۲۳۵-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تَتِمُّ الصّٰلِحٰتُ

ترجمہ : تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس کی نعمت کے واسطے سے تمام نیک کام پورے ہوتے ہیں۔

یہ کتاب بھی اللہ رب العزت کے کرم اور اس کی عطا کردہ توفیق سے پوری ہوئی ہے۔ اور مجھے یقین ہے کہ اللہ رب العالمین اپنے جاہ و جلال اور عزت و بزرگی کے واسطے سے اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ آلہ وسلم کے طفیل اس کو قبول فرمائے گا اور میری، میرے والدین اور تمام مسلمان مردوں اور عورتوں کے لئے بخشش کا ذریعہ بنائے گا۔

اور میرے لیئے اللہ رب العزت کافی ہے اور وہ ہی اچھا کارساز ہے۔ اللہ رب العالمین ، احکم الحاکمین ، غالب اور حکیم کے علاوہ کسی میں کوئی طاقت قطعی نہیں ہے اور نہ ہی کوئی قوت ہے۔ جو کچھ اللہ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ چاہتا ہے وہ ہی ہوتا ہے اس لئے کہ کُنْ فَیَکُوْنُ کی طاقت صرف اور صرف اسی کی ہے ، وہ ہی عطا کرتا ہے ، وہ ہی واپس لیتا ہے ، وہ ہی پیدا کرتا ہے ، وہ ہی موت دیتا ہے ، وہ ہی جسے چاہے عزت دے ، جسے چاہے ذلیل کرے۔ ساری کائنات اس کے سامنے سربسجود ہے اور تمام آسمان اور زمین اور اس میں موجود تمام مخلوق ہر وقت اس کی حمد و ثنا بیان کرتی رہتی ہے ۔ وہ ہی 'الحفیظ' ہے اور وہ ہی 'المھیمن' ہے ۔ میں اسی پر بھروسہ کرتا ہوں اور اسی کی حفاظت ، پناہ اور نگہبانی میں اپنے آپ کو دیتا ہوں۔ اسی سے امداد کا طلب گار ہوں اور اپنے تمام دنیاوی اور اخروی کام اللہ غفور و رحیم کے سپرد کرتا ہوں چونکہ جب کوئی چیز اس کی امان اور حفاظت میں دی جاتی ہے تو وہ اس کی حفاظت فرماتا ہے اس لئے کہ وہ ہی سب سے بہتر حفاظت کرنے والا ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ - أَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ وَأَزْوَاجِهٖ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ ذُرِّيَّتِهٖ وَ أَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ - حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ، نِعْمَ الْمَوْلٰى وَ نِعْمَ النَّصِيْرُ.

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الْكَبِيْرِ الْمُتَعَالِ - وَالشُّكْرُ وَالثَّنَاءُ عَلٰى كُلِّ حَالٍ

رشید اللہ یعقوب



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ه

(وہ) معبود (برحق) ہے (کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اس کے (سب) نام اچھے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# باب اول

## قرآن مجید میں اسماء اللہ عزّ وجلّ کا ذکر

سورہ اعراف آیت ۱۸۰ میں اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ فرماتے ہیں :

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۖ وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ۭ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○

ترجمہ : اور اللہ کے سب نام اچھے ہی اچھے ہیں تو اس کو اُس کے ناموں سے پکارا کرو اور جو لوگ اُس کے ناموں میں کجی (اختیار) کرتے ہیں اُن کو چھوڑ دو وہ جو کچھ کر رہے ہیں عنقریب اُس کی سزا پائیں گے۔

اس آیت کے شان نزول کے بارے میں مروی ہے کہ جب مشرکین نے مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ کے مختلف اسماء سے اس کو پکارتے ہوئے سنا۔ کبھی اللہ ، کبھی رحمٰن اور کبھی قادر - تو آپس میں چہ میگوئیاں کرنے لگے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہمیں تو بتوں سے اور تعدد الہٰ سے روکتے ہیں اور ان کے اصحاب کتنے خداؤں کو پکارتے ہیں - اس کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی کہ ' اللہ کے بہت اچھے نام ہیں اُن سے اُس کو پکارو (یعنی یہ تمام اسماء ایک ہی معبود کے لئے ہیں اسماء کے تعدد سے الہٰ کا تعدد لازم نہیں آتا) -(۱)

(۱) احکام القرآن ، ابو بکر محمد بن عبداللہ المعروف ابن العربی (۴۶۸-۵۴۳ہجری)تفسیر سورۃ الاعراف آیت ۱۸۰، جلد ۲، صفحہ ۳۳۷-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سورہ اسراء (بنی اسرائیل) آیت ۱۱۰ میں اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ فرماتے ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ط اَیًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ج

ترجمہ: کہہ دو کہ تم (اللہ کو) اللہ (کے نام سے) پکارو یا رحمٰن (کے نام سے) جس نام سے پکارو اس کے سب نام اچھے ہیں۔

سورہ طٰهٰ آیت ۸ میں اللہ رب العالمین فرماتے ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ہ

ترجمہ: (وہ) معبود (برحق) ہے (کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اس کے (سب) نام اچھے ہیں۔

سورہ حشر آیت ۲۲، ۲۳ و ۲۴ میں اللہ سبحانہ و تعالیٰ کا ارشاد ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ ج هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ (۲۲)☆ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ (۲۳)☆ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ط یُسَبِّحُ لَهُ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ (۲۴)☆

ترجمہ: وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا۔ وہ بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ (۲۲)



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں- بادشاہ (حقیقی) پاک ذات (ہر عیب سے)، سلامتی دینے والا، امن دینے والا، نگہبان، غالب، زبردست، بڑائی والا- اللہ ان لوگوں کے شریک مقرر کرنے سے پاک ہے-(۲۳)

وہی اللہ (تمام مخلوقات کا) خالق، ایجاد واختراع کرنے والا، صورتیں بنانے والا، اس کے سب اچھے سے اچھے نام ہیں جتنی چیزیں آسمانوں اور زمین میں ہیں سب اس کی تسبیح کرتی ہیں اور وہ غالب حکمت والا ہے-(۲۴)

القرآن البرھان کی ان چار آیات میں اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اللہ کے علاوہ (جس نام کا قرآن کریم میں تکرار کے ساتھ ۲۶۹۹ مرتبہ ذکر آیا ہے) اور بھی اللہ تعالیٰ کے بہت سارے نام ہیں اور یہ کہ اُس کو اُن ناموں سے بھی پکارا جاسکتا ہے اور وہ تمام نام نہایت خوبصورت ہیں- ان میں سے بیشتر نام اللہ رب العالمین نے قرآن کریم میں مختلف جگہ پر سورت و آیات کے موقع محل سے ذکر کیے ہیں جن کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے ان ناموں کی خصوصیت اور اہمیت واضح ہوتی ہے مثلاً:

سورہ حدید آیات ۱ تا ۳ میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (۱) لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ج وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (۲) هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ج وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ (۳)



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ : جو مخلوق آسمانوں اور زمین میں ہے اللہ کی تسبیح کرتی ہے اور وہ غالب (اور) حکمت والا ہے (۱) آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اُسی کی ہے (وہی) زندہ کرتا اور مارتا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے (۲) وہ (سب سے) پہلا اور (سب سے) پچھلا اور (اپنی قدرتوں سے سب پر) ظاہر اور (اپنی ذات سے) پوشیدہ ہے اور وہ تمام چیزوں کو جانتا ہے (۳)

ان آیات میں اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی جس طرح تعریف کی گئی ہے صرف وہ ہی اس کا مستحق ہے دوسرا کوئی بھی یہ صفات نہیں رکھتا، نہ ان کا کوئی دعویٰ کرسکتا ہے اس لئے کہ کائنات پر بادشاہی صرف اور صرف اللہ غالب وبرتر کی ہے- صرف وہ ہی حیات و موت کا اختیار رکھتا ہے وہ ہی اول تھا اور وہ ہی آخر ہوگا اور وہ ہی ظاہر اور پوشیدہ کا احوال جانتا ہے دوسرا کوئی نہیں، اس لئے کائنات کی تمام مخلوق صرف اور صرف اسی کی حمد و ثناء بیان کرتی ہے-

سورہ مؤمن آیت ۱ تا ۳ میں اللہ رب العزت فرماتے ہیں :

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ (۱) تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ (۲) غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ لا ذِي الطَّوْلِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ (۳)

ترجمہ : حٰم (۱) اس کتاب کا اتارا جانا اللہ غالب و جاننے والے کی طرف سے ہے (۲) جو گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا ہے اور سخت عذاب



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دینے والا اور صاحب کرم ہے - اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی کی طرف سب کو پلٹ کر جانا ہے (۳)

اس آیت میں بھی اللہ رب العالمین نے فرمایا ہے کہ گناہ کو بخشنے اور توبہ کو قبول کرنے کا اختیار صرف اللہ تعالیٰ کو ہے - چاہے سخت عذاب دے یا پھر کرم کرے اور توبہ قبول فرما کر گناہ کو بخش دے، اسی لئے سورہ بقرہ کی آیت ۲۸۴ میں ارشاد باری تعالیٰ ہے :

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ط وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ط فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

ترجمہ : جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے - تم اپنے دلوں کی بات کو ظاہر کرو گے یا چھپاؤ گے تو اللہ تم سے اس کا حساب لے گا - پھر وہ جس کی چاہے مغفرت کرے اور جسے چاہے عذاب دے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے -

اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے نام چار اقسام میں تقسیم کیے جاسکتے ہیں (جن کی تفصیل جلد دوئم میں ذکر کی جائے گی)

اول اسم ذات :

اَللّٰهُ ☆ رَبُّ

دوئم : اسم صفات جمالی



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلرَّحْمٰنُ ☆ اَلرَّحِیْمُ ☆ اَلرَّزَّاقُ ☆ اَلْخَالِقُ ☆ اَلسَّلَامُ ☆ اَلْبَارِئُ ☆ اَلْمُؤمِنُ ☆ اَلْمُهَیْمِنُ ☆ اَلْغَفَّارُ ☆ اَلْوَهَّابُ ☆ اَلْفَتَّاحُ ☆ اَللَّطِیْفُ ☆ اَلْحَلِیْمُ ☆ وغیرہ

سوئم : اسم صفات جلالی

اَلْجَبَّارُ ☆ اَلْمُتَکَبِّرُ ☆ اَلْمُصَوِّرُ ☆ اَلْقَابِضُ ☆ اَلْخَافِضُ ☆ اَلْقَهَّارُ ☆ اَلْمُنْتَقِمُ ☆ اَلْمُعِزُّ ☆ اَلْعَدْلُ وغیرہ

چہارم : مشترک :

اَلْمَلِكُ ☆ اَلْقُدُّوْسُ ☆ اَلْعَزِیْزُ ☆ اَلْعَلِیْمُ ☆ اَلْبَاسِطُ ☆ اَلرَّافِعُ ☆ اَلْبَصِیْرُ ☆ اَلسَّمِیْعُ ☆ اَلْحَکِیْمُ وغیرہ(۱)

رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسماء اللہ تعالیٰ کی خصوصیات اور برکات کی اہمیت کو اپنے ارشادات میں اکثر اجاگر کیا ہے۔ اس موضوع پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی احادیث، مصنف عبدالرزاق، مسند الحمیدی، مسنداحمد، بخاری، مسلم، ابن ماجہ، ترمذی، مستدرك حاکم، مسندالفردوس دیلمی و دیگر کتب احادیث میں تواتر کے ساتھ درج ہیں۔

ترمذی، ابن حبان، کتاب الدعا طبرانی، کتاب التوحید ابن خزیمہ، مستدرك حاکم اور شعب الایمان بیھقی میں حدیث کے ساتھ اسماء الحسنٰی کا بھی ذکر کیا ہے۔ اب تک کے مطبوعہ مواد اور ہماری ممکنہ

(۱) تفصیل کے لئے دیکھئے 'اسمائے حسنٰی کی برکات' شیخ الحدیث حضرت مولانا انظر شاہ کاشمیری صاحب، ادارۂ اسلامیات، لاہور، ۱۹۹۳ء۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معلومات کے مطابق اسماء اللہ عزّ وجلّ پر پہلی کاوش ابو اسحاق ابراھیم بن السیری الزجاج (۲۴۱-۳۱۱ ھجری) نے کی تھی انہوں نے اسماء اللہ الحسنٰی کی (بہ ترتیب حدیث ترمذی) ذکر کرکے ان کی تشریح عربی محاورات سے مزین کرکے صفات و برکات پر بحث کی تھی (۱) ان کے بعد ابو القاسم عبدالرحمن بن اسحاق الزجاجی (متوفی ۳۴۰ ہجری) (۲) نے اسماء الحسنٰی پر (بہ ترتیب ابو زید بغویؒ اور سفیان بن عیینہؒ) ایک مکمل کتاب لکھی - حافظ ابو سلیمان احمد بن محمد الخطابی (۳۱۹- ۳۸۸ ھجری) نے اپنی کتاب 'شان الدعا' میں بھی اسماء اللہ عزّ وجلّ پر تفصیلی بحث کی تھی-

اس کے بعد ایک اور بڑا کارآمد کام ابونعیم اصبھانیؒ (۳۳۶- ۴۳۰ھ)(۳) نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ۹۲ احادیث کو یکجا جمع کرنے کا کیا تھا، اس مجموعہ میں بعض ایسی احادیث بھی شامل ہیں جن پر محققین کو کلام ہے - تاہم اس کتاب کی بڑی خصوصیت اور اہمیت یہ ہے کہ اس میں اس موضوع پر تقریباً تمام احادیث جمع کردی گئیں جو بعد میں امت کے لئے ذخیرہ ثابت ہوئیں- امام احمد بن علی بن حجر العسقلانیؒ (متوفی ۷۷۳ - ۸۵۲ ہجری) نے بھی رسول اللہ صلی

(۱) تفسیر اسماء الحسنیٰ -املاء، ابو اسحاق ابراھیم بن السیری الزجاج، تحقیق احمد یوسف الدقاق، دمشق، ۱۹۷۵-

(۲) اشتقاق اسماء اللّٰہ - مؤسسة الرسالة، بیروت، طبع دوئم - ۱۴۰۱ ھجری-

(۳) جز فی طرق حدیث 'ان للّٰہ تسعة وتسعین اسماء'، مکتبہ الغرباء الأثریہ، مدینۃ المنورہ، طبع اول ۱۴۱۳ ھجری-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی احادیث پر' أمالي ' میں بحث کی ہے اس کے کچھ حصے اب علیحدہ سے طبع ہو چکے ہیں(۱)

امام ابن العربی نے اپنی تفسیر احکام القرآن (۲) اور ابن حجر نے فتح الباری (۳) میں بھی اسماء الحسنٰی پر بہت دقیق بحث کی ہے اور اسماء الحسنٰی کی القرآن البلاغ سے تخریج کی ہے - امام ابن العربی نے اسماء اللہ عزّ وجلّ پر علیحدہ سے ایک کتاب ' الأمد الاقصٰی فی شرح اسماء اللہ الحسنیٰ'' (۴) تحریر کی تھی اور کل ۱۷۶ اسماء کی تخریج کی تھی-

ان حضرات کی (جنھوں نے اسماء الحسنٰی پر تحقیق کی) رائے یہ ہے کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسماء اللہ تعالیٰ کے نام شمار نہیں کروائے اور یہ تعداد آئمہ کرام نے ترتیب دی ہے - اسی لئے ہم دیکھتے ہیں کہ بڑے بڑے محدثین اور آئمہ کرام نے جو فہرست ترتیب دی ہے اس میں ترتیب اور اسماء دونوں میں اختلاف ہے- اس پر ہم آگے چل کر مزید بحث کریں گے -

---

(۱) اسماء اللہ الحسنیٰ ، المکتب الاسلامی،بیروت،طبع اول، ۱۴۱۸ ھجری اور تخریج حدیث اسماء الحسنی ، مکتبہ الغرباء الأثریہ ، مدینۃ المنورہ، طبع اول ، ۱۴۱۳ ہجری-

(۲) تفصیل کے لئے دیکھئے 'احکام القرآن، جلد ۲ صفحہ ۷۳۳، مطبوعہ ، دارالفکر، بیروت-

(۳) فتح الباری ، دارالفکر ، بیروت، مطبوعہ ۱۴۱۶ ھجری، جلد ۱۲، صفحہ ۵۱۴ تا ۵۳۰-

(۴) مخطوط ، تحریر ۵۴۱ ہجری، محفوظ در خزانہ عالیہ، رباط، مراکش- ہمارے پاس الحمد للہ اس کی فوٹو کاپی ہے-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لا إله إلا هو ربي ورب العالمين

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




(القدّوس السلام)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# باب دوئم

## اسماء اللہ عزّ و جلّ پر احادیث نبوی

پہلے ہم ان احادیث کا ذکر کریں گے جن میں صرف ارشادات نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منقول ہیں اور اسماء اللہ تعالیٰ عزّ و جلّ درج نہیں ہیں، آخر میں ان احادیث کے راویوں کی حیثیت بھی واضح کر دی گئی ہے۔ یہ اس لئے ضروری سمجھا گیا کہ یہ اتنی اہم حدیث ہے جو یہ نوید دیتی ہے کہ جو بھی ان ناموں کو یاد کرے گا وہ جنت میں داخل ہو گا۔ اس لئے ہر صاحب عقل و علم یہ جاننا چاہے گا کہ جو صاحب یہ خبر دے رہے ہیں ان کا روایت حدیث میں کیا مقام ہے اور کس حد تک ان پر اعتبار کیا جاسکتا ہے یہاں بھی احادیث کو تاریخ تدوین کے حساب سے لکھا گیا ہے تاکہ تسلسل کو ثابت کیا جاسکے۔

۱۔ صحیفہ ھمام بن منبہؒ (متوفی ۷ ۵ ھجری) میں حدیث نمبر ۳۳ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بلاواسطہ ان الفاظ میں مروی ہے:

'لِلّٰهِ تِسْعَةٌ وَّ تِسْعُوْنَ اِسْمًا مِائَةٌ اِلاَّ وَاحِدَةٌ مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ اِنَّهُ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ'

ترجمہ: اللہ کے ننانوے نام ہیں: ایک کم سو، جو شخص ان کو یاد رکھے گا وہ جنت میں داخل ہو گا۔ اللہ طاق ہے، طاق (عدد عبادت) کو پسند کرتا ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲- مصنف، ابی بکر عبدالرزاق بن همام (۱۲۶-۲۱۱ ہجری)

حدیث نمبر ۱۹۶۵۶ راوی: عبدالرزاق، معمر، ایوب، ابن سیرین، ابی ہریرۃ، (ہمام بن منبہ، ابی ہریرۃ) عَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: 'لِلّٰهِ تِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ إِسْماً، مِائَةٌ إِلاَّ وَاحِدٌ، مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ،

۳- المسند الحمیدی، امام الکبیر ابی بکر عبداللّٰہ بن الزبیر (متوفی ۲۱۹ ہجری)

حدیث نمبر ۱۱۳۰ روایت سفیان، ابی الزناد، الاعرج، ابی ہریرۃؓ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ 'اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِیْنَ إِسْمًا مِائَةً غَیْرَ وَاحِدٍ مَنْ حَفِظَهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ وَهُوَ وِتْرٌ یُحِبُّ الْوِتْرَ'

۴- مسند احمد بن محمد بن حنبلؒ (۱۶۴-۲۴۱ ہجری)

مسند احمد میں یہ حدیث ۸ جگہ درج ہے - اور یہ تمام احادیث بھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے درج ذیل حضرات نے روایت کی ہیں:

مسند ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حدیث ۷۴۹۳

راوی: یزید، محمد، ابی الزناد، الاعرج، ابی ہریرۃؓ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: 'اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِیْنَ إِسْمًا مِائَةً غَیْرَ وَاحِدٍ، مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ، إِنَّهُ وِتْرٌ یُحِبُّ الْوِتْرَ'

حدیث نمبر ۷۶۱۲

راوی: عبدالرزاق، معمر، ایوب، ابن سیرین، ابی ہریرۃؓ،



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

همام بن منبہؒ ، ابی ھریرۃؓ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: 'اِنَّ لِلّٰہِ تِسْعَةً وَّ تِسْعِیْنَ اِسْمًا ،مِائَةً اِلاَّ وَاحِداً، مَنْ اَحْصَاھَا دَخَلَ الْجَنَّةَ'

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث ۸۱۳۱ همام بن منبہؒ کے حوالے سے بھی درج ہے مگر ہم نے اس کو الگ سے خود صحیفہ همام بن منبہ سے نقل کیا ہے اس لئے یہاں نہیں لکھی۔

حدیث نمبر ۹۴۸۱

راوی :اسماعیل ،هشام و یزید یعني ابن هارون،هشام ، ابن سیرین،ابی هریرہؓ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ تِسْعَةٌ وَّ تِسْعُوْنَ اِسْمًا مِائَةٌ'' اِلاَّ وَاحِداً مَنْ اَحْصَاھَا کُلَّھَا دَخَلَ الْجَنَّةَ'

حدیث نمبر ۱۰۴۲۹

راوی :علی بن عاصم،خالد،هشام، محمد بن سیرین ،ابی هریرۃ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : 'اِنَّ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ تِسْعَةً وَّ تِسْعِیْنَ اِسْمًا مَنْ اَحْصَاھَا کُلَّھَا دَخَلَ الْجَنَّةَ'

حدیث نمبر ۱۰۴۸۰

راوی :یزید، محمد، ابی سلمه، ابی هریرۃؓ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: 'اِنَّ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ تِسْعَةً وَّتِسْعِیْنَ اِسْمًا مِائَةً غَیْرَ وَاحِدٍ مَنْ اَحْصَاھَا کُلَّھَا دَخَلَ الْجَنَّةَ'

حدیث نمبر ۱۰۶۳۳ اور ۱۰۶۳۴



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

راوی :روح، ابن عون ، محمد، عن ابی ھریرۃؓ :
ان دونوں حدیثوں میں ۱۰۴۸۰ کے مقابلے میں صرف لفظ 'کُلُّهَا' نہیں ہے۔

۵- صحیح بخاری ، ابی عبداللّٰہ محمد بن اسماعیل بن ابراھیم بن بردزبہ البخاری (المتوفی ۲۵۶ ہجری) میں یہ حدیث ۳ جگہ آئی ہے کتاب الشروط، باب ما یجوز من الاشتراط ، حدیث نمبر ۲۷۳۶ اور کتاب التوحید ، باب' اِنَّ لِلّٰهِ مِائَةَ اِسْمٍ اِلاَّ وَاحِدَةً' حدیث نمبر ۷۳۹۲ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے : ابوالیمان، شعیب،ابوالزناد، الاعرج،ابی ھریرۃؓ نے ، حدیث کے الفاظ یہ ہیں :

' اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اِسْمًا مِائَةً اِلاَّ وَاحِدًا مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ ' (۱)

کتاب الدعوات، باب للّٰہ مائۃ اسم غیر واحدۃ، حدیث نمبر ۶۴۱۰ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے،علی بن عبد اللّٰہ : حدثنا سفیان قال: حفظناہ من ابی الزناد، عن الاعرج، عن ابی ھریرۃ - حدیث کے الفاظ یہ ہیں :

' لِلّٰهِ تِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ اِسْمًا مِائَةٌ اِلاَّ وَاحِدًا مَنْ حَفِظَهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ وَهُوَ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ '

---

(۱) بخاری ،کتاب التوحید ، باب ان للّٰہ مائۃ اسم الا واحدۃ حدیث ۷۳۹۲ میں ' اللہ' کے بجائے ' للّٰہ ' لکھا ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٦- صحیح مسلم، امام مسلمؒ بن الحجاج القشیری النیشاپوری (۲۶۱ ہجری)

مسلم میں یہ حدیث دو جگہ درج ہے : کتاب الدعوات ، باب فی اسماء اللہ تعالیٰ ، وفضل من احصاھا، حدیث نمبر ٦٦٨٣ پر

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کی ہے : عمرو الناقد وزھیر بن حرب و ابن أبی عمر ، سفیان، ابی الزناد، الاعرج، ابی ھریرۃ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ : ' لِلّٰہِ تِسْعَۃٌ وَّتِسْعِیْنَ اِسْمًا مَنْ حَفِظَھَا دَخَلَ الْجَنَّۃَ. وَ اِنَّ اللّٰہَ وِتْرٌ، یُحِبُّ الْوِتْرَ ' وفی روایۃ ابن ابی عمر ' من احصاھا '

( ابن ابی عمر رحمۃ اللہ کی روایت میں' من حفظھا ' کی جگہ ' من احصاھا ' ہے)

اگلی حدیث ٦٦٨٤ بھی ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے محمد بن رافع ،عبدالرزاق،معمر، ایوب ،ابن سیرین ، ھمام بن منبہؒ ،ابی ھریرۃؓ ، عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: ' إِنَّ لِلّٰہِ تِسْعَۃً وَّتِسْعِینَ اِسْمًا،مِائَۃً إِلاَّ وَاحِداً،مَنْ أَحْصَاھَا دَخَلَ الْجَنَّۃَ '

٧- صحیح ترمذی، (لِابی عیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورۃ (۲۰۹-۲۷۹ھ)

ترمذی میں یہ حدیث دو جگہ درج ہے اور دونوں روایتیں حضرت



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہیں :

كتاب الدعوات ، باب ماجاء في عقد التسبيح باليد، حدیث نمبر ۳۵۰۶ پہلی روایت يوسف بن حماد البصرى ،عبدالاعلى، سعيد ،قتادہ، ابی رافع ، ابی هريرةؓ سے اور دوسری روایت عبدالاعلى،هشام بن حسان ،محمد، ابي هريرةؓ عن النبي صلى الله عليه وسلم

'إِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّ تِسْعِينَ إِسْماً مِائَةً غَيْرَ وَاحِدٍ مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ'

اسی کتاب اور باب میں حدیث نمبر ۳۵۰۸ بھی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مندرجہ ذیل حضرات نے روایت کی ہے :

اول روایت : سفيان بن عيينة ، ابی الزناد ، الاعرج ،

دوئم روایت : ابواليمان ،شعیب، ابن ابی حمزه، ابی الزناد ، مگر ان دونوں احادیث میں الفاظ 'مِائَةً غَيْرَ وَاحِدٍ' (یعنی 'ایک کم سو') نہیں ہے۔

۸- سنن ابن ماجه، ابی عبدالله محمد بن يزيد القزويني ، (۲۰۷ - ۲۷۵ھ)

كتاب الدعا ، باب اسماء اللہ عزّ وجلّ میں حدیث نمبر ۳۸۶۰ پر حدیث کے راوی ہیں ابوبكر بن ابی شيبة ،عبدة بن سليمان،محمد بن عمرو ، ابو سلمه ،ابو هريرة قال :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :' إِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِينَ اِسْماً مِائَةً إِلَّاوَاحِداًمَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ'.

۹- امام عثمان بن سعید الدارمی (المتوفی ۲۸۰ ہجری) نے 'نقض



محكم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عثمان بن سعید علی المریسیي الجهمیي العنید فیما افتری علی الله في التوحید ' میں حدیث نمبر ۱۶ اور ۱۷ درج کی ہے :

حدثنا علي بن المدینی ، حدثنا سفیان بن عیینة ، عن أبي الزناد ، عن الأعرج ، عن أبي هریرة رضی اللّٰه تعالیٰ عنه ، عن النبي صلی اللّٰه علیه و آله وسلم قال : ' لِلّٰهِ تِسْعَةٌ وَّ تِسْعُوْنَ اِسْماً ، مائةٌ إلاَّ وَاحِداً ، لاَیَحْفَظُهَا أحَدٌ إلاَّ دَخَلَ الْجَنَّةَ ، وَهُوَ وِتْرٌ یُحِبُّ الْوِتْرَ '.

حدثنا هشام بن عمار الدمشقي ، حدثنا الولید بن مسلم ،حدثنا خلید بن دعلج ، عن قتادة ، عن محمد بن سیرین ، عن أبي هریرة ، عن رسول اللّٰه صلی الله علیه وسلم قال : ' لِلّٰهِ تِسْعَةٌ وَ تِسْعُوْنَ إسْماً ، مَنْ أحْصَاهَا كُلَّهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ '

۱۰- امام احمد بن شعیب النسائی ( ۲۱۵ - ۳۰۳ ھجری ) ' کتاب النعوت الاسماء والصفات ' میں ( صفحہ ۲۰۵ ) بروایت ابوالقاسم حمزہ، الربیع، عبداللّٰه ، مالك ابی الزناد ،الأعرج، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث درج کی ہے :

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللّٰه علیه وآله وسلم : ' لِلّٰهِ تِسْعَةٌ وَّ تِسْعُوْنَ إسْماً مِائةٌ إلاَّ وَاحِداً مَنْ أحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ إنَّهُ وِتْرٌ یُحِبُّ الْوِتْرَ '

۱۱- امام ابن جریر الطبری ( ۳۱۰ ھجری ) نے اپنی تفسیر ' جامع البیان ' میں حدیث نمبر ۱۱۹۸۸ ذکر کی ہے :



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حدثني يعقوب ، قال ثنا ابن علية ، عن هشام بن حسان ، عن ابن سیرین، عن ابی ھریرۃ عن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال : إِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّ تِسْعِيْنَ إِسْمًا مِائَةً إِلاَّ وَاحِداً ، مَنْ اَحْصَاهَا كُلَّهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ '

۱۲- امام ابی القاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (۲٦۰ - ۳٦۰ ہجری) نے ' کتاب الدعا' میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مختلف راویوں سے ۱٦ احادیث روایت کی ہیں - اس میں سے گیارہ(۱۱) محمد بن سیرین کے حوالے سے ،چار (۴) الاعرج کے حوالے سے اور ایک (۱) سعید بن المسیب کے حوالے سے درج ہے ان تمام احادیث میں الفاظ وہی ہیں جو اوپر درج ہیں-

۱۳- ابی عبداللّٰہ محمد بن اسحق بن محمد بن یحییٰ ابن مندہ، (۳۱۰- ۳۹۵ھ) نے کتاب التوحید، جلد دوئم، صفحہ ۱۴سے ۱۷ میں اس موضوع پر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ۸ احادیث روایت کی ہیں- ان میں چار الاعرج سے اور تین محمد بن سیرین سے اور ایک ھمام بن منبہ سے روایت ہے-

احادیث بروایت الاعرج :قال رسول اللّٰه صلى الله عليه وآله وسلم :

لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ تِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ إِسْمًا مِائَةٌ إِلاَّ وَاحِداً مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ.



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

إنَّ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ تِسْعَةً وَّ تِسْعِينَ إِسْمًا مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّة.

إنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰى تَسْعَةً وَ تِسعِيْنَ إِسْمًا مِائَةً غَيْرَ وَاحِدٍ إِنَّهُ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّة.

إنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَ تِسْعِيْنَ إِسْمًا مِائَةً غَيْرَ وَاحِدٍ مِنْ حَفِظَهَا وَمَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّة.

احادیث بروایت محمد بن سیرین: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم:

إنَّ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ تِسْعَةً وَّ تِسْعِيْنَ إِسْمًا مِائَةً غَيْرَ وَاحِدٍ مَنْ اَحْصَاهَا كُلَّهَا دَخَلَ الْجَنَّة.

لِلّٰهِ تِسْعَةٌ وَّ تِسْعُوْنَ إِسْمًا مِائَةٌ غَيْرُ وَاحِدٍ مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّة.

لِلّٰهِ تِسْعَةٌ وَّ تِسْعُوْنَ إِسْمًا مِائَةٌ إِلاَّ وَاحِداً مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّة.

حدیث بروایت ھمام بن منبہ عن أبِیْ ھریرہؓ: قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم:

إنَّ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ تِسْعَةً وَّ تِسْعِيْنَ إِسْمًا مِائَةٌ إِلاَّ وَاحِداً مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ إِنَّهُ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْر.

۱۴- ہماری معلومات کے مطابق پہلی کتاب جو صرف حدیث ' ان للّٰہ تسعة و تسعین اسما ' سے متعلق مندرجہ بالا و دیگر تمام احادیث کو یکجا جمع کرتی ہے وہ احمد بن عبداللّٰہ بن احمد بن اسحق بن مھران ،المعروف با ابی نعیم الاصبھانی (۳۳۶ - ۴۳۰ ھجری) نے ترتیب دی۔ اس میں



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کل ۹۲ احادیث جمع کی ہیں اس میں :-

۸۴ احادیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے-

دو حضرت سلمان فارسی رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ سے-

ایک ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے-

ایک حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے-

ایک حضرت جعفر صادق رحمۃ اللّٰہ علیہ سے اور

ایک حضرت زید بن علی رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے-

اس مجموعہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جو ۸۴ احادیث مروی ہیں-(۱) ان میں :

الاعرج عبدالرحمٰن بن ہرمز، (ثقہ،ثبت) سے ۲۰ (بیس) احادیث-

عطاء بن یسار (ثقہ، فاضل، صاحب وعظ وعبادۃ) سے ۲ (دو) احادیث-

سعید بن ابی سعید المقبری (ثقہ - تغیر قبل موتہ بأربع سنین) سے ایک حدیث-

---

(۱) اس کتاب میں ان تمام احادیث پر بہت تفصیل سے بحث کی گئی ہے اور محقق حضرات کتاب ' جزء فی طرق حدیث 'ان للہ تسعة و تسعین 'تالیف ابی نعیم الاصبہانی تحقیق مشہور بن حسن بن سلمان ، ناشر مکتبہ الغرباء الأثریہ، المدینہ النبویہ' طبع اول، مطبوعہ ۱۴۱۳ ہجری میں اس کو دیکھ سکتے ہیں-راوی حضرات کی ثقاہت بھی اسی کتاب سے ماخوذ ہے، دیکھئے صفحہ ۱۲ اور ۱۳-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محمد بن سیرین ( ثقہ، ثبت ) سے ۴۱ (اکتالیس) احادیث
الحسن البصری (ثقہ، فقیہ ، فاضل ، مشہور ) سے ۱ ( ایک)
حدیث۔
سعید بن المسیّب( أحد العلماء الاثبات الفقهاء الکبار)سے
۴(چار) احادیث۔
ابو سلمہ (عبدالرحمن بن عوف الزہری( ثقہ مکثر ) سے ۱۵
( پندرہ)احادیث -
أبو رافع نفیع الصائغ المدنی(ثقہ ،ثبت) سے ۱ ( ایک) حدیث۔
محمد بن جبیر بن مُطعم ( ثقہ - عارف بالنسب)سے ۱( ایک)
حدیث -
عراك(بن مالك الغفاری (ثقہ، فاضل ) سے ۵ (پانچ) احادیث۔
ہمام بن منبّہ ( ثقہ ) سے ۳( تین) احادیث۔
ایوب السختیانی( ثقہ ، ثبت ، حجۃ، - من کبار الفقهاء العباد)
سے ۲ (دو) احادیث - اور
عبداللہ بن شقیق ( ثقہ - فیہ نصب) سے ۱ (ایک) حدیث -
ان میں سے بعض روایات پر علماء نے کلام کیا ہے اس لئے کہ
بعض احادیث کے راویوں میں موسیٰ بن عبدالرحمٰن ، محمد بن عبداللہ،
الفضل بن مختار ، الصلت بن دینار ، نضر بن منصور ، یوسف بن
عتبتہ الباھلی جیسے متروک اور منکر الحدیث راوی شامل ہیں۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۵- مسند الفردوس تالیف : ابی شجاع شیرویه بن شهردار بن شیرویه الدیلمی (۴۴۵-۵۰۹ ھجری)(۱) میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت سے یہ حدیث مروی ہے :

اِنَّ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ تِسْعَةً وَّ تِسْعِيْنَ إِسْماً - مِائَةً غَيْرَ وَاحِدٍ - مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ وَهِيَ مِنَ الْقُرْآن

مندرجہ بالا بحث سے یہ بات پایہ تکمیل کو پہنچتی ہے کہ ثقہ راویوں کے ذریعہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث :( لِلّٰهِ تِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ اِسْماً مِائَةٌ إلاَّ وَاحِدَةً مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ ) صحیفہ ھمام بن منبہ ( ۵۷ ہجری) سے شروع ہوکر ، عبدالرزاق (۲۱۱ ہجری)، مسند الحمیدی ( ۲۱۹ ھجری)، مسند احمد (۲۴۱ ہجری)،بخاری (۲۵۶ ہجری)، مسلم (۲۶۱ ہجری)، ابن ماجہ (۲۷۵ ہجری)،ترمذی (۲۷۹ ہجری)،دارمی ( ۲۸۰ ہجری) ، نسائی (۳۰۳ ہجری) ، ابن جریر طبری (۳۱۰ ہجری) ، طبرانی (۳۶۰ ھجری)، ابن مندہ (۳۹۵ ہجری)،ابو نعیم اصفهانی (۴۳۰ ہجری) اور دیلمی (۵۰۹ ہجری) و دیگر حضرات تک تواتر سے درج ہے- یعنی اس حدیث کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے متواتر ذکر کیا گیا ہے- ابن عطیہؒ نے اپنی تفسیر (۱) میں لکھا ہے کہ یہ حدیث : إنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ إسْمًا مِائَةً إلاَّ

(۱) جلد اول ، حدیث نمبر ۷۰۴ ، صفحہ ۱۸۸-

(۱) المحرر الوجيز في تفسير الكتاب العزيز ، للقاضي أبي محمد عبدالحق بن غالب بن عطيّه الاندلسي،دارالكتب العلميه،بيروت،لبنان،جلد ۲ ،صفحہ ۴۸۱، طبع اول ۱۴۱۳ ھجری-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاحِداً مَنْ أحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ' متواتر روایت ہے۔

اسی لئے ہر مسلمان کا اس پر یقین ہے کہ اگر وہ اللہ تعالیٰ کے ۹۹ نام یاد کرے گا تو جنت میں داخل ہو گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ
شَدِيدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ ۖ
لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ
إِلَيْهِ الْمَصِيرُ



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# باب سوئم

## احصاها ، حفظها کی تشریح

باب اول میں ذکر کردہ احادیث میں لفظ 'اَحْصَاهَا' اور 'حَفِظَهَا' استعمال ہوئے ہیں- قبل اس کے کہ وہ روایات درج کی جائیں جس میں اسماء اللہ عزّ و جلّ کا بھی شمار کیا گیا ہے ان دونوں لفظوں کے معنی کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ بعض احادیث کو یہاں مکرر بیان کردیا جائے اور اس موضوع پر علمائے کرام کی آراء درج کردی جائیں -

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالیٰ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ : إِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّ تِسْعِيْنَ إِسْمًا ، مِائَةً إِلاَّ وَاحِدًا مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ .

اَحْصَيْنَاهُ : حَفِظْنَاهُ (۱)

ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا :

'بلاشبہ اللہ تعالیٰ کے ننانوے ، یعنی ایک کم سو اسماء ہیں جس نے ان کو یاد کرلیا ، وہ جنت میں داخل ہوگیا امام بخاری رحمۃ اللہ کہتے ہیں اَحْصَيْنَاهُ کے معنی ہے جس نے ان کو اچھی طرح گن کر حفظ کرلیا' -

مسلم کی ایک روایت میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

---

(۱) بخاری، کتاب التوحید ، باب ۱۲' ان للّٰہ مائۃ اسم إلاواحدۃ ، حدیث ۷۳۹۲-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھی یہ حدیث مروی ہے جس میں 'حفظھا' سے تشریح کی ہے :

قَالَ اَبی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالیٰ عَنْهُ عَنِ النَّبیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ : اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَ تِسْعِیْنَ اِسْمًا مَنْ حَفِظَهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ وَ اللّٰهُ وِتْرٌ یُحِبُّ الْوِتْرَ ' وَفِی رِوَایَةِ اِبْنِ أَبِی عُمَرَ ' مَنْ اَحْصَاهَا ' (۱)

ترجمہ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں ۔ جس نے ان کو حفظ کر لیا وہ جنت میں داخل ہو گیا اور اللہ تعالیٰ وتر ( طاق ) ہے ۔ اور وتر ہی اسے پسند ہے ۔ ابن ابی عمر رحمۃ اللہ کی روایت میں 'حَفِظَهَا' کی جگہ 'اَحْصَاهَا' ہے ۔

'اَحْصَاهَا' کے علماء نے متعدد معنیٰ بیان کئے ہیں ۔ اکثر نے ان کے معنی 'حَفِظَهَا' بتلائے کیونکہ صحیح مسلم کی اس روایت میں اَحْصَاهَا کی جگہ حَفِظَهَا وارد ہوا ہے ۔

الزجاجؒ نے عربی اشعار اور محاوروں کی مدد سے کہا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قول 'مَنْ اَحْصَاهَا' کے یہ معنی ہو سکتے ہیں کہ جو ان کو بار بار زیادہ مرتبہ شمار کرے گا یہاں تک کہ بار بار پڑھنے کی وجہ سے اسے یاد ہو جائیں ۔

اسی طرح اس کا معنی 'مَنْ أَطَاقَهَا' بھی ہو سکتا ہے یعنی جو ان کو سمجھنے کی صلاحیت رکھتا ہو ۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس کے معنی 'مَن عَقَلَهَا' ہوں یعنی جو ان کے معنی میں تدبر اور غور و فکر کی صلاحیت رکھتے ہیں ۔

---

(۱) مسلم ، کتاب الدعوات ، باب فی اسماء اللہ تعالیٰ و فضل من احصاها ، حدیث ۲۶۸۳ ۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الزجاجؒ اپنے شیخ محمد بن یزیدؒ کا قول نقل کرتے ہیں کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ جو ان کو قرآن سے شمار کرے اس لئے کہ یہ تمام اسماء قرآن میں مختلف مقامات پر ہیں- تو جو ان کو تلاش کرے، قرآن سے جمع کرے اور اس عمل میں مشقت و تکلیف برداشت کرے تو وہ جنت میں داخل ہوگا-(۱)

حافظ ابو سلیمان حمد بن محمدالخطابی نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک روایت سے استدلال کیا ہے کہ 'مَنْ حَفِظَهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ' جس نے اسے حفظ کیا تو وہ جنت میں داخل ہوگا-(۲)

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ امام بخاری اور اکثر محققین کا قول ہے کہ 'اَحْصَاهَا' کے معنی 'حَفِظَهَا' ہیں یعنی اُسے یاد کیا(۳)

ابن جوزیؒ فرماتے ہیں کہ جب اس حدیث کے دیگر طریق میں 'مَنْ اَحْصَاهَا' کے بدلے 'مَنْ حَفِظَهَا' ثابت ہوا- تو ہم نے پسند کیا کہ العدّ سے مراد یہ ہے کہ جس نے اسے گنا، اس خاطر کہ ان تمام کو پوری طرح یاد کرلیا جائے-

حافظ احمد بن علي بن حجر العسقلانیؒ نے ان کے اس قول کو رد کرتے ہوئے فرمایا کہ 'اس میں اشکال ہے کہ لفظ 'حَفِظَهَا'

(۱) تفصیل کے لئے دیکھئے، تفسیر اسماء الحسنیٰ، الزجاج، صفحہ ۲۲ تا ۲۴-

(۲) شان الدعا، دار الثقافة العربية، بیروت، (ص-۲۶)

(۳) الاذکار من کلام سید الابرار، مؤسسة التقويم الاسلامي، بیروت، لبنان- صفحہ ۱۱۰-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ثبوت سے یہ لازم نہیں آتا کہ اسے دل کی گہرائی میں پوری طرح حفظ کرلیا جائے بلکہ یہاں معنوی حفظ کا احتمال بھی ہے- الاصیلیؒ نے فرمایا کہ 'الاحصاء' سے مراد یہ نہیں کہ اسے فقط شمار کرلیا جائے کیونکہ پھر تو ایک فاجر شخص بھی شمار کرسکتا ہے بلکہ اس سے مراد اس پر علمی معلومات ہے-

اسی طرح ابو نعیم الاصبهانی اور ابن عطیه نے بھی یہی فرمایا ہے-(۱)

دوسرا احتمال : الاحصاء سے مراد 'الا طاقة' یعنی طاقت ہے جیسا کہ باری تعالیٰ کا قول عظیم ہے کہ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ (ترجمہ : اس نے معلوم کیا تم اس کو نباہ نہ سکو گے)(مزمل : ۲۰)-اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے : 'اِسْتَقِيْمُوْا وَلَنْ تُحْصُوْا اَیْ لَنْ تَبْلُغُوْا كُلَّ الْاِسْتِقَامَةِ یعنی تم مکمل استقامت تک رسائی نہیں کرپاتے- گویا معنی و مفہوم یوں ہوا کہ اسمائے حسنیٰ کی طاقت رکھی جائے اور اس کے لئے اچھی مراعاۃ رکھی جائے اور اس کے مقتضی پر عمل پیرا رہا جائے یعنی اس کے مقتضی کا اعتبار کرکے اس کی وجوہات پر اپنے نفس کو لازم رکھیں-

چنانچہ اگر بندہ یہ کہے کہ یا رحمٰن یا رحیم تو اس نے اللہ کی رحمت والی صفت کو یاد کیا اور یہ عقیدہ رکھے کہ رحمت، اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ہے- اس کی رحمت کی امید رکھے اور اس کی مغفرت سے ناامیدی نہ رکھے اور اگر 'السمیع البصیر' کہے تو یہ جان لے کہ اللہ رب العزت

(۱) فتح الباری بشرح صحیح البخاری، دارالفکر، بیروت-لبنان، جلد۱۱، صفحہ ۲۲۶-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسے سن رہے ہیں اور اسے دیکھ رہے ہیں اور اس کی کوئی پوشیدہ چیز اس سے نہیں چھپ سکتی، لہذا اپنے ظاہر و باطن میں اس سے خوف رکھے اور اپنے تمام احوال میں اس پاک ذات کی رعایت رکھے اور اگر یہ بندہ 'الرزاق' کہے تو یہ عقیدہ رکھے کہ وہی اس کے رزق کے نگہبان ہیں جو ہر آن میں اسے مل کر رہتا ہے- اپنے ان وعدوں کو پورا رکھے اور یہ جان لے کہ اس کے علاوہ اور کوئی رزق دینے والا نہیں ہے- (۱)

ابو عمر الطلمنکی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان کے مطابق ان اسماء اور صفات کے داعی اور حافظ کے لئے ضروری ہے کہ اس کو ان اسماء اور صفات کی معرفت حاصل ہو، اسی طرح ان کے جو فوائد اور حقائق ہیں اس سے باخبر رہے، ان چیزوں کا ناواقف ان اسماء کے معانی کا عالم نہیں ہے اور پھر نہ ان اسماء پر مشتمل معنیٰ کے ذکر کرنے کا اس کو کچھ فائدہ ہوگا-(۲)

تیسرا احتمال: یہ ہے کہ الا حصاء عقل و معرفت کے لئے ہے گویا اس کے معنی یہ ہوئے کہ جس نے اس کی معرفت حاصل کی اور اس کے معانی کو جان گیا اور اس پر ایمان لایا تو جنت سے مشرف ہوگا - گویا الاحصاء، حصاۃ سے ماخوذ ہے اور حصاء عقل کو کہتے ہیں - عربوں کا مقولہ ہے فلان ذو حصاۃ یعنی فلاں صاحب عقل والے ہیں اور امور کی

(۱) شان الدعا'دار الثقافة العربية،بیروت (ص ۲۷ و ۲۸) اور فتح الباری بشرح صحیح البخاری، دار الفکر ، بیروت ، لبنان (جلد ۱۲، صفحہ ۵۲۸)-

(۲) فتح الباری بشرح صحیح البخاری، دار الفکر ، بیروت ، لبنان (۵۲۸/۱۲)-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معرفت والے ہیں-(۱)

علامہ قرطبیؒ لکھتے ہیں : اللہ رب العزت کی کرم و نوازش سے اس بات کی امید کی جاتی ہے کہ کوئی صاحب ان مذکورہ مراتب کا صحت و نیت کے ساتھ لحاظ رکھتے ہوئے ان اسماء کے احصاء کے معنی حاصل کریں تو اللہ تبارک و تعالیٰ اسے جنت میں داخل کردیں گے- یہ تین مراتب سابقین، صدیقین اور اصحاب یمین کے لیے اعزاز ہیں-(۲)

چوتھا احتمال :

حدیث کے معنی یہ ہیں کہ قرآن کریم پڑھے یہاں تک کہ اسے ختم کردے چنانچہ اس کی قرأت کے دوران تمام اسماء پڑھے گا گویا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا وہ جس نے قرآن حفظ کیا اور پڑھ لیا تو وہ اس کا مستحق ہوگیا کہ وہ جنت میں داخل ہو (۳)

حافظ احمد بن علي بن حجر العسقلانیؒ فرماتے ہیں کہ اس احتمال کے پیش نظر یہ شخص کبھی ان اسماء کو نہ پڑھ سکے گا جو احادیث میں وارد ہوئے ہیں اور وہ قرآن میں موجود نہیں ہیں-

ابو زید البلخیؒ نے اس حدیث کی صحت پر اشکال کیا ہے کہ قرآن کریم میں جہاں دخول جنت کا ثبوت ہے وہاں اسے مال کے خرچ

---

(۱) شان الدعا،دار الثقافة العربية،بیروت ( ص ۲۸-۲۹) ' فتح الباری بشرح صحیح البخاری، دار الفکر ، بیروت – لبنان'(۵۲۸/۱۲)-

(۲)'فتح الباری بشرح صحیح البخاری'،(۵۲۸/۱۲) دار الفکر ، بیروت – لبنان -

(۳)'شان الدعاء'دار الثقافة العربية،بیروت ( ص ۲۹)-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرنے کے ساتھ مشروط رکھا ہے اب یہ محض الفاظ کے حفظ سے کیسے دخول جنت کا سبب ہوگا جو معمولی مدت میں میسر ہوتا ہے؟

حافظ احمد بن علي بن حجر العسقلانی ؒ فرماتے ہیں :

غور و فکر کے بعد نتیجہ یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مذکورہ شرط جامع نہیں اور نہ اس میں حصر مقصود ہے بلکہ جنت کبھی بدون اس کے حاصل ہوتی ہے- جیسا کہ جہاد کے علاوہ کثیر اعمال کے متعلق وارد ہوا ہے کہ اس کے ادا کرنے والا جنت میں داخل ہوگا- جہاں تک اس دعویٰ کا تعلق ہے کہ اسے حفظ کرنا آسان ہے اور کم مدت میں حاصل ہو جاتا ہے- یہ دعویٰ اس وقت ہوگا جب 'حفظ' اور 'الاحصاء' کو اس معنی پر محمول کیا جائے کہ اس کو دل کی گہرائی میں یاد کیا جائے باقی جنہوں نے اس کی سابقہ وجوہات کے ذیل میں تاویل کی ہے تو یہ ایک انتہائی مشقت ہے- پہلی والی تاویل کے جواب میں ممکن ہے کہ یہ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ کا فضل وسیع ہے -(۱)

امام رازی نے ذکر کیا ہے :

'اس حدیث پر اگر کوئی شخص ان اضافوں کے علاوہ عمل کرے جو اسماء کی تفصیل میں منقول ہیں تو پھر حدیث کے اس جملہ کا ظاہری مفہوم یہ ہوگا کہ مَنْ اَحْصَاهَا ، اَیْ مَنْ طَلَبَهَا - یعنی جس نے ان ناموں کو قرآن اور جملہ صحیح احادیث میں تلاش کیا اور اس کی تڑپ رکھی- یہاں تک کہ ان ننانوے ۹۹ ناموں کو ان احادیث وغیرہ سے منتخب کرلیا- یہ بات تو ظاہر ہی ہے کہ ان ناموں کی تحصیل بغیر علم اصول و فروع کی

(۱) فتح الباری بشرح صحیح البخاری، دارالفکر ، بیروت - لبنان -



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واقفیت کے ناممکن ہے۔ جس کی بدولت انسان اس پر قادر ہوتا ہے کہ وہ ان اسماء کو کتاب اللہ و سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے چن لے اور یہ بات بھی روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ جس کو ان علوم کی معرفت حاصل ہو اور وہ اس میں اس قدر کوشش کرے یہاں تک کہ وہ اس درجہ تک پہنچ جائے کہ وہ ان ناموں کو کتاب اللہ اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے صحیح معنوں میں انتخاب کرے تو گویا وہ بندگی کے اعلیٰ مرتبہ پر فائز ہوا۔(۱)

اس ترجمہ کے بعد بھی اس کے متعدد معنی ہیں - اس معنی کی تردید کی گئی ہے کہ صرف نوک زبان یاد کرلینا ہی لفظ 'احصاھا' کے مقصد کو پورا کردیتا ہے۔

فتح الباری میں ہے:

۱- 'إحصاء' کے معنی یہ ہیں کہ دعا مانگنے والا صرف چند اسماء پر اکتفا نہ کرے بلکہ جملہ اسماء کو پڑھ کر دعا مانگا کرے۔

۲- ان اسماء کے حقوق پر قیام اور ان کے مقتضی پر عمل کرنا مراد ہے - مثلاً وہ رازق کہے تو اللہ تعالیٰ کی رزق رسانی پر بھی اعتبار کرے۔

۳- أحصاھا سے مراد - معانی اسماء کا بخوبی سمجھ لینا ہے - محاورہ ہے فُلَانٌ ذُوْحصاة یعنی فلاں شخص صاحب عقل و ہوش ہے۔

---

(۱) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے ' النھج الاسمیٰ فی شرح اسماء اللّٰہ الحسنی ،محمد الحمود النجدی، مکتبہ الإمام الذھبی ، کویت، ۱۹۹۷ء، جلد اول، صفحہ ۴۹ تا ۶۲-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علامہ قرطبیؒ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے امید ہے کہ ان تینوں صورتوں میں سے خواہ کوئی بھی صورت ہو - صحت نیت کے بعد ہر ایک صورت بندہ کو جنت میں لے جانے کے لئے کافی ہے-

۴- احصاھا کے معنی معرفت ہیں- کیونکہ جو ان اسماء کا عارف ہوگا- وہ مومن ہوگا، جو مومن ہوگا ، وہ جنت ہی میں جائے گا -معرفت میں اعتقاد کو شامل سمجھو - مثلاً جو دہریہ ہے اسے اسم ' خالق ' پر اعتقاد نہیں اور جو صرف فلسفی ہے اسے اسم ' قادر ' کے معنی پر یقین نہیں -

۵- احصاھا کے معنی عمل کرنا ہیں - مثلاً جو اللہ تعالیٰ کو ' حکیم' سمجھتا ہے - وہ اس کے جملہ احکام کا بحساب حکمت ہونا بھی تسلیم کرتا ہے- اور جو اللہ تعالیٰ کو قدوس جانتا ہے وہ اسے جملہ نقائص سے منزہ و پاک ہونے کا بھی اعتقاد کرتا ہے - ابو الوفا ابن عقیل نے انہی معنی کو تسلیم کیا ہے-

۶- ابن بطالؒ کا قول ہے کہ طریق عمل کے معنی یہ ہیں کہ بعض اسماء تو وہ ہیں جن کی صفات کی اقتداء ہو سکتی ہے مثلاً رحیم و کریم کہ ان صفات پر بندہ کسی حد تک خود کو بھی خوگر بنا سکتا ہے اور بعض صفات وہ ہیں جن کی اقتدا ممکن نہیں مثلاً جبار و عظیم وغیرہ - ایسے اسماء کے متعلق طریق عمل یہ ہے کہ ان صفات کو اللہ تعالیٰ سے خاص سمجھے ، ان کا اقرار کرے اور خضوع و خشوع اختیار کرے- جن اسماء سے وعدۂ نعمت ملتا ہو ، ان میں طمع و رغبت پیدا کرے اور جن اسماء میں وعید ہو اس جگہ خوف و



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خشیئت کو لازم احوال بنائے 'حفظها' اور 'احصاها' کے معنی یہی ہیں-(۱)

امام نووی نے الاذکار من کلام سید الابرار میں لکھا ہے :

وَمَعْنیٰ "أَحْصَاهَا": حَفِظَهَا ، هٰكَذَا فَسَّرَهُ الْبُخَارِیّ وَالْأَكْثَرُوْنَ ، يُؤَيِّدُهُ أَنَّ فِي رِوَايَةٍ فِي الصَّحِيْح 'مَنْ حَفِظَهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ' وَقِيْلَ مَعْنَاه : مَنْ عَرَفَ مَعَانِيْهَا وَ آمَنَ بِهَا، وَقِيْلَ مَعْنَاهُ : مَنْ أَطَاقَهَا بِحُسْنِ الرِّعَايَةِ لَهَا وَ تَخلق بِمَا يُمْكِنُهُ مِنَ الْعَمَلِ بِمَعَانِيْهَا ، وَاللّٰه أَعْلَمْ (۲)

ترجمہ :

اور 'احصاها' کے معنی 'حفظها' ہے ، اسی طرح اس کی بخاری نے اور بہت ساروں نے تفسیر کی ہے ، اس کی تائید میں وہ روایت ہے جو صحیح میں مروی ہے یعنی من حفظها دخل الجنة اس کے معنے میں مختلف اقوال ہیں ، ایک قول یہ ہے کہ اس کے معنی ہیں ، کہ ان کے معنیٰ کو پہچانے ، اور اس پر ایمان لائے -

اورایک قول یہ ہے ، جو اس کی اچھی طرح رعایت کرنے کی طاقت رکھے ، اور ان کے معانی پر عمل بھی اس طرح کرے کہ حتی الامکان ان کے اوصاف اپنے میں پیدا کرے ، واللہ اعلم

---

(۱) شرح الاسماء الحسنیٰ ،علامہ قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری ،مکتبہ نذیریہ،لاہور، صفحہ ۳۱ ، ۳۲ -

(۲) باب ۶۸ ، اسماء اللہ الحسنیٰ ، صفحہ ۱۱۰-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# باب چہارم

## تفصیل احادیث جن میں اسماء اللہ عزّ و جلّ کا ذکر ہے۔

اب ہم ان احادیث کا ذکر کرتے ہیں جن میں اسماء اللہ عزّ و جلّ کا ذکر کیا گیا ہے۔ ان احادیث کو بھی محدثین کی تاریخ وفات کے حساب سے ترتیب دیا گیا ہے تاکہ ان کے تسلسل کو ثابت کیا جا سکے(۱)، اسکا مقصد قاری کی خدمت میں یہ بات پیش کرنی ہے کہ اسماء اللہ عزّ و جلّ پر ایک تسلسل کے ساتھ ہر دور میں کام ہوا ہے اور محدثین، محققین اور علمائے کرام نے اس پر کافی محنت سے کام کرکے ان کو القرآن الھدیٰ اور احادیث رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جمع کیا ہے۔ اس باب میں ہم نے اسماء اللہ عزّ و جلّ کے اردو معنی نہیں دیئے ہیں نہ ہی بیشتر پر اعراب لگائے ہیں اس لئے کہ اول تو ان کی بہت تکرار ہو جاتی اور دوئم باب ہفتم میں یہ سب اسماء بمعہ اعراب و معنی دیئے گئے ہیں جو وہاں دیکھے جا سکتے ہیں۔

(۱) **سنن الترمذی، ابی عیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورۃؒ (۲۰۹ - ۲۷۹ ھجری) کتاب الدعوات، باب ماجاء فی عقد التسبیح بالید،** حدیث نمبر ۳۵۰۷ میں: **حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ الْجوزَجَانِيُّ، حَدَّثَنِي صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي**

---

(۱) البتہ صرف ترمذی کو ابن ماجہ سے پہلے لیا گیا ہے اس لئے کہ ان کی بیان کردہ یہ حدیث عرف عام میں بہت مشہور ہے اور ویسے بھی ترمذی اور ابن ماجہ کی پیدائش اور وفات میں صرف ۲ سے ۴ سال کا فرق ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حَمْزَةَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ الأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

إِنَّ لِلّٰهِ تَعَالَى تِسْعَةً وَتِسْعِينَ إِسْماً مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ ‘

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام یعنی ایک کم سو نام ہیں جو انہیں یاد کرے گا جنت میں داخل ہوگا۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لاَ إِلٰهَ إِلاَّ هُوَ، الرَّحْمٰنُ ☆ الرَّحِيْمُ☆

الْمَلِكُ☆ الْقُدُّوسُ☆ السَّلاَمُ☆ الْمُؤْمِنُ☆ الْمُهَيْمِنُ☆ الْعَزِيزُ☆

الْجَبَّارُ☆ الْمُتَكَبِّرُ☆ الْخَالِقُ☆ الْبَارِىءُ☆ الْمُصَوِّرُ☆ الْغَفَّارُ☆

الْقَهَّارُ☆ الْوَهَّابُ☆ الرَّزَّاقُ☆ الْفَتَّاحُ☆ الْعَلِيمُ☆ الْقَابِضُ☆

الْبَاسِطُ☆ الْخَافِضُ☆ الرَّافِعُ☆ الْمُعِزُّ☆ الْمُذِلُّ☆ السَّمِيعُ☆

الْبَصِيرُ☆ الْحَكَمُ☆ الْعَدَلُ☆ اللَّطِيفُ☆ الْخَبِيرُ☆ الْحَلِيمُ☆

الْعَظِيمُ☆ الْغَفُورُ☆ الشَّكُورُ☆ الْعَلِيُّ☆ الْكَبِيرُ☆ الْحَفِيظُ☆

الْمُقِيتُ☆ الْحَسِيبُ☆ الْجَلِيلُ☆ الْكَرِيمُ☆ الرَّقِيبُ☆ الْمُجِيبُ☆

الْوَاسِعُ☆ الْحَكِيمُ☆ الْوَدُودُ☆ الْمَجِيدُ☆ الْبَاعِثُ☆ الشَّهِيدُ☆

الْحَقُّ☆ الْوَكِيلُ☆ الْقَوِيُّ☆ الْمَتِينُ☆ الْوَلِيُّ☆ الْحَمِيدُ☆

الْمُحْصِيُّ☆ الْمُبْدِئُ☆ الْمُعِيدُ☆ الْمُحْيِي☆ الْمُمِيتُ☆ الْحَيُّ☆

الْقَيُّومُ☆ الْوَاجِدُ☆ الْمَاجِدُ☆ الْوَاحِدُ☆ الصَّمَدُ☆ الْقَادِرُ☆

الْمُقْتَدِرُ☆ الْمُقَدِّمُ☆ الْمُؤَخِّرُ☆ الأَوَّلُ☆ الآخِرُ☆ الظَّاهِرُ☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الـبَـاطِنُ☆ الْوَالِي☆ الـمُتَعَالِي☆ الـبَرُّ☆ الـتَّوَّابُ☆ الـمُنْتَقِمُ☆ العَفُوُّ☆ الرَّءُوفُ ☆ مَالِكُ الْمُلْكِ☆ ذُوالْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ ☆ الْمُقْسِطُ☆ الْجَامِعُ☆ الغَنِيُّ☆ الْمُغْنِي☆ المَانِعُ☆ الضَّارُّ☆ النَّافِعُ☆ النُّورُ☆ الهَادِي☆ البَدِيعُ☆ البَاقِي☆ الْوَارِثُ☆ الرَّشِيدُ☆ الصَّبُورُ.

(۲) سنن ابن ماجه ، عبداللّٰه محمد بن یزید القزوینیؒ، ( ۲۰۷ - ۲۷۵ ہجری) ،کتاب الدعا ، باب اسماء اللّٰه عزَّ وَجلَّ ،حدیث نمبر ۳۸۶۱ روایت هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ ، عَبْدُالْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّنْعَانِيُّ ، أَبُو الْمُنْذِرِ زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمِيمِيُّ ، مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ ، عَبْدُالرَّحْمٰنِ الأَعْرَجُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ اِسْماً ، مِائَةً إِلاَّ وَاحِداً . إِنَّهُ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ . مَنْ حَفِظَهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ .وَهِيَ

اللّٰهُ ☆ الْوَاحِدُ☆ الصَّمَدُ ☆ الأَوَّلُ☆ الآخِرُ☆ الظَّاهِرُ☆ الْبَاطِنُ☆ الْخَالِقُ ☆ الْبَارِیءُ☆ الْمُصَوِّرُ☆ الْمَلِكُ ☆ الْحَقُّ ☆ السَّلَامُ ☆ الْمُؤْمِنُ ☆ الْمُهَيْمِنُ ☆ الْعَزِيْزُ ☆ الْجَبَّارُ☆ الْمُتَكَبِّرُ☆الرَّحمٰنُ☆ الرَّحِيمُ☆ اللَّطِيفُ☆الْخَبِيرُ☆ السَّمِيعُ ☆ الْبَصِيرُ☆ الْعَلِيمُ ☆ الْعَظِيمُ ☆ الْبَارُّ☆ الْمُتَعَالُ ☆ الْجَلِيلُ ☆ الْجَمِيلُ ☆ الْحَيُّ ☆ الْقَيُّومُ ☆ الْقَادِرُ ☆ الْقَاهِرُ ☆ الْعَلِيُّ ☆ الْحَكِيمُ ☆ الْقَرِيبُ ☆ الْمُجِيبُ ☆ الْغَنِيُّ ☆ الْوَهَّابُ ☆ الْوَدُودُ ☆ الشَّكُورُ ☆ الْمَاجِدُ ☆ الْوَاجِدُ ☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْوَالِي ☆ الرَّاشِدُ ☆ العَفُوُّ ☆ الغَفُورُ ☆ الحَلِيمُ ☆ الْكَرِيمُ ☆
التَّوَّابُ ☆ الرَّبُّ ☆ الْمَجِيدُ ☆ الْوَلِيُّ ☆ الشَّهِيدُ ☆ الْمُبِينُ ☆
الْبُرْهَانُ ☆ الرَّؤُوفُ ☆ الرَّحِيمُ ☆ الْمُبْدِيءُ ☆ الْمُعِيدُ ☆ الْبَاعِثُ ☆
الْوَارِثُ ☆ الْقَوِيُّ ☆ الشَّدِيْدُ ☆ الضَّارُّ ☆ النَّافِعُ ☆ الْبَاقِي ☆
الْوَاقِي ☆ الْخَافِضُ ☆ الرَّافِعُ ☆ الْقَابِضُ ☆ الْبَاسِطُ ☆ الْمُعِزّ ☆
الْمُذِلُّ ☆ الْمُقْسِطُ ☆ الرَّزَّاقُ ☆ ذُوالْقُوَّةِ ☆ الْمَتِينُ ☆ الْقَائِمُ ☆
الدَّائِمُ ☆ الحَافِظُ ☆ الْوَكِيلُ ☆ الْفَاطِرُ ☆ السَّامِعُ ☆ الْمُعْطِي ☆
الْمُحْيِي ☆ الْمُمِيتُ ☆ الْمَانِعُ ☆ الْجَامِعُ ☆ الْهَادِيُ ☆ الْكَافِيُ ☆
الأَبَدُ ☆ الْعَالِمُ ☆ الصَّادِقُ ☆ النُّورُ ☆ الْمُنِيرُ ☆ التَّامُّ ☆ الْقَدِيمُ ☆
الْوِتْرُ ☆ الأَحَدُ ☆ الصَّمَدُ ☆ الَّذِي لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُو لَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ
كُفُواً أَحَدٌ

قَالَ زُهَيْر : فَبَلَغَنَا مِنْ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ ، أَنَّ أَوَّلَهَا يُفْتَحُ بِقَوْلِ :لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَشَرِيكَ لَهُ . لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْر . لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ لَهُ الأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى.

ترجمہ : حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا :

اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں ایک کم سو وہ وتر ہے اور وتر کو پسند فرماتا ہے ، جو ان کو یاد کرے گا جنت میں داخل ہوگا اور وہ یہ نام ہیں :



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسماء اللہ ،الواحد آخر تک -

زھیر کہتے ہیں پس ہمیں ایک سے زائد اہل علم حضرات سے یہ خبر پہنچی کہ اس کی ابتداء اس قول سے ہوگی-

لَا إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهُ لَاشَرِيكَ لَهُ . لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْر . لَا إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ لَهُ الأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى.

ترجمہ : ' نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے جو کہ واحد یکتا ہے - جس کا کوئی شریک نہیں ہے- اسی کے لئے ہے بادشاہت بطریق تمام اور تمام حمد بطریق کمال - اسی کے قبضۂ قدرت میں ہے تمام تر بھلائی اور وہ ہر چیز پر قادر ہے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ تبارک و تعالیٰ کے - اسی کے لئے ہیں تمام اچھے نام -

ابن ماجہ میں ' الصمد ' اور ' الرحیم ' کی تکرار ہے-

۳- محمد بن اسحاق بن خزیمہؒ (۳۱۱ ھجری) (۱) نے اپنی کتاب صحیح ابن خزیمہ میں صفوان کی روایت میں بعض اسماء اللہ عزّ وجلّ میں اختلاف کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ ' الحکم ' ' الحکیم ' کے بجائے -

(۱) ہمارے پاس جو ابن خزیمہ کا مطبوعہ نسخہ ہے اس میں اسماء اللہ عز و جل سے متعلق احادیث نہیں ہیں- محقق نے لکھا ہے کہ مخطوط کے جس نسخہ سے انہوں نے اس نسخہ کو ترتیب دیا اور تحقیق کی ہے وہ مکمل نہیں ہے- صحیح ابن خزیمہ ، محقق ڈاکٹر محمدمصطفی الاعظمی، المکتب الاسلامی، بیروت ، ۱۴۱۲ ھجری- یہ اقتباس ہم نے فتح الباری شرح صحیح البخاری،ابن حجر العسقلانی ، دارالفکر ، بیروت – لبنان ، سے لیا ہے- جلد ۱۲ صفحہ ۵۱۷-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

'القریب' ، 'الرقیب' کے بجائے، 'المولیٰ' ، 'الوالی' کے بجائے اور 'الاحد' ، 'المغنی' کے بجائے۔

۴- ابو حاتم محمد ابن حبانؒ (۳۵۴ ہجری) نے کتاب الاحسان في تقریب صحیح ابن حبان (۱) میں درج ذیل روایت کی ہے: أخبرنا الحسنُ بنُ سفيانَ ، و محمدُ بنُ الحسنِ بْن قتيبة ، و محمدُ بْن أحمدَ بْن عبيدِ بْنِ فياض بدِمشق ، واللفظُ للحسن ، قالوا: حدثنا صفوانُ بنُ صالحٍ الثقفي ، قال: حدثنا الوليدُ بنُ مسلم ، قال : حدثنا شعيبُ بْنَ أبي حمزة، قال: حدثنا أبوالزّناد، عن الأعرج عن أبي هريرة قال : قال رَسُولُ اللّٰهِ صلى اللّٰه عليه وسلم : ' إنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وتِسْعِينَ إسْماً ، مِائَةً إلاَّ وَاحِداً ، إنَّهُ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ ، مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ –

هُوَاللّٰهُ الَّذِي لاَ إلٰهَ إلاَّ هُوَ الرَّحْمٰنُ☆الرَّحِيمُ☆المَلِكُ☆الْقُدُّوسُ☆ السَّلاَمُ☆المُؤْمِنُ☆ المُهَيْمِنُ☆ الْعَزِيزُ☆ الْجَبَّارُ☆ المُتَكَبِّرُ☆ الْخَالِقُ☆ الْبَارِئُ☆ الْمُصَوِّرُ☆ الْغَفَّارُ☆ الْقَهَّارُ☆ الْوَهَّابُ☆ الرَّزَّاقُ☆ الْفَتَّاحُ☆ الْعَلِيمُ☆ الْقَابِضُ☆ الْبَاسِطُ☆ الْخَافِضُ☆ الرَّافِعُ☆ الْمُعِزُّ☆ المُذِلُّ☆ السَّمِيعُ☆ الْبَصِيرُ☆ الْحَكَمُ☆ العَدْلُ☆ اللَّطِيفُ☆ الْخَبِيرُ☆ الْحَلِيمُ☆العَظِيمُ☆الغَفُورُ☆الشَّكُورُ☆العَلِيُّ☆ الكَبِيرُ☆ الْحَفِيظُ☆ المُقِيتُ☆ الْحَسِيبُ☆ الْجَلِيلُ☆ الكَرِيمُ☆

(۱) الاحسان في تقریب صحیح ابن حبان، کتاب الرقائق: باب الأذکار، حدیث ۸۰۸-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الرَّقِيبُ☆ الْوَاسِعُ☆ الْحَكِيمُ☆ الْوَدُودُ☆ المَجِيْدُ☆ الْمُجِيْبُ☆ البَاعِثُ☆ الشَّهِيدُ☆ الْحَقُّ☆ الْوَكِيلُ☆ القَوِيُّ☆ المَتِينُ☆ الْوَلِيُّ☆ الْحَمِيدُ☆ الْمُحْصِيُّ☆ المُبْدِئُ☆ المُعِيدُ☆ المُحْيِي☆ المُمِيتُ☆ الْحَيُّ☆ القَيُّومُ☆ الوَاجِدُ☆ المَاجِدُ☆ الوَاحِدُ☆ الأَحَدُ☆ الصَّمَدُ☆ القَادِرُ☆ المُقْتَدِرُ☆ المُقَدِّمُ☆ المُؤَخِّرُ☆ الأَوَّلُ☆ الآخِرُ☆ الظَّاهِرُ☆ البَاطِنُ☆ المُتَعَالُ☆ البَرُّ☆ التَّوَّابُ☆ المُنْتَقِمُ☆ العَفُوُّ☆ الرَّؤُوفُ ☆ مَالِكُ الْمُلْكِ☆ ذُوالْجَلَالِ وَالإِكْرَامِ☆ المُقْسِطُ☆ المَانِعُ☆ الغَنِيُّ☆ المُغْنِي☆ الْجَامِعُ☆ الضَّارُّ☆ النَّافِعُ☆ النُّورُ☆ الْهَادِيُ☆ البَدِيْعُ☆ البَاقِي☆ الوَارِثُ☆الرَّشِيْدُ☆ الصَّبُورُ.

۵- کتاب الدعا میں ابو القاسم سلیمان بن احمد الطبرانیؒ (۲۶۰-۳۶۰ ہجری) نے یہ حدیث نمبر ۱۱۱ روایت کی ہے (۱)، حدثنا احمد بن المعلی الدمشقی و ورد بن احمد بن لبید البیروتی، قالا: ثنا صفوان بن صالح، ثنا الولید بن مسلم، حدثنی شعیب بن ابی حمزة، عن أبی الزناد، عن الاعرج، عن ابی ہریرة رضی اللّٰہ عنہ قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ تِسْعَةٌ وَتِسْعِيْنَ إِسْمَاءُ، مَائَةٌ إِلاَّ وَاحِداً، مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ إِنَّهُ وِتْرٌ يُحِبُّ

---

(۱) کتاب الدعاء – امام طبرانی، دارالبشر الاسلامیہ، بیروت، طبع اول ۱۴۰۷ ہجری (اس کتاب کا اصل مسودہ (تحریر ۶۳۷ ہجری،) جوکہ ' سلیمانیہ کتب خانہ، استنبول، ترکی، میں محفوظ ہے اس کی فوٹو کاپی ہمارے پاس موجود ہے-)



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْوِتْرَ ، هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ، الرحمٰن☆ الرحيم☆ الملك☆
القدوس☆ السلام☆ المؤمن☆ المهيمن☆ العزيز☆ الجبار☆
المتكبّر☆ الخالق☆ البارئ☆ المصور☆ الغفار☆ الوهّاب☆
الرّزاق☆ الفتّاح☆ العليم☆ القائم☆ الدائم☆ الخافض☆ الرافع☆
المعز☆ المذل☆ السميع☆ البصير☆ الحكم☆ العدل☆
اللطيف☆ الخبير☆ العظيم☆ الغفور☆ الشكور☆ العلي☆
الكبير☆ القهار☆ المحيط☆ المغيث☆ الحسيب☆ الباعث☆
الشهيد☆ الحق☆ الوكيل☆ القوي☆ المتين☆ الولي☆ الحميد☆
المحصي☆ المبدي☆ المعيد☆ المحيي☆ المميت☆ الحي☆
القيوم☆ الواجد☆ الماجد☆ الواحد☆ الصمد☆ القادر☆
المقتدر☆ المقدم☆ المؤخر☆ الأول☆ الآخر☆ الظاهر☆
الباطن☆ الوال☆ المتعال☆ البر☆ التواب☆ المنتقم☆ العفو☆
الرؤوف ☆ مالك الملك ☆ ذوالجلال والإكرام ☆
المقسط☆الجامع☆ الغني☆ المغني☆ النافع☆ الضار☆ المانع☆
النور☆ الهادي☆ البديع☆ الباقي☆ الوارث☆ الشديد☆
الصبور☆ الرقيب☆ الحفيظ☆ المجيد☆ مَالِكُ يَوْمِ الدِّيْنِ☆
الواسع☆ الكريم☆ الأعلىٰ☆ القهار –

طبرانی میں ' القهار ' کی تکرار ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٦- ابو سلیمان حمد بن محمد الخطّابي الحافظ (٣١٩-٣٨٨ هجری) نے اپنی کتاب 'شان الدعا '(١) میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی ہے:

حدثنا مكرم بن أحمد،قال: حدثنا محمد بن إسماعيل السلمي،قال: حدثنا إسحق بن محمد الفروي، قال حدثنا مالك، عن أبي الزناد، عن الاعرج، عن ابي هريرة ، قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم :إنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وتِسْعِيْنَ إِسْمًا مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ إِنَّهُ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ'

هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لاَ إِلٰهَ إِلاَّ هُوَ، الرَّحمٰن☆ الرَّحِيم☆ الملك☆ القدوس☆ السلام☆ المؤمن☆ المهيمن☆ العزيز☆ الجبار☆ المتكبّر☆ الخالق☆ البارئ☆ المصور☆ الغفار☆ القهار☆ الوهاب☆ الرزاق ☆ الفتاح☆ العليم☆ القابض☆ الباسط☆ الخافض☆ الرافع☆ المعز☆ المذل☆ السميع☆ البصير☆ الحكم☆ العدل☆ اللطيف☆ الخبير☆ الحليم☆ العظيم☆ الغفور☆ الشكور☆ العلي☆ الكبير☆ الحفيظ☆ المقيت☆ الحسيب☆ الجليل☆ الكريم☆ الرقيب☆ المجيب☆ الواسع☆ الحكيم☆ الودود☆ المجيد☆ الباعث☆ الشهيد☆ الحق☆ الوكيل☆ القوي☆ المتين☆ الولي☆ الحميد☆ المحصي☆ المبدي☆ المعيد☆ المحيي☆ المميت☆ الحي☆ القيوم☆

(١) 'شان الدعاء' باب تفسير هذه الاسماء صفحہ ٣٠ تا ٩٢ - ١١٢-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الواجد☆ الماجد☆ الواحد☆ الأحد☆ الصمد☆ القادر☆
المقتدر☆ المقدم☆ المؤخر☆ الأول☆ الآخر☆ الظاهر☆
الباطن☆ الوالي☆ المتعالي☆ البر☆ التواب☆ المنتقم☆ العفو☆
الرؤوف☆ مالك الملك☆ ذوالجلال والإكرام ☆ المقسط☆
الجامع☆ الغني☆ المغني☆ المانع☆ الضار☆ النافع☆ النور☆
الهادي☆ البديع☆ الباقي☆ الوارث☆ الرشيد☆الصبور.

وَقَدْ بَيَّنَ الْخِطَّابِي – رَحِمَهُ اللّٰهُ – أَنَّ هَذِهِ الْأَسمَآءَ رَوَاهَا ابْنُ خُزَيْمَةَ فِي الْمَأثُوْرِ، وَقَدْ ذَكَرَ الْخَطَّابِي – أَيْضاً – رِوَايَتَهُ لَهَا بِسَنَدِهِ، ثُمَّ أَعْقَبَهَا بِرِوَايَةِ عَبْدِالْعَزِيْزِ بْنِ الْحُصَيْنِ – اَيْضاً بِسَنَدِهِ – وَفِيْهَا زِيَادَاتٌ عَلَى ترجمہ : علامہ خطابیؒ نے یہ واضح کیا ہے کہ ابن خزیمہ نے ان اسماء کو اسماء ماثورہ میں نقل کیا ہے۔ علامہ خطابیؒ نے ان اسماء سے متعلقہ روایت کو مع سند ذکر کیا پھر اس کے بعد عبدالعزیز بن حصین کی روایت کو بھی مع سند ذکر کیا ہے اور ان میں ولید بن مسلم کی روایت کی نسبت کچھ اضافہ ہے۔

رِوَايَةِ الْوَلِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ وَهِيَ: اور وہ اضافہ درج ذیل ہے۔

الربّ☆ المنان☆ البادئ☆ الكافي☆ الدائم☆ المولى☆
الجميل☆الصادق☆المحيط☆المبين☆القريب☆العلام☆المليك☆
الإكرام☆المدبر☆الوتر☆ ذوالمعارج☆ ذوالطول☆ ذوالفضل☆

وَزَادَ عَلَى الرِّوَايَتَيْنِ اِسْمَ : الدَّيَّانَ –اسی طرح اسم دیّان کا بھی ان دونوں روایتوں پر اضافہ کیا ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۷- 'کتاب التوحید' میں امام ابو عبداللہ محمدبن اسحاق بن محمد بن یحیی ابن مندہ(۱) رحمة الله علیه(۳۱۰ - ۳۹۵ ہجری) نے اسماء اللہ عزوجل پر یہ حدیث روایت کی ہے:

اخبرنا أحمد بن محمد بن ابراهيم قال : حدثنا سهل بن عبدالله أبوطاهر حدثنا صفوان بن صالح الدمشقي حدثنا الوليد بن مسلم حدثنا شعيب بن أبي حمزة عن أبي الزناد عن الأعرج عن أبي هريرة قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : لِلّٰهِ تِسْعَةٌ وَّ تِسْعُوْنَ إِسْمًا مِائَةٌ إِلاَّ وَاحِداً مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ :

هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لاَ إِلٰهَ إِلاَّ هُوَ، الرحمٰن☆ الرحيم☆ الملك☆ القدوس☆ السلام☆ المؤمن☆ المهيمن☆ العزيز☆ الجبار☆ المتكبّر☆ الخالق☆ البارئ☆ المصور☆ الغفار☆ القهار☆ الوهاب☆ الرزاق ☆ الفتاح☆ القابض☆ الباسط☆ الخافض☆ الرافع☆ المعز☆ المذل☆ السميع☆ البصير☆ الحكم☆ العدل☆ اللطيف☆ الخبير☆ الحليم☆ العليم☆ الغفور☆ الشكور☆ العلي☆ الكبير☆ الحفيظ☆ المغيث☆ الحسيب☆ الجليل☆ الكريم☆ الرقيب☆ المجيب☆ الواسع☆ الحكيم☆ الودود☆ المحيط☆ الباعث☆ الشهيد☆ الحق☆ الوكيل☆ القوي☆ المبين☆ الولي☆ الحميد☆ المحصي☆ المعيد☆ المبدئ☆

---

(۱) 'کتاب التوحید' ، مکتبہ الغرباء الاثریہ،مدینہ المنورہ- طبع اول ۱۴۱۴ ھجری، جلد ۲، حدیث نمبر ۳۶۶، صفحہ ۲۰۵- ابن مندہؒ نے مزید احادیث بھی روایت کی ہیں مگر ان میں اسماء اللہ کا ذکر نہیں ہے، جلد ۲، حدیث نمبر ۱۵۴ سے ۱۶۱-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

المحيي☆ المميت☆ الحي☆ القيوم☆ الماجد☆ الواجد☆ الواحد☆ الأحد☆ الصمد☆ القادر☆ المقتدر☆ المقدم☆ المؤخر☆ الأول☆ الآخر☆ الظاهر☆ الباطن☆ الوالي☆ المتعالي☆ البر☆ التواب☆ المنتقم☆ العفو☆ الرؤوف☆ الملك☆ المالك☆ ذوالجلال والإكرام☆ المقسط☆ الجامع☆ الغني☆ المغني☆ المانع☆ المنان☆ الضار☆ النافع☆ النور☆ الهاد☆ البديع☆ الباقي☆ الوارث☆ الرشيد☆ الصبور

ابن مندہؒ میں 'الملك' کی تکرار ہے۔

اس حدیث کے علاوہ ابن مندہؒ نے خود بھی اور بہت سارے نام قرآن و حدیث سے تخریج کیے ہیں اور ان کی صفات بیان کی ہیں جن کی تفصیل ان کی کتاب التوحید میں دیکھی جا سکتی ہے - ان کے تخریج کردہ ناموں کو ہم نے باب ہفتم کے گوشوارے میں بھی شامل کیا ہے۔

(۸) المستدرك حاکم، ابو عبداللّٰہ محمد بن عبداللّٰہ الحاکم النیشابوریؒ (متوفی ۴۰۶ ہجری) کی کتاب المستدرك حاکم میں دو احادیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہیں اور ان دونوں میں نام شمار کئے گئے ہیں:

اول: کتاب الایمان ، حدیث نمبر ۴۱ : حدثنا أبو زكريا يحيى بن محمد بن عبدالله العنبري، ثنا أبو عبدالله محمد بن إبراهيم العبدي ، ثنا موسى بن أيوب النصيبي، وحدثنا أبوبكر أحمد بن إسحاق الفقيه ،



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أنبأنا محمد بن أحمد بن الوليد الكرابيسي، ثنا صفوان بن صالح الدمشقي قالا : حدثنا الوليد بن مسلم ،ثنا شعيب بن أبي حمزة ، عن أبي الزناد ، عن الأعرج ، عن ابي هريره قال : قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم ' إنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَ تِسْعِيْنَ إسْمًا مِائَةً إلاَّ وَاحِدَةً ، مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ ، إنَّهُ وِتْرٌ وَيُحِبُّ الْوِتْرَ ( هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لاَ إِلٰهَ إلاَّ هُوَ، الرحمٰن☆ الرحيم☆ الملك☆ القدوس☆ السلام☆ المؤمن☆ المهيمن☆ العزيز☆ الجبار☆ المتكبّر☆ الخالق☆ البارئ☆ المصور☆ الغفار☆ القهار☆ الوهاب☆ الرزاق ☆ الفتاح☆ العليم☆ القابض☆ الباسط☆ الخافض☆ الرافع☆ المعز☆ المذل☆ السميع☆ البصير☆ الحكم☆ العدل☆ اللطيف☆ الخبير☆ الحليم☆ العظيم☆ الغفور☆ الشكور☆ العلي☆ الكبير☆ الحفيظ☆ المغيث - وَقَالَ صَفْوَانُ فِي حَدِيْثِهِ (المقيت) ، وَإِلَيْهِ ذَهَبَ أبوبكرٍ محمدُ بْنُ إِسحاقَ فِي مُخْتَصَرِ الصَّحِيْحِ، الحسيب☆ الجليل☆ الكريم☆ الرقيب☆ المجيب☆ الواسع☆ الحكيم☆ الودود☆ المجيد☆ الباعث☆ الشهيد☆ الحق☆ الوكيل☆ القوي☆ المتين☆ الولي☆ الحميد☆ المحصي☆ المبدي☆ المعيد☆ المحيي☆ المميت☆ الحي☆ القيوم☆ الواجد☆ الماجد☆ الواحد☆ الصمد☆ القادر☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

المقتدر☆ المقدم☆ المؤخر☆ الأول☆ الآخر☆ الظاهر☆ الباطن☆ الوالي☆ المتعالى☆ البر☆ التواب☆ المنتقم☆ العفو☆ الرؤوف☆ مالك الملك☆ ذوالجلال و الإكرام☆ المقسط☆ الجامع☆ الغنى☆ المغني☆ المانع☆ الضار☆ النافع☆ النور☆ الهادي☆ البديع☆ الباقي☆ الوارث☆الرشيد☆ الصبور.

دوم: المستدرك حاکم ، کتاب الایمان میں ہی ، حدیث نمبر ۴۲ پر یہ حدیث روایت کی ہے :

حدثنا أبو محمد عبدالرحمن بن حمدان الجلاب بهمدان ، ثنا الأمير أبو الهيثم خالد بن أحمد الذهلي بهمدان ، ثنا أبو أسد عبدالله بن محمد البلخي ، ثنا خالد بن مخلد القطوني :

حدثنا محمد بن صالح بن هانيء ، وأبو بكر بن عبدالله قالا: ثنا الحسن بن سفيان ، ثنا احمد بن سفيان النسائى ، ثنا خالد بن مخلد ، ثنا عبدالعزيز بن حصين بن الترجمان ، ثنا أيوب السختياني، و هشام بن حسان ، عن محمد بن سيرين ، عن أبي هريرة ، عن النبى صلى الله عليه وسلم قال : 'إِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّ تِسْعِيْنَ إِسْماً مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ:الله☆الرحمن☆ الرحيم☆ الإله☆ الرب☆ الملك☆ القدوس☆ السلام☆ المؤمن☆ المهيمن☆ العزيز☆ الجبار☆ المتكبر☆ الخالق☆ البارئ☆ المصور☆ الحليم☆ العليم☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

السميع☆البصير☆الحي☆القيوم☆ الواسع☆ اللطيف☆ الخبير☆ الحنان☆ المنان☆ البديع☆ الودود☆ الغفور☆ الشكور☆ المجيد☆ المبدئ ☆ المعيد☆ النور☆ الأول☆ الآخر☆ الظاهر☆ الباطن☆ الغفار☆ الوهاب☆ القادر☆ الأحد☆ الصمد☆الكافي☆ الباقي☆ الوكيل☆ المجيد☆ المغيث☆ الدائم☆ المتعال☆ ذوالجلال والإكرام☆ المولى☆ النصير☆ الحق☆ المبين☆ الباعث☆ المجيب☆ المحيي☆ المميت☆ الجميل☆ الصادق☆ الحفيظ☆ الكبير☆ القريب☆ الرقيب☆ الفتاح☆ التواب☆ القديم☆ الوتر☆ الفاطر☆ الرزاق☆ العلام☆ العلي☆ العظيم☆ الغني☆ المليك☆ المقتدر☆ الأكرم☆ الرؤوف☆ المدبر☆ المالك☆ القدير☆ الهادي☆ الشاكر☆ الرفيع☆ الشهيد☆ الواحد☆ ذوالطول☆ ذوالمعارج☆ ذوالفضل☆ الخلاق☆ الكفيل☆ الجليل☆ الكريم .

اس حدیث میں ' المجید ' کی تکرار ہے۔

۹- امام ابو نعیم الأصبهانی احمد بن عبدالله بن احمد بن اسحاق بن مهران ( ۳۳۶ - ۴۳۰ ھجری) نے اپنی کتاب ' جز فیه طرق حدیث – إن لله تسعة و تسعین اسما '(۱) میں درج ذیل روایت مع

۱- جز فیه طرق حدیث – ' إن لله تسعة و تسعین اسما 'مکتبه الغرباء الأثریه ، مدینه منوره– ۱۴۱۳ھ، حدیث نمبر ۱۸ صفحہ ۱۰۷-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسماء اللہ عزوجل درج کی ہے :

حدثنا ابو محمد بن حيان ، حدثنا أبو العباس محمد بن احمد بن سليمان الهروي ، ثنا أبو عامر ، ثنا الوليد بن مسلم ، ثنا زهير بن محمد ، عن موسى بن عقبة ، عن الأعرج ، عن أبي هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال:

لِلّٰهِ تِسْعَةٌ وَّتِسْعُونَ إِسْماً ، مِائَةٌ إِلاَّ واحِدٌ ، مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ ' قَالَ زُهَيْرٌ : فَبَلَغَنَا عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ : أَنَّ أَوَّلَهَا أَنْ يَفْتَتِحَ بِلاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَشَرِيكَ لَهُ ، لَهُ الْمُلْكُ ،وَلَهُ الْحَمْدُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ ، وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ ، لَهُ الأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى ، اللّٰه☆ الواحد☆ الصمد☆ الاول☆ الآخر☆ الظاهر☆ الباطن☆ الخالق☆ البارى☆ المصور☆ الملك☆ الحق☆ السلام☆ المؤمن☆ المهيمن☆ العزيز☆ الجبار☆ المتكبر☆ اللطيف☆ الخبير☆ السميع☆ البصير☆ العلي☆ العظيم☆ الباري☆ المتعالي☆ الجليل☆ الجميل☆ القيوم☆ الهادي☆ القهار☆ العليم☆ الحليم☆ القريب☆ المجيب☆ الغني☆ الوهاب☆ الودود☆ الشكور☆ الواحد☆ الولي☆ الرشيد☆ العفو☆ الغفور☆ الكريم☆ الحليم☆ الحكيم☆ التواب☆ الرب☆ الحميد☆ المجيد☆ الوفي☆ الشهيد☆ المنير☆ البرهان☆ الرؤوف☆ الرحيم☆ المبدئ☆ المعيد☆ الباعث☆ الوارث☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

القوي☆ الشديد☆ الضار☆ النافع☆ الباقي☆الوفي☆الخافض☆ الرافع☆ القابض☆الباسط☆المعز☆ المذل☆ الرزاق☆ ذوالقوة☆ المتين☆ القائم☆ الدائم☆الحافظ☆ الوكيل☆ العادل☆ المانع☆ المعطي☆ المحيي☆ المميت☆ الجامع☆ الكافي☆ الهادي☆ الأبد☆ العالم☆ الصادق☆ النور☆ المبين☆ القديم☆ الحق☆ الفرد☆ الوتر☆ الأحد☆الصمد☆ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ كُفُوًا اَحَدٌ

اس حدیث میں 'الواحد'، 'الصمد'، 'الهادی' اور 'الوفی' کی تکرار ہے۔

ابو نعیم اصبھانی نے ہی ایک اور روایت عبداللّٰه بن محمد بن جعفر(۱) کے حوالے سے درج کی ہے :

وحدثنا عبداللّٰه بن محمد بن جعفر ، ثنا الحسن بن علي الطوسي ، ثنا أبوالحسن اللخمي بسرمراء قالوا : حدثنا خالد بن مخلد ، ثنا عبدالعزيز بن [الحصين] بن الترجمان ، حدثنى أيوب السختيانى و هشام بن حسان ، عن ابن سيرين ، عن أبي هريرة عن النبى صلى اللّٰه عليه و آله وسلم قال :

' إِنَّ لِلّٰه تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ إِسْماً ، مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ .

أسأل اللّٰه☆ الرحمٰن☆ الرحيم☆ الإله☆ الرب☆

۱- جز فیہ طرق حدیث – 'إن للّٰه تسعة و تسعين اسماء' ،مکتبہ الغرباء الأثریہ ، مدینہ منورہ– ۱۴۱۳ ہجری، حدیث نمبر ۵۲ ، صفحہ ۱۳۰-۱۳۱۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الملك☆ القدوس☆ السلام☆ المؤمن☆ المهيمن☆ العزيز☆
الجبار☆ المتكبر☆ الخالق☆ البارى☆ المصور☆ العليم☆
الحليم☆ السميع☆ البصير☆ الحي☆ القيوم☆ الواسع☆
اللطيف☆ الخبير☆ المنان☆ البديع☆ الغفور☆ الودود☆
الشكور☆ المجيد☆ المبدئ☆ المعيد☆ النور☆ الأول☆ الآخر☆
الظاهر☆ الباطن☆ الغفور☆ الغفار☆ القادر☆ الأحد☆ الصمد☆
الوكيل☆ الكافي☆ الباقي☆ الحميد☆ المغيث☆ الدائم☆
المتعالي☆ ذوالجلال☆ الولي☆ النصير☆ الحق☆ المبين☆
الوارث☆ المبين☆ الباعث☆ المجيب☆ المحيي☆ المميت☆
الجميل☆ الصادق☆ الحفيظ☆ المحيط☆ الكبير☆ القريب☆
الفاتح☆ التواب☆ القديم☆ القاهر☆ الرزاق☆ العلي☆ العظيم☆
الغني☆ المليك☆ المقتدر☆ الرؤوف☆ المدبر☆ الملك☆
القادر☆ الهاد☆ الشاكر☆ الكريم☆ الرفيق☆ الشهيد☆
الماجد☆ ذاالطول☆ ذالمعارج☆ ذاالفضل☆ الكفيل☆

اس حدیث میں 'المبین' کی تکرار ہے۔

ایک اہم روایت جو ابو نعیم الأصبھانی نے اس کتاب میں درج کی (۱)ہے وہ امام جعفر صادقؒ سے ہے اور امام احمد بن علی بن حجر العسقلانیؒ نے بھی اس کو اپنی کتاب تخریج حدیث الأسماء

---

(۱)جز فیه طرق حدیث – 'إن لله تسعة و تسعین اسما' ،مکتبه الغرباء الأثریه ، مدینه منوره– ۱۴۱۳ ہجری، حدیث نمبر۹۱، صفحه ۱۶۴ تا ۱۷۰۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الحسنیٰ (۱) حدیث نمبر ۴۱/۴۰ میں نقل کیا ہے :

حدثنا سليمان بن أحمد ، ثنا أحمد بن عمرو الخلال المكي ، ثنا محمد بن [ أبي ] عمر المكي ، ثنا محمد بن جعفر بن محمد بن علي بن الحسين بن على بن أبى طالب قال : سَألتُ أبي : جعفر بن محمدٍ عَنْ الأَسْماءِ الّتي قَالَ رسولُ اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم ' إنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّ تِسْعِيْن إِسْماً مَنْ اَحْصَاهَا دَخلَ الْجَنَّةَ ' وإِنَّهَا لَفِيْ كِتَابِ اللّٰهِ :

مِنْهَا : فِي فَاتِحَةِ الكِتَابِ خَمْسَةُ أَسْمَاء ، وَفِي الْبَقَرَةِ ثَلَاثَةٌ وثلاثُونَ إِسْماً ، وَفِي آل عِمْرَانَ خَمْسَة أَسْمَاءْ ، وَفِي النِّسَاء سَبْعَةُ أَسْمَاءَ، وفي الْأنْعَام سِتَّةُ أَسْمَاءَ ، وَفِي الأَعْرَافِ حرفَان ، وَفِي الأَنْفَال حَرْفَان ، وَفِي هُودٍ أَرْبَعَةُ أسماً، وفي الرَّعْدِ حَرفَان ، وَفِي إِبْرَاهِيْم إِسْمٌ وَاحِدٌ ، وَفِي الْحِجْرِ إِسْمٌ وَاحِدٌ، وفِي مَرْيَم ثَلاثَةُ أسماء ، وَفِي طه اسْمٌ وَاحِدٌ ، وَفِي الْحَجِّ اسْمٌ وَاحِدٌ، وَفِي الْمُؤْمِنِيْنَ اسْمٌ وَاحِد، وَفِي النُّورِ ثَلاثَةُ أَسْمَاء، وَفِي الْفُرْقَان اسْمٌ وَاحِدٌ ' وَفِي سَبَأ اسْمٌ وَاحِد ، وَفِي الزُّمَر أَرْبَعَةُ أَسْمَاءَ ، وَفِي الْمُؤمِن أَرْبَعَةُ أَسْمَاء، وَفِي الذَّارِيَاتِ إِسْمَان ، وَفِي الطُّور إِسْمٌ وَاحِدٌ وَفِي اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةِ حَرْفَان ، وَفِي الرَّحْمٰنِ أَرْبَعَةُ أَسْمَاء ، وَ فِي الْحَدِيْدِ أَرْبَعَةُ أَسْمَاء ، وَفِي الْحَشْرِ إِحْدىٰ عَشَرَةَ ، وَفِي الْبُرُوْجِ حَرْفَان ، وَفِي الْفَجْرِ وَاحِدٌ ، وَفِي الْإِخْلَاص حَرْفَان –

(۱) تخرج حديث الأسماء الحسنیٰ ،مکتبہ الغرباء الأثرية ، مدینہ منورہ– ۱۴۱۳ ہجری، صفحہ ۵۶ تا ۶۲–



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَإِذَا تُلِيَتْ هٰذِهِ الأَسْمَاءُ فَإِنَّ فِيهَا أَسْمَاءَ اللّٰهِ ٱلَّذِي إِذَا دُعِيَ بِهِ أَجَابَ ، وَإِذَا سُئِلَ أَعْطَىٰ، فَإِذَا هَمَمْتَ أَنْ تَدْعُوَا بِهٰذِهِ الأَسْمَاءِ فَلْيَكُنْ ذٰلِكَ بَعْدَ صِيَامٍ وَاجِبٍ، أَوْ صَوْمِ الْخَمِيْسِ ، وَتَدْعُوا فِي آخِرِ لَيْلَةِ الْجُمُعَةِ ، وَقْتَ السَّحَرِ: اللّٰه لا إله إلا هو...... مَايَدْعُوَا بِهٰذِهِ الأَسْمَاءِ عَبْدٌ مُؤمِنٌ إِلاَ أَجَابَهُ اللّٰهُ ، وَلَوْ سَأَلَ يَمْشِيْ عَلىٰ الْمَاءِ لَأَجَابَهُ اللّٰهُ ، أَوْ عَلى مَتْنِ الرِّيْحِ.

١- فَأَمَّا الْخَمْسَةُ فِي فَاتِحَةِ الْكِتَابِ: ياالله ! يارب ! يارحمن ! يارحيم ! يامالك !

٢- وَأَمَّا الثَّلاثَةُ وَالثَّلاثُونَ الَّتِي فِي الْبَقَرَةِ: يامحيط☆ياقدير☆ يا عليم☆ ياحكيم☆ يا تواب☆ يارحيم☆ يابصير☆ ياعظيم☆ ياولي☆ يانصير☆ ياواسع☆ يابديع☆ ياسميع☆ ياعزيز☆ ياكافي☆ يارؤوف☆ ياشاكر☆ ياواحد☆ ياقوي☆ ياشديد☆ ياقريب☆ يامجيب☆ ياسريع☆ ياحليم☆ ياخبير☆ ياقابض☆ ياباسط☆ ياحي☆ ياقيوم☆ ياغني☆ ياحميد☆

٣- وَأَمَّا الَّتِي فِي آلِ عِمْرَانَ: ياوهاب☆ ياقائم☆ ياصادق☆ يامنعم☆ يا متفضل☆

٤- وَأَمَّا الَّتِي فِي النِّسَآءِ: يارقيب☆ ياحسيب☆ ياشهيد☆ يامقيت☆ ياعَلي☆ ياكبير☆ يا وكيل☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٥- وَأَمَّاالَّتِي فِيالْأَنْعَام: ياغفور☆ يابرهان☆ يافاطر☆ ياقاهر☆ يامميت☆

٦- وَأَمَّا الَّتِي فِي الْأَعْرَاف : يا محيي☆ يا مميت☆

٧- وَأَمَّا الَّتِي فِي الْأَنْفَال : يا نعم المولى و نعم النصير☆

٨- وَأَمَّا الَّتِي فِي هُوْدٍ:يامحيط☆يامجيد☆ياودود☆يافعال لما يريد☆

٩- وَأَمَّا الَّتِي فِي الرَّعْد : يا كبير☆ يا متعال☆

١٠- وَفِي سُورَةِ إِبْرَاهِيْم : يا منان☆

١١- وَفِي الْحِجْر : يا خلّاق☆

١٢- وَفِي مَرْيَم : يا صادق☆ يا وارث☆ يا فرد☆

١٣- وَفِي طَهٰ : يا غفار☆

١٤- وَفِي الْحَجّ : يا باعث☆

١٥- وَفِي الْمُؤْمِنِيْنَ : ياكريم☆

١٦- وَفِي النّور : يا حق☆

١٧- وَفِي الْفُرْقَان : يا هاد☆

١٨- وَفِي سَبَا : يافتّاح☆

١٩- وَفِي الزُّمُر : يا عالم الغيب والشهادة☆

٢٠- وَفِيالْمُؤمِن:ياغافر الذنب☆ياقابل التوب☆ ياذاالطول☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یارفیع☆

۲۱- وَفِي الذَّارِيَات : يا رزّاق☆ يا ذا القوة المتين☆

۲۲- وَفِي الطُّوْرِ : يا برُّ☆

۲۳- وَفِي اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ(القمر) : يامليك☆ يا مقتدر☆

۲٤- وَفِي الرَّحْمٰن: ياربَّ المَشْرِقَيْنِ☆ يَارَبَّ المَغْرِبَيْنِ☆ ياذَاالجلال والإكرام☆

۲۵- وَفِي الحَدِيد : يا أول☆ ياآخر☆ يا ظاهر☆ يا باطن☆

۲٦- وَفِي الحَشْرِ : يا ملك☆ ياقدوس☆ يا سلام☆ يامؤمن☆ يامهيمن☆ ياعزيز☆ ياجبار☆يامتكبر☆ ياخالق☆ ياباریٔ☆ يامصوّر☆

۲۷- وَفِي البُرُوج : يامبدی☆ يامعيد☆

۲۸- وَفِي الْفَجْرِ : يا وتر☆

۲۹- وَفِي الإِخْلَاص : يا أحد☆ يا صمد☆

ترجمہ : محمد بن جعفر فرماتے ہیں میں نے اپنے والد جعفر بن محمد سے ان اسماء کے بارے میں پوچھا جن کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں، جس شخص نے ان کو یاد کیا وہ جنت میں داخل ہوگا- اور یہ اسماء کتاب اللہ میں موجود ہیں-

اور جب یہ اسماء پڑھے جائیں گے (تو بڑی برکت کا باعث ہوگا)

کیونکہ ان میں اللہ تعالیٰ کے وہ نام ہیں جن کے ساتھ جب دعا کی جاتی ہے تو اللہ قبول کرتا ہے، اور جب سوال کیا جاتا ہے تو عطا فرماتا ہے، جب تو



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے ان اسماء کے ذریعہ مانگنے کا ارادہ کیا تو پس چاہیئے کہ یہ (مانگنا) کسی واجب روزے کے بعد ہو یا جمعرات کے دن کے روزے کے بعد ہو۔ جمعہ کی رات بوقت سحر هُوَ اللّٰهُ الَّذِی لاَ اِلٰهَ اِلَّاهُوَ سے شروع کر کے تمام اسماء پڑھ کر دعا مانگے کیونکہ جو بھی مؤمن بندہ ان ناموں کے واسطے سے دعا کرتا ہے چاہے وہ پانی پر یا ہوا کے دوش پر چلنے کی دعا مانگے تو وہ بھی قبول ہو جاتی ہے۔ (۱)

اسماء یہ ہیں :

۱- سورہ فاتحہ میں پانچ نام مذکور ہیں : یااللّٰه☆ یارب☆ یارحمٰن☆ یارحیم☆ یامالك☆

۲- سورہ بقرہ میں ۳۳ نام ہیں :یامحیط☆ یاقدیر☆ یاعلیم☆ یاحکیم☆ یاتوّاب☆ یارحیم☆ یابصیر☆ یاعظیم☆ یاوليّ☆ یانصیر☆ یاواسع☆ یابدیع☆ یاسمیع☆ یاعزیز☆ یاكافي☆ یارؤوف☆ یاشاکر☆ یاواحد☆ یاقوي☆ یاشدید☆ یاقریب☆ یامجیب☆ یاسریع☆ یاحلیم☆ یاخبیر☆ یاقابض☆ یاباسط☆ یاحي☆ یاقیوم☆ یاغني☆ یاحمید☆ (یہ صرف ۳۱ نام ہیں جب کہ ۳۳ ناموں کا ذکر ہے۔)

۳- سورہ آل عمران میں ۵ نام ہیں : یاوهّاب☆ یاقائم☆

---

(۱) کنز العمال (علامہ علاؤ الدین المتقیؒ) میں ابن مردویہؒ کے حوالے سے حضرت ابو ہریرۃؓ سے مروی یہ حدیث (نمبر ۱۹۳۲) درج ہے۔

إن لله مائةَ اسم غيرَ اسم مَنْ دعا بها استجابَ الله له.

ترجمہ : اللہ تبارک تعالیٰ کیلئے ایک کم سو اسماء گرامی ہیں جو شخص ان اسماء کے ذریعہ دعا کرے اللہ تعالیٰ اسے قبول فرماتا ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یاصادق☆ یامنعم☆ یا متفضل☆

۴- سورہ النساء میں ۷ نام ہیں : یارقیب☆ یاحسیب☆ یاشهید☆ یامقیط☆ یاعلي☆ یاکبیر☆ یاوکیل☆

۵- سورہ انعام میں ۶ نام ہیں :یاغفور☆ یابرهان☆ یافاطر☆ یاقاهر☆ یاممیت☆ (یہاں بھی ایک نام کم ہے)

۶- سورہ اعراف میں ۲ نام ہیں : یا محیي☆ یا ممیت☆

۷- سورہ انفال میں ۲ نام ہیں :یا نعم المولی و نعم النصیر☆

۸- سورہ ھود میں چار نام ہیں :یامحیط☆یامجید☆یاودود☆یافعال لما یرید☆

۹- سورہ رعد میں ۲ نام ہیں : یاکبیر☆ یا متعال☆

۱۰- سورہ ابراھیم میں ایک ہی نام ہے : یا منّان☆

۱۱- سورہ حجر میں ایک نام ہے : یا خلاّق☆

۱۲- سورہ مریم میں ۳ نام ہیں : یا صادق☆ یا وارث☆ یا فرد☆

۱۳- سورہ طٰهٰ میں ایک نام ہے : یا غفار☆

۱۴- سورہ حج میں ایک نام ہے : یا باعث☆

۱۵- سورہ مؤمنون میں ایک نام ہے :یاکریم☆

۱۶- سورہ نور میں ۳ نام ہیں : یا حق☆ (اس میں دو نام کم ہیں)

۱۷- سورہ فرقان میں ایک نام ہے : یا هاد☆

۱۸- سورہ سبا میں ایک نام ہے :یافتّاح☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۹- سورہ زمر میں تین نام ہیں : یاعالم الغیب والشهادة☆(اس میں بھی ۲ نام کم ہیں۔)

۲۰- سورہ مؤمن میں ۴ نام ہیں : یاغافر الذنب☆ یاقابل التوب☆ یاذا الطول☆ یا رفیع☆

۲۱- سورہ ذاریات میں ۲ نام ہیں : یا رزّاق☆ یا ذا القوة المتین☆

۲۲- سورہ طور میں ایک نام ہے :یا بر☆

۲۳- سورہ (اقتربت الساعة قمر)میں ۲ نام ہیں : یاملیك☆ یامقتدر☆

۲۴- سورہ رحمٰن میں ۴ نام ہیں :یارب المشرقین☆ یارب المغربین☆ یا ذالجلال والإکرام☆ (اس میں ایک نام کم ہے)

۲۵- سورہ حدید میں ۴ نام ہیں : یا أول☆ یاآخر☆ یا ظاهر☆ یاباطن☆

۲۶- سورہ حشر میں ۱۱ نام ہیں : یا ملك ! یاقدوس☆ یاسلام☆ یامؤمن☆یا مهیمن☆ یا عزیز☆ یا جبار☆ یامتکبر☆ یاخالق ☆ یاباری☆ یامصوّر☆

۲۷- سورہ بروج میں دو نام ہیں : یامبدیٔ☆ یا معید☆

۲۸- سورہ فجر میں ایک نام ہے :یا وتر☆

۲۹- سورہ اخلاص میں دو نام ہیں : یا أحد☆ یا صمد☆

۱۰- امام ابو محمدعلی بن احمد بن سعید بن حزم الاندلسی



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۳۸۴-۴۵۶ ہجری ) نے اپنی کتاب ' المحلی بالآثار ' (۱) میں بخاری کی یہ حدیث روایت کی ہے : ابو الیمان ( حکم بن نافع ) شعیب بن ابی حمزہ ، ابو الزناد عن الاعرج عن ابی ھریرۃ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم قال :

إِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ إِسْمًا مِائَةً إِلاَّ وَاحِداً مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ '

ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا :

' بلاشبہ اللہ تعالیٰ کے ننانوے ، یعنی ایک کم سو اسماء ہیں جس نے ان کو یاد کرلیا، وہ جنت میں داخل ہوگا -

آگے چل کر امام ابن حزم فرماتے ہیں :

وَجَاءَتْ أَحَادِيْثُ فِي إِحْصَاءِ التِّسْعَةِ وَالتِّسْعِيْنَ أَسْمَاءَ مُضْطَرِبَةٌ لاَيَصِحُّ مِنْهَا شَيْئٌ أَصْلاً ، فَإِنَّمَا تُؤْخَذُ مِنْ نَصِّ الْقُرْآنِ .

وَمِمَّا صَحَّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَقَدْ بَلَغَ إِحْصَاؤُنَا مِنْهَا إِلٰى مَا نَذْكُرُ :

ترجمہ : اللہ تعالیٰ کے ننانوے ناموں کے احصاء کے بارے میں مختلف روایاتِ حدیث وارد ہیں ان میں کوئی بھی صحت کے معیار پر پوری نہیں اترتی اس لئے اسماء حسنیٰ قرآنی آیات ہی سے اخذ کیے جائیں گے اور جو

---

(۱) المحلی بالآثار ، دارالفکر، بیروت، جلد ٦ ، صفحہ : ۲۸۱-۲۸۲-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے صحیح ثابت ہیں ان کی جو تعداد ہمیں پہنچی ہے وہ ہم ذکر کرتے ہیں :

اللّٰہ☆ الرحمٰن☆ الرحیم☆ العلیم☆ الحکیم☆ الکریم☆ العظیم☆ الحلیم☆ القیوم☆ الأکرم☆ السلام☆ التواب☆ الرب☆ الوھاب☆ الإلٰه☆ القریب☆ السمیع☆ المجیب☆ الواسع☆ العزیز☆ الشاکر☆ القاھر☆ الآخر☆ الظاھر☆ الکبیر☆ الخبیر☆ القدیر☆ البصیر☆ الغفور☆ الشکور☆ الغفار☆ القھار☆ الجبار☆ المتکبر☆ المصور☆ البر☆ مقتدر☆ الباري☆ العلي☆ الغني☆ الولي☆ القوي☆ الحي☆ الحمید☆ المجید☆ الودود☆ الصمد☆ الأحد☆ الواحد☆ الأول☆ الأعلی☆ المتعال☆ الخالق☆ الخلاق☆ الرزاق☆ الحق☆ اللطیف☆ رؤوف☆ عفو☆ الفتاح☆ المتین☆ المبین☆ المؤمن☆ المھیمن☆ الباطن☆ القدوس☆ الملك☆ ملیك☆ الأکبر☆ الأعز☆ السید☆ سبوح☆ وتر☆ محسان☆ جمیل☆ رفیق☆ المسعر☆ القابض☆ الباسط☆ الشافي☆ المعطي☆ المقدم☆ المؤخر☆ الدھر.

(۱۱) امام ابوبکر احمد بن الحسین بن علی البیھقی (متوفی ۴۵۸ ہجری) نے 'کتاب الاسماء والصفات'(۱) باب 'بیان الأسماء

---

(۱) باب الاسماء التي من احصاھا دخل الجنة، صفحہ ۲۸، دارالکتاب العربی، بیروت، ۱۴۱۵ ہجری اور اسماء اللہ الحسنیٰ، تالیف : عبداللہ بن صالح بن عبدالعزیز الغصن، دارالوطن، ریاض، صفحہ ۲۲۳۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ألتي من أحصاها دخل الجنة میں یہ روایت درج کی ہے :

وأخبرنا أبو أحمد عبدالله بن محمد بن الحسين المهرجاني العدل نا أبو بكر محمد بن جعفر أبي موسى المزكي نامحمد بن إبراهيم العبدي نا أبو عمران موسى بن أيوب النصيبي ناالوليد بن مسلم ونا أبو نصر عمر بن عبدالعزيز بن عمر بن قتادة نا ابو عمرو بن مطرنا الحسن بن سفيان . ح . وحدثنا أبو عبدالرحمٰن محمد بن الحسين بن محمد بن موسى السلمي رحمه الله تعالىٰ نا علي بن الفضيل بن محمد بن عقيل الخزاعي نا جعفر بن محمد ابن المستفاض الفريابى قالا : ثنا صفوان بن صالح نا الوليد بن مسلم نا شعيب ابن أبي حمزة عن أبي الزناد عن الأعرج عن أبى هريرة قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :

' إِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ إِسْماً مِائَةً إِلاَّ وَاحِداً مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ وَهُوَ وِتْرٌ ' يُحِبُّ الْوِتْرَ'هوالله الذى لاإله إلاهو ☆ الرحمٰن ☆الرحيم ☆ الملك☆ القدوس☆ السلام☆ المؤمن☆ المهيمن☆ العزيز☆ الجبار☆ المتكبر☆ الخالق☆ البارى☆ المصور☆ الغفار☆ القهار☆ الوهاب☆ الرزاق☆ الفتاح☆ العليم☆ القابض☆ الباسط☆ الخافض☆ الرافع☆ المعز☆ المذل☆ السميع☆ البصير☆الحكم☆العدل☆اللطيف☆الخبير☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الحليم☆ العظيم☆ الغفور☆ الشكور☆ العلي☆ الكبير☆
الحفيظ☆ المقيت☆الحسيب☆الجليل☆الكريم☆ الرقيب☆
المجيب☆ الواسع☆ الحكيم☆ الودود☆ المجيد☆ الباعث☆
الشهيد☆ الحق☆ الوكيل☆ القوي☆ المتين☆ الولي☆ الحميد☆
المحصي☆ المبدئ☆ المعيد☆ المحيي☆ المميت☆ الحي☆
القيوم☆ الواجد☆ الماجد☆ الواحد☆ الصمد☆ القادر☆
المقتدر☆ المقدم☆ المؤخر☆ الأول☆ الآخر☆ الظاهر☆
الباطن☆ الوالي☆ المتعالي☆ البر☆ التواب☆ المنتقم☆ العفو☆
الرؤوف☆ مالك الملك☆ ذوالجلال والإكرام☆ المقسط☆
الجامع☆ الغني☆ المغني☆ المانع☆ الضار☆ النافع☆ النور☆
الهادي☆ البديع☆ الباقي☆ الوارث☆ الرشيد☆ الصبور☆
المانع☆ الجميل☆ القاهر☆ القريب☆ الرب☆ المبين☆ الدائم☆
الحافظ☆ الفاطر☆ المعطي☆ الكافي☆ العالم☆ الصادق☆
القديم☆ الوتر☆ الأحد☆ المليك☆ الجواد☆ الخلاق☆ الديان☆
الرزاق☆ السيد☆ السبوح☆ الشافي☆ الشاكر☆ العلام☆
الغافر☆ القدير☆ القاضي☆ الكفيل☆ المنان☆ الناصر☆
ذوالفضل☆ ذوالعرش☆ ذوالطول☆ فالق الحب والنوى☆ سريع
الحساب☆ ذوالمعارج☆ البادئ☆ الذارئ☆ الصانع☆
المحيط☆ الحنان☆ الأكرم☆ الطبيب☆ المدبر☆ النصير☆
الفعال☆ الغالب☆ ذوانتقام☆ المولى☆ الحيي☆ الطالب☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الکاشف☆ الغیاث☆ الوافي☆ الفرد☆

اس میں 'الرزاق' کی تکرار ہے۔

۱۲۔ امام ابو عبداللہ القرطبی (متوفی ۶۷۱ ہجری) نے اپنی کتاب 'الاسنی فی شرح اسماء اللّٰه الحسنیٰ'(۱) میں درج ذیل اسماء اللہ عزّوجلّ کی قرآن کریم اور احادیث سے تخریج کی ہے:

الرحمٰن☆ الرحیم☆ الحلیم☆ الکریم☆ الأکرم☆ ذوالجلال و الإکرام☆ الصبور☆ الغفور☆ الغافر☆ العفو☆ الغفار☆ الساتر☆ الستار☆رمضان☆ الرؤوف☆ الصمد☆ الحمید☆ القاضي☆ الکاتب☆ الحاسب☆ القهار☆ القاهر☆ الغالب☆ الفتاح☆ الکاشف☆ اللطیف☆ المؤمن☆ المهیمن☆ الجواد☆ المنان☆ الحنان☆ المقیت☆ الرازق☆ الرزاق☆ المغیث☆ الغیاث☆ المجیب☆ المستجیب☆ آمین☆ الولي☆ الوالي☆ المولی☆ الحافظ☆ الحفیظ☆ الواقي☆ الناصر☆ النصیر☆ الشاکر☆الشکور☆المصلی☆البر☆الحفي☆المبارك☆ فالق الإصباح☆ فالق الحب والنوی☆ المخرج☆ الراتق☆ الفاتق☆ الضار☆النافع☆المعطي☆المانع☆ الباسط☆ القابض☆ الخافض☆ الرافع☆ المعز☆ المذل☆ المقدم☆ المؤخر☆ الهادی☆ المضل☆ المحیي☆ الممیت☆ المبدئ☆ المعید☆

(۱) دار الصحابة للتراث [illegible] ۱۴۱۵ ہجری۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الرب☆ الوهّاب☆ الرقيب☆ التواب☆ الدّيان☆ الوفي☆ الودود☆ الهوي☆ الحكم☆ العدل☆ المقسط☆ الصادق☆ النور☆ المبين☆ البرهان☆ الراشد☆ الرشيد☆ المرشد☆ الباعث☆ الجامع☆ سريع الحساب☆ سريع العقاب☆ شديد العقاب☆ ذوانتقام☆ المنتقم☆ الشديد البطش☆ الأليم الأخذ☆ إلّ☆ الإله☆ الممتحن☆ البالي☆ المبلي☆ المبتلي☆ الفاتن☆ المسعر☆ الوكيل☆ الكفيل☆ المفضل☆ ذوالفضل☆ المحسن☆ المؤئل☆المغني☆ الطبيب☆ الشافي☆ الحيي☆ الستير☆ الصاحب☆ الخليفة☆ المتوفي☆ المفني☆ المبقي☆ الخفي☆ المستعان☆ المبرم☆ المنذر☆ المرسل☆ المنزل☆ المعذب☆ المهلك☆ الرفيق ☆ مقلب القلوب ☆ مثبت القلوب☆مصرف القلوب☆ الشفيع☆ اهل التقوی☆ أهل المغفرة۔

۱۳- امام احمد بن علي بن حجر العسقلانیؒ (۷۷۳-۸۵۲ ہجری) نے 'فتح الباری شرح صحیح البخاری '(۱) میں اسماء الحسنٰی پر مختلف احادیث اور ان کے راویوں پر بحث کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

'اور جب یہ بات ثابت ہوگئی کہ حدیث میں اسماء مرفوعاً مذکور نہیں ہیں تو لوگ بھی اسماء کی تلاش میں سرگرداں ہوگئے ایک جماعت ان

(۱) عربی متن اور تفصیل کے لئے دیکھئے 'فتح الباری بشرح صحیح بخاری ، دارالفکر ، بیروت ، ۱۴۱۶ ہجری، جلد ۱۲، صفحہ ۵۱۸ تا ۵۲۰

www.KitaboSunnat.com



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی تلاش میں نکل کھڑی ہوئی : قرآن کریم میں سے کسی عدد (تعداد) کی قید کے بغیر - پس ہم نے بیان کیا ہے (کتاب المائتین) (۱) میں ابی عثمان الصالونی کے لئے - اسی سند کے ساتھ، محمد بن یحیی ذھلی تک کہ انہوں نے بھی اسماء کی تخریج چاہی قرآن سے (تخریج کیا) اسی طرح ابو نعیم نے تخریج کی ہے طبرانی سے بایں سند عن احمد بن عمرو الخلال عن ابن أبی عمرو ' حدثنا محمد بن جعفر بن محمد بن علی بن الحسین - سألت ابا جعفر بن محمد الصادق عن الاسماء الحسنی هی فقال فی القرآن ' اور ہم نے روایت کیا ہے (فوائد تمام) میں بطریق ابی الطاهر بن السرح عن حبان بن نافع عن سفیان بن عیینة الحدیث، یعنی حدیث ' ان للّٰه تسعة وتسعین إسمًا ' کہتے ہیں پس سفیان نے وعدہ کیا کہ وہ ان اسماء کی ہمارے لئے قرآن سے تخریج کریں گے- لیکن ان سے کچھ سستی ہوگئی - پس ہم آئے ابو زید کے پاس تو انہوں نے ہمیں وہ اسماء نکال دیئے جن کو پھر ہم نے سفیان پر بھی پیش کئے (دکھائے) تو انہوں نے بھی اسے چار مرتبہ دیکھا اور کہا نعم هی هذہٖ جی ہاں! یہی تو ہیں اور یہ ترتیب ہے (جو ذکر کی ہے جعفر وابو زید نے )- وہ دونوں بولے - اسماء الحسنیٰ فی القرآن بس سورہ فاتحہ میں پانچ ہیں : اللّٰه ☆ الرب☆ الرحمٰن☆ الرحیم☆ مالك☆ اور سورہ بقرہ میں محیط☆ قدیر☆ علیم☆

(۱) امام احمد بن علی بن حجر العسقلانیؒ کی کتاب المائتین ، فوائد تمام اور الأمد ہمیں نہ مل سکیں - اگر کسی صاحب کے پاس ہو تو مطلع کریں ہمیں اس کی فوٹو کاپی عنایت فرمادیں - اللہ رب العالمین ان کو جزاء خیر عطا فرمائے گا-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حکیم☆ علی☆ عظیم☆ توّاب☆ بصیر☆ ولی☆ واسع☆ کاف☆ روف☆ بدیع☆ شاکر☆ واحد☆ سمیع☆ قابض☆ باسط☆ حي☆ قیوم☆ غنی ☆ حمید☆ غفور☆ حلیم اور جعفر صادق نے سورہ بقرہ میں یہ مزید ذکر کئے ہیں : 'اللہ☆ قریب☆ مجیب☆ عزیز☆ نصیر☆ قوی☆ شدید☆ سریع☆ خبیر☆ اور وہ دونوں( امام جعفرؒ و ابو زید بغویؒ ) کہتے ہیں اور سورہ آل عمران میں وھاب☆ قائم☆ ہیں - جعفر صادقؒ نے سورہ آل عمران میں یہ مزید ذکر کئے ہیں' ، باعث☆ منعم☆ متفضل☆ اور و ہ دونوں کہتے ہیں سورہ نساء میں ' رقیب☆ حسیب☆ شہید☆ مقیت☆ وکیل☆ اسماء ہیں اور امام جعفر صادق ؒ نے سورہ نساء میں یہ مزید ذکر کئے ہیں : علي☆ کبیر☆ اور سفیان نے زیادہ کیا ہے عفو ☆ اور سورہ انعام میں دونوں کے یہاں فاطر☆ قاھر☆ اور جعفر نے انعام میں زیادہ کیے ہیں : ممیت☆ غفور☆ برھان☆ اور سفیان نے انعام میں مزید ذکر کئے ہیں' لطیف☆ خبیر☆ قادر☆ اور سورہ اعراف میں دونوں کے یہاں 'محیي☆ ممیت☆اور سورہ انفال میں دونوں کہتے ہیں ' نعم المولیٰ☆ ونعم النصیر☆اور سورہ ھود میں دونوں کہتے ہیں: حفیظ☆ مجید☆ ودود☆ فعال لما یرید☆ اور سفیان نے زیادہ کیا ہے سورہ ھود میں: قریب☆ مجیب☆ اور سورہ رعد میں دونوں کہتے ہیں: کبیر☆ متعال☆ اور سورہ ابراھیم میں دونوں کہتے ہیں: منان☆ — اور جعفر صادقؒ نے زیادہ کیا ہے سورہ ابراھیم میں ' صادق☆ وارث☆ اور



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سورہ حجر میں دونوں کہتے ہیں : خلّاق☆۔ اور سورہ مریم میں دونوں کے یہاں : صادق☆ وارث☆ ۔ جعفر صادقؒ نے سورہ مریم میں اضافہ کیا ہے : فرد اور سورہ طٰہٰ میں صرف جعفر صادقؒ کے نزدیک ہے غفّار☆ اور سورہ المؤمنون میں دونوں کے یہاں : کریم' اور سورہ نور میں دونوں کہتے ہیں: حق☆ مبین☆ اور سفیان نے سورہ نور میں اضافہ کیا ہے' نور☆ اور سورہ فرقان میں دونوں کہتے ہیں: 'ھاد☆ اور سورہ سبا میں دونوں کہتے ہیں: 'فتّاح☆ اور سورہ زمر میں صرف جعفر صادقؒ کہتے ہیں: 'عالم☆ اور سورہ مؤمن میں دونوں کے ہاں : غافر☆ قابل☆ ذوالطول☆ اور سفیان نے سورہ مؤمن میں اضافہ کیا ہے : شدید☆ کا اور جعفر صادقؒ نے سورہ مؤمن میں اضافہ کیا ہے : رفیع☆ کا اور سورہ ذاریات میں دونوں کہتے ہیں: رزاق☆ ذوالقوة☆ المتین☆ اور سورہ طور میں دونوں کہتے ہیں: بر☆ اور سورہ اقتربت میں دونوں کہتے ہیں : مقتدر☆ اور جعفر صادقؒ نے سورہ اقتربت میں اضافہ کیا ہے ملیك☆ کا اور سورہ رحمٰن میں دونوں کہتے ہیں ذوالجلال والاکرام☆ . جعفر صادقؒ نے اضافہ کیا ہے سورہ رحمٰن میں، رب المشرقین و رب المغربین☆ باقی☆ معین☆ اور سورہ حدید میں دونوں کہتے ہیں : اول☆ آخر☆ ظاھر☆ باطن☆ اور سورہ حشر میں دونوں کے یہاں : قدوس☆ سلام☆ مؤمن☆ مھیمن☆ عزیز☆ جبار☆ متکبر☆ خالق☆ باری☆ مصور جعفر صادقؒ نے سورہ حشر میں اضافہ کیا ہے: ملك☆ اور سورہ بروج میں دونوں کہتے ہیں : مبدئ☆ معید☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور سورہ فجر میں صرف جعفر صادقؒ کہتے ہیں : وتر☆ اور سورہ اخلاص میں دونوں کہتے ہیں : احد☆ صمد☆ ۔

یہ وہ آخری اسم ہیں جو جعفر صادقؒ اور ابو زید سے مروی ہیں اور یہ تتمہ (تکملہ) ہے سفیان کی تقریر کا اسماء کی جستجو میں ، اس میں آپ نے دیکھا کہ اختلاف بھی ہے اور اسماء کا تکرار بھی ہے اور ایسے اسماء کو بھی اسم شمار کیا ہے جو بطور اسم مذکور نہیں ہوئے۔ اور وہ یہ ہیں : صادق☆ منعم☆ متفضل☆ منان☆ مبدیٔ☆ معید☆ باعث☆ قابض☆ باسط ☆ برھان☆معین ☆ممیت☆ باقی☆

اور میں نے توقف کیا اسی طرح ابو عبداللہ محمد بن ابراھیم الزاھد کی کتاب (المقصد الأسنی)(۱) میں جو انہوں نے قرآن سے اسماء تلاش کیے ہیں میں نے ان میں غور وخوض کیا تو میں نے اس میں پایا اسماء کی تکرار اور ایسے اسماء کا ذکر جو بطور اسماء مذکور نہیں ہیں الصادق☆ الکاشف☆ العلام☆ اور انہوں نے مضاف سے بھی اسم ذکر کیا ہے ۔ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوىٰ سے ' الفالق☆ ۔ان کو چاہیے تھا کہ یہ بھی ذکر کرتے 'القابل☆ اس قول سے ' قَابِلِ التَّوْبِ' جیسے کہ اوپر ذکر کرتے آئے ہیں مگر یہ چھوڑ دیا انہوں نے۔ اور تحقیق میں نے غور و خوض کیا ان اسماء میں جو قرآن میں بطور اسم مذکور ہیں ان میں سے جو ترمذی کی روایت میں بھی مذکور نہیں ہیں وہ یہ ہیں ' ☆ الرب ☆ الإله ☆ المحيط ☆ القدير ☆

---

(۱) یہ کتاب ہمیں نہ مل سکی ۔ اگر کسی صاحب کے پاس ہے تو ازراہ مہربانی ہمیں اس کی فوٹو کاپی عنایت کردیں تاکہ اس کی تحقیق کو بھی اس کتاب میں شامل کیا جاسکے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الكافی ☆ الشاکر ☆ الشدید ☆ القائم ☆ الحاکم ☆ الفاطر ☆ الغافر ☆ القاھر ☆ المولیٰ ☆ النصیر ☆ الغالب ☆ الخالق ☆ الرفیع ☆ الملیك ☆ الکفیل ☆ الخلاق ☆ الأکرم ☆ الأعلی ☆ المبین ☆ الحفی ☆ القریب ☆ الاحد ☆ الحافظ ☆ پس یہ ستائیس (۲۷) اسماء ہیں کہ جن کو میں نے جب ترمذی کے ان اسماء کے ساتھ ملایا جو قرآن سے بطور اسم بصیغہ اسم مذکور و منقول ہیں تو مکمل ہوگئے ان کے ساتھ ۹۹ (ننانوے) اسماء اور وہ جو سب کے سب قرآن کریم میں ہیں لیکن ان میں سے بعض اضافتہ سے ماخوذ ہیں جیسے کہ شدید ☆ 'شَدِیْدُ الْعِقَابِ' سے اور الرفیع ☆ 'رَفِیْعُ الدَّرَجَاتِ' سے۔ اور القائم ☆ 'قَائِمٌ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ' سے اور الفاطر ☆ 'فَاطِرِ السَّمٰوَاتِ' سے اور القاھر 'وَھُوَالْقَاھِرُ فَوْقَ عِبَادِہٖ' سے اور المولیٰ و النصیر ☆ 'نعم المولیٰ وَنِعْمَ النَّصِیْرِ' سے اور العالم ☆ 'عَالِمُ الْغَیْبِ' سے اور الخالق ☆ 'خَالِقُ کُلِّ شَیءٍ' سے اور الغافر ☆ 'غَافِرُالذَّنْبِ' سے اور الغالب ☆ 'وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ سے اور الرفیع ☆ 'رَفِیْعُ الدَّرَجَاتِ' سے اور الحافظ ☆ 'فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظاً ☆ سے 'وَاِنَّا لَہٗ لَحَافِظُوْنَ' سے اور تحقیق واقع ہوئے ہیں اسی طرح کے اور اسماء بھی روایت ترمذی میں '، المحیی ☆ لَمُحْیِي الْمَوتیٰ' سے اور ، المالك ☆ 'مٰلِكُ الْمُلْكِ' سے اور ، النور ☆ 'نُوْرُالسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ' سے اور، البدیع ☆ 'بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ' سے اور الجامع ☆ 'جَامِعُ النَّاسِ' سے اور الحکم ☆ 'اَفَغَیْرَ اللّٰہِ اَبْتَغِي



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حَکَماً' سے اور الوارث☆ 'نَحْنُ الْوَارِثُون' سے۔

وہ اسماء جو ان کے مقابل ہیں ان سے جو واقع ہوئے ہیں ترمذی کی روایت میں ان اسماء کے جو کہ قرآن میں بصیغہ اسم واقع نہیں ہوئے ہیں اور یہ ستائیس اسماء ہیں : القابض☆ الباسط☆ الخافض☆ الرافع☆ المعز☆ المذل☆ العدل☆ الجليل☆ الباعث☆ المحصي☆ المبدیء☆ المعيد☆ المميت☆ الواجد☆ الماجد☆ المقدم☆ المؤخر☆ الوالي☆ ذوالجلال والإكرام☆ المقسط☆ المغني☆ المانع☆ الضار☆النافع☆ الباقي☆ الرشيد☆ الصبور☆

پس جب ترمذی کی روایت پر انحصار کریں ان اسماء پر جو انہوں نے شمار کئے ہیں (مذکورہ) اور مبادلہ میں لائے ان اسماء ۷ ۲ کو جو میں نے اس سے قبل ذکر کئے تھے تو اب نتیجہ یہ نکلے گا کہ تمام کے تمام ننانوے اسماء ہو جائیں گے اور یہ کہ تمام کے تمام قرآن میں بھی بطور صیغہ وارد ہوئے ہیں اور بطور اسم بھی اور ان تمام کے مقامات (مأخذ) بھی ظاہر ہیں قرآن میں سوائے 'الحفي' کے یہ سورۃ مریم میں ابراھیم علیہ السلام کے اس قول سے لیا گیا ہے (سَأَسْتَغْفِرُلَكَ رَبّى اِنَّهُ كَانَ بِي حَفِيّاً) اس سے 'الحفي' لیا گیا اور بہت کم لوگ اس سے باخبر ہوں گے۔ اور کچھ باقی نہیں بچا اس کے بعد مگر یہ کہ ان اسماء مشتقہ میں نظر ہے جو ایک صفت پر مشتمل ہیں جیسے کہ :☆ القدير☆ (☆ المقتدر ☆ القادر) ،☆ الغفور (☆ الغفار☆ الغافر) ☆العَلي (☆الاعلى ☆المتعال)



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆الملك (☆المليك ☆المالك) ☆الكريم (☆الأكرم)، ☆القاهر(☆القهار)☆ الخالق (☆ الخلاق) ☆ الشاكر (☆ الشكور)☆ العالم (☆ العليم)،

پس اب اس میں یہ کہا جانا چاہیے کہ ان کو علیحدہ شمار کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے کیونکہ ان میں تغیر ہے جملہ میں، کیونکہ ان میں سے بعض خصوصیت میں دوسرے سے زیادہ ہیں وہ خصوصیت جو کہ اس میں نہیں ہے۔ اور تحقیق اس امر میں اتفاق ہے کہ الرحمٰن☆ و الرحیم☆ دو اسماء ہیں علیحدہ علیحدہ، باوجود اس کے دونوں ایک صفت سے مشتق ہیں اگر انہیں علیحدہ نام شمار نہ کریں گے تو لازم آئے گا کہ نہ شمار کیے جائیں گے وہ اسماء جو ایک جیسے ہیں معنی کے اعتبار سے جیسے کہ الخالق☆ الباری☆ المصور☆ یہ اسماء ایجاد و اختراع کے معانی میں قدرے مشترک ہیں پھر بھی علیحدہ شمار ہوتے ہیں کیونکہ یہ دوسری جہت سے مختلف ہیں۔ اس طرح کہ خالق کہتے ہیں اس ذات کو جو کسی قسم کی ایجاد پر قدرت رکھتا ہے (ایجاد پر قادر ہونے کا فائدہ دیتا ہے) اور الباری ☆ مخلوق کے جوہر کے ایجاد کا فائدہ دیتا ہے اور المصور☆ فائدہ دیتا ہے صورت کی تخلیق کا، اس ذات کی جسے تخلیق کیا جائے اور جب یہ مغایرت (تبدیلی) مانع نہیں ہے تو شمار میں بھی ممانعت نہ ہونی چاہیے (اور مزید علم اللہ تعالیٰ کو ہی ہے)

ذیل میں ایک مجموعہ اسماء الحسنٰی کا ذکر کیا جارہا ہے حفظ کے لیے اگرچہ اس میں بعض مقامات پر اعادہ بھی ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆الله ☆الرحمٰن☆الرحيم☆الملك ☆ القدوس☆ السلام ☆ المؤمن ☆ المهيمن☆ العزيز☆ الجبار☆ المتكبر☆ الخالق☆ الباریء ☆ المصور ☆ الغفار☆ القهار☆ التواب☆ الوهاب☆ الخلاق☆ الرزاق ☆ الفتاح☆ العليم☆ الحليم☆ العظيم☆ الواسع☆ الحكيم☆ الحي ☆ القيوم☆ السميع☆ البصير☆ اللطيف☆ الخبير☆ العلی☆ الكبير☆ المحيط☆ القدير☆ المولیٰ☆ النصير☆ الكريم☆ الرقيب☆ القريب☆ المجيب☆ الوكيل☆الحسيب☆الحفيظ☆ المقيت☆ الودود☆ المجيد☆ الوارث☆ الشهيد☆ الولی☆ الحميد☆ الحق☆ المبين☆ القوی☆ المتين☆ الغنی☆ المالك☆ الشديد☆ القادر☆ المقتدر☆ القاهر☆ الكافی☆ الشاكر ☆ المستعان☆ الفاطر☆ البديع☆ الغافر☆ الاوّل☆ الآخر☆ الظاهر☆ الباطن☆ الكفيل☆ الغالب☆ العالم☆ الرفيع☆ الحافظ☆ المنتقم☆ القائم☆ المحيي☆ الجامع☆ المليك☆ المتعالی☆ النور☆ الهادی☆ الغفور☆ الشكور☆ العفو☆ الرء وف☆ الأكرم☆ الاعلی☆ البر☆ الحفي☆ الرب☆ الإله☆ الواحد☆ الأحد☆ الصمد☆ اَلَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا أَحَدٌ —

(ابن حجر العسقلانیؒ کا اقتباس ختم ہوا۔)

اس باب میں ہم نے ابنِ حجرؒ تک ،جن حضرات نے اسماء اللہ عزَّ وَجلَّ کی قرآن کریم و حدیث سے تخریج کی ہے، کی تحقیقات کو لیا ہے،



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مگر یہ کام کبھی بھی رکا نہیں اب تک جاری ہے - گذشتہ صدی اور اس صدی میں بھی اس پر بہت تحقیقی کام ہوا ہے-ڈاکٹر احمد الشرباصی، ڈاکٹر عبدالمنعم الحفنی، الشیخ محمد الصالح العثیمین،ڈاکٹر مردان ابراھیم القیسی،سعید بن علی بن وھف القحطانی اور محمد الحمود النجدی وغیرہ نے بہت قابل ذکر کام کیا ہے -(۱)

برصغیر ہند و پاک میں نورالحسن محمد صدیق خان القنوجی (متوفی ۱۳۳۶ھ) (۲) نے اور مولانا محمد موسیٰ روحانی (۳)، استاد حدیث ، جامعہ اشرفیہ لاہور، التوفی ۱۴۱۹ھ، ۱۹۹۸ء نے بھی اسماء اللہ الحسنٰی پر بہت دقیق تحقیق کی تھی یہ دونوں کتابیں عربی میں ہیں- اردو میں مولانا قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری کی 'شرح الاسماء الحسنیٰ '(۴) ایک بہترین کتاب ہے جس میں ۲۰۳ اسماء اللہ عزَّ وَجلَّ پر بحث گئی ہے-

---

(۱)مزید تفصیل کے لئے دیکھئے اس کتاب کا صفحہ ۱۹

(۲) الجوائز والصلات من جمع الأسامي والصفات ، مکتبہ نزار مصطفی الباز ، مکتبہ المکرمہ ، طبع اول ۱۴۱۸ھ-

(۳) فتح اللہ بخصائص اسم اللہ، مکتبہ امدادیہ، ملتان ، طبع اول ۱۳۹۹ھ-

(۴) مکتبہ نذیریہ ، لاہور-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَمَا تَوفِيقِي إِلاَّ بِاللّٰہ

١٩٦٣

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



'إنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ إِسْماً مِائَةً غَيْرَ وَاحِدٍ مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ'

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# باب پنجم

## کیا اللہ تعالیٰ کے صرف ۹۹ نام ہیں ؟

عرف عام میں یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے ۹۹ نام ہیں- اکثر ترمذی کی حدیث پیش کی جاتی ہے اور بیشتر کتب خاص طور پر اردو زبان میں اللہ جل جلالہٗ کے ۹۹ اسماء پر ہی بحث کرتی ہیں- حالانکہ اگر اس موضوع پر دیگر احادیث کی کتابوں پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہو جائے گا کہ یہ عام خیال درست نہیں ہے- چنانچہ جمہور علماء کا خیال یہ ہی ہے کہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے اسماء ۹۹ سے زائد ہیں- امام نووی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قول مبارک ' لِلّٰهِ تِسْعَةٌ وَ تِسْعُوْنَ اِسْمًا مِائَةً اِلاَّ وَاحِدَةً ' ( یعنی اللہ تعالیٰ کے ایک کم سو گویا کل ننانوے نام ہیں) کے بارے میں کہا ہے کہ باری تعالیٰ کے اسماء کو انہی عدد میں منحصر کرنا مقصود نہیں ہے اور نہ اس کا یہ مطلب ہے کہ ۹۹ ناموں کے علاوہ اللہ تعالیٰ کا اور کوئی نام نہیں ہے بلکہ حدیث کا اصل مقصود یہ ہے کہ جس نے ۹۹ اسماء اللہ تعالیٰ کو حفظ کر لیا تو وہ جنت میں داخل ہو گا گویا حدیث میں ان اسماء کو یاد کرنے والے کو دخول جنت کی خبر دی جا رہی ہے نہ کہ ان اسماء کی تعداد کی خبر دی جا رہی ہے-(۱)

(۱) صحیح مسلم بشرح امام النّووی–مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز ، مکۃ المکرمہ، طبع اول ۱۴۱۷ھ ، جلد ۱۱ ، صفحہ ۸۷۵۸-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایک اور دلیل جو پیش کی جاسکتی ہے وہ صحیح حدیث ہے جو مسند احمد ، ابن حبان اور مستدرك حاکم میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی ہے :

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ : ' مَا قَالَ عَبْدٌ قَطُّ ، إِذَا اَصَابَهُ هَمٌّ اَوْ حُزْنٌ : اَللّٰهُمَّ إِنِّي عَبْدُكَ وَ اِبْنُ عَبْدِكَ وَ اِبْنُ اَمَتِكَ ، نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ، مَاضٍ فِيَّ حُكْمِكَ ، عَدْلٌ فِيَّ قَضَاؤُكَ اَسْأَلُكَ بِكُلِّ اِسْمٍ هُوَ لَكَ ، سَمَّيْتَ بِهِ نَفْسَكَ ، اَوْ اَنْزَلْتَهُ فِي كِتَابِكَ ، أَوْ عَلَّمْتَهُ اَحَداً مِنْ خَلْقِكَ ، أَواسْتَأْثَرْتَ بِهِ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ، اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ رَبِيْعَ قَلْبِي، وَنُوْرَ بَصَرِي ، وَجِلاَءَ حُزْنِي، وَذَهَابَ هَمِّي، إِلاَّ أَذْهَبَ اللّٰهُ هَمَّهُ وَأَبْدَلَهُ مَكَانَ حُزْنِهِ فَرْحًا ' قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ) يَنْبَغِي لَنَا أَنْ نَتَعَلَّمَ هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ؟ قَالَ : ' أَجَلْ ، يَنْبَغِي لِمَنْ سَمِعَهُنَّ يَتَعَلَّمَهُنَّ '(۱)

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا : جب کسی بندے کو کوئی فکر و پریشانی یا رنج و غم پیش آئے اور اس نے ان کلمات سے دعا کی تو کبھی ایسا نہیں ہو سکتا کہ اللہ تعالیٰ اس کی پریشانی کو دور نہ فرمائیں اور اس کے غم کو فرحت سے تبدیل نہ فرمادیں۔ ''یا اللہ ! میں آپ کا بندہ ہوں ، آپ کے بندے اور آپ کی بندی کا بیٹا ہوں، میری پیشانی آپ کے قبضہ میں ہے۔ میرے حق میں

(۱) ابن حبان ، کتاب الرقائق ، باب الأدعية، حدیث نمبر ۹۷۲۔ مسند احمد ،حدیث نمبر ۳۷۱۲ اور ۴۳۱۸۔ مستدرك حاکم، کتاب الدعا، حدیث نمبر ۱۸۷۷۔ المعجم الکبیر، طبرانی، حدیث نمبر ۱۰۳۵۲۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپ کا حکم جاری ہے اور میرے (بارے) میں آپ کا فیصلہ عدل اور انصاف (پر مبنی) ہے۔ میں آپ کے ہر اس نام کے ساتھ سوال کرتا ہوں جو آپ نے اپنا نام رکھا یا جو کچھ آپ نے اپنی کتاب میں اتارا یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا یا آپ نے اس کو اپنے پوشیدہ علم میں اختیار کیا کہ قرآن عظیم کو میرے دل کی بہار، آنکھوں کا نور، میرے غم کا دافع اور پریشانی کو دور کرنے والا بنادیجئے۔" حاضرین نے سوال کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!) ان کلمات کو ہم دوسروں کو بھی بتادیں ؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو ان الفاظ کو سنے اس کیلئے مناسب ہے کہ وہ دوسروں کو بھی سکھادے۔

اس روایت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ کے صرف ۹۹ ہی نام نہیں ہیں اور یہ کہ اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ کے بہت سے ایسے اسماء بھی ہیں جنہیں رب العزت نے اپنی مخلوق سے بھی پوشیدہ رکھا ہے۔

ایک اور حدیث جس سے استدلال کیا جاسکتا ہے وہ صحیح مسلم میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سجدے میں فرمایا کرتے تھے :

'اَللّٰهُمَّ اِنِّي أَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْكَ ، لَاأُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ ، أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلَىٰ نَفْسِكَ'

ترجمہ : یااللہ تعالیٰ ! میں آپ کی ناراضگی سے آپ کی رضا کی پناہ مانگتا ہوں اور میں آپ کی سزا سے آپ کی معافی کی پناہ مانگتا ہوں اور میں آپ کی



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہی آپ سے پناہ مانگتا ہوں کہ میں آپ کی کامل تعریف نہ کرسکا آپ ایسے ہی ہیں جیسی خود آپ نے اپنی تعریف فرمائی ہے۔

حدیث میں جس قول سے استدلال کیا گیا وہ ہے 'لاَ أُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ' امام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں 'سو خبر دی ہے اس قول میں کہ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ تعالیٰ کی کامل تعریف نہ کرسکے۔ اگر آپ تمام اسماء اللہ عزّ وجلّ کا احاطہ کرلیتے تو اللہ تعالیٰ کی تمام صفات کا بھی احاطہ کرلیتے چنانچہ آپ کی تعریف بھی کامل کرلیتے ہیں کیونکہ اس کی صفات اس کے اسماء ہی سے تعبیر کی جاتی ہیں۔ (۱)

ایک اور حدیث، جو اس ضمن میں اہم ہے وہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے جس میں انہوں نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسم اعظم کے متعلق دریافت کیا۔

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَتْ ' يَارَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِيْ اِسْمَ اللّٰهِ الْعَظِيْم ، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : قُوْمِي فَتَوَضَّئِي ثُمَّ ادَّعِي حَتَّى اَسْمَعُ ، قَالَتْ: فَفَعَلْتُ ، فَقُلْتُ :

'اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى كُلِّهَا مَاعَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَ بِاِسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْأَعْظَمِ وَ بِاِسْمِكَ الْكَبِيْرِ الْأَكْبَرِ ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

---

(۱) صحیح مسلم ، کتاب الصلاۃ ، باب: ما یقال فی الرکوع و السجود- حدیث نمبر ۱۰۷۰، جلد ۳، صفحہ ۱۷۰۰، مکتبہ نزار مصطفی الباز، الریاض-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَصَبْتِ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ (۱)

ترجمہ : حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم سکھلا دیجئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا : کھڑی ہو اور وضو کر پھر اتنی آواز سے دعا کر جو میں سن سکوں، وہ فرماتی ہیں پس میں نے ایسا ہی کیا اور کہا : اے اللہ میں آپ سے سوال کرتی ہوں آپ کے تمام اسمائے حسنیٰ کے صدقے میں جو میں جانتی ہوں اور جو نہیں جانتی اور آپ کے اسم اعظم کے وسیلہ سے اور آپ کے سب سے بڑے نام کے وسیلہ سے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا- قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے تو نے حق کو پالیا-

اس حدیث سے بھی یہ ہی معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ کے صرف ۹۹ نام نہیں ہیں -ان کی تعداد صرف اسی ذات کریم کو معلوم ہے اور غالباً یہی وجہ ہے کہ ان تمام احادیث میں جن میں اسماء وارد ہوئے ہیں اختلاف ہے اور جو نام ایک محدث نے لئے ہیں ان میں سے بہت سے دوسرے صاحب نے نہیں لئے -غالباً اسی وجہ سے فن حدیث کے ماہرین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اسماء کی تشخیص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کلام مبارک کا حصہ نہیں ہے-

(۱) کتاب الدعاء لطبرانی، حدیث نمبر ۱۱۸، جلد ۲، صفحہ ۸۲۹/ ۸۳۰- سند ضعیف - تحقیق محمد سعید بن محمد حسن البخاری، دار البشائر الاسلامیہ، بیروت ، طبع اول ۱۹۸۷-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس امر کی تصدیق اس حقیقت سے بھی ہوتی ہے کہ ابتداء میں جن ۳ اصحاب امام جعفر صادقؒ ، سفیان بن عیینہؒ ، ابو زید بغویؒ ، نے اسماء اللہ عزّ وجلّ قرآن کریم سے اخذ کیے ان میں بھی تعداد اور اسماء دونوں میں اختلاف ہے مثلاً ابو زید بغویؒ اور سفیان بن عیینہ نے ۹۹ اسماء کی تخریج کی اور امام جعفر صادقؒ نے ۱۰۸ نام تخریج کیے - تکرار اسماء کو نکال کر اگر ہم ان اصحاب کے تخریج کردہ ناموں کو یکجا کر دیں تو یہ تعداد ۱۱۳ تک پہنچتی ہے-

اسی طرح اگر ہم ترمذی ، ابن ماجه ، مستدرك حاكم ، ابن منده ، ابن خزيمه ، طبراني، بيهقي وغيره میں مندرج اسماء کو دیکھیں تو وہاں بھی اسماء میں اختلاف ہے- مثلاً ' المؤخر 'صرف ابن ماجه اور مستدرك حاكم کی دوسری حدیث میں نہیں ہے، دیگر حضرات نے اس اسم کو لیا ہے - ' الإله صرف مستدرك حاكم میں ہے- ترمذی ، ابن ماجه، ابن خزيمه ، ابن حبان اور طبرانی میں نہیں ہے- ' البديع ' ابن ماجه میں نہیں ہے حالانکہ یہ اسم قرآن میں سورہ بقرہ آیت ۱۱۷ اور سورہ انعام آیت ۱۰۱ ( بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط ) میں آیا ہے- اسی طرح ' الْبَرُّ ' سورہ طور آیت ۲۸ ' اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ' میں یہ اسم آیا ہے- لیکن ابن ماجه کی روایت میں نہیں ہے- ' مُجِيْبٌ ' اللہ کا اسم قرآن کی سورہ هود آیت ۶۱ ' اِنَّ رَبِّىْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ' میں آیا ہے لیکن طبرانی کی روایت میں نہیں ہے - ' حَفِيْظٌ ' قرآن میں ۳ جگہ سورہ هود (آیت ۵۷) سورہ



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبا (آیت۲۱) اور سورہ 'الشوریٰ' (آیت ٦) میں آیا ہے لیکن ابن ماجہ کی روایت میں نہیں ہے (مزید تفصیل کے لئے دیکھئے گوشوارہ باب ہفتم)

ایک اور اہم بات جو یہ واضح کرتی ہے کہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے اسماء ۹۹ سے زائد ہیں وہ یہ ہے کہ 'زهير بن محمد اور صفوان بن صالح کی روایات کے درمیان ۲۳ اسماء میں اختلاف ہے- زهير بن محمد کی روایت میں یہ اسماء نہیں ہیں :

الفتّاح☆ القهار☆ الحكم☆ العدل☆ الحسيب☆
الجليل☆ المحصى☆ المقتدر☆ المقدم☆ المؤخر☆ البر☆
المنتقم☆المغنى☆النافع☆ الصبور☆ البديع☆ الغفار☆ الحفيظ☆
الكبير☆ الواسع☆ الأحد☆مالك الملك☆ذوالجلال و الإكرام☆

ان اسماء کی بجائے انہوں نے یہ نام ذکر کئے ہیں :

الرب☆ الفرد☆ الكافى☆ المبين☆ الصادق☆ الجميل☆
البادى☆القديم☆البار☆ الوفى☆ البرهان☆ الشديد☆ الواقى☆
القدير☆ الحافظ☆ العادل☆ المعطى☆ العالم☆ الأبد☆ الوتر☆
ذوالقوة☆

امام طبرانی نے کتاب الدعاء میں صفوان بن صالح کے واسطے سے اسماء روایت کئے ہیں - ابن خزیمہ نے بھی صفوان بن صالح سے اسماء روایت کئے ہیں مگر ان دونوں میں بھی اختلاف ہے-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طبرانی نے ' القائم – الدائم '(' القابض ' اور ' الباسط ') کے بجائے، ' الشدید ' ('الرشید') کے بجائے اور 'الاعلیٰ ' ' المحیط ' 'مالك یوم الدین'، ('الودود' 'المجید' الحکیم ') کے بجائے لئے ہیں۔

اسی راوی سے ابن خزیمہ نے ' الحاکم ' (' الحکیم ') کے بجائے 'القریب '(' الرقیب ') کے بجائے ، 'المولیٰ' ، (' الوالی') کے بجائے اور ' الأحد' (' المغنی') کے بجائے لئے ہیں۔ ترمذی اور طبرانی کے اسماء میں بھی فرق ہے طبرانی کی روایت میں الباسط ، الجلیل ، المجیب، الحکیم ، الحلیم، الرشید اور القابض نہیں ہیں جب کہ اس میں المحیط ، الدائم، الشدید ، المغیث، مالك یوم الدین اور الوال، ترمذی کی روایت کے مقابلے میں زائد ہیں۔(۱)

ابو بکر محمد بن عبداللہ ابن العربیؒ فرماتے ہیں :

وَالَّذِي أَدُلُّكُمْ عَلَيْهِ أَنْ تَطْلُبُوْهَا فِي الْقُرْآنِ وَالسُّنَّةِ ، فَإِنَّهَا مَخْبُوءَةٌ فِيهِمَا كَمَا خُبِئَتْ سَاعَةُ الْجُمُعَةِ فِي الْيَوْمِ ، وَلَيْلَةُ الْقَدْرِ فِي الشَّهْرِ رَغْبَةً ، وَالْكَبَائِرُ فِي الذُّنُوْبِ رَهْبَةً؛ لِتَعُمَّ الْعِبَادَاتُ الْيَوْمَ بِجَمِيْعِهِ وَالشَّهْرَ بِكُلِّيَّتِهِ، وَلِيَقَعَ الإِجْتِنَابُ لِجَمِيْعِ الذُّنُوْبِ. وَكَذٰلِكَ أُخْفِيَتْ هَذِهِ الْأَسْمَاءُ الْمُتَعَدِّدَةُ فِي جُمْلَةِ الْأَسْمَاءِ الْكُلِّيَّةِ ، لِنَدْعُوْهُ بِجَمِيْعِهَا.(۲)

(۱) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے فتح الباری، ابن حجر، جلد ۱۲، صفحہ ۵۱۴ تا ۵۲۰۔
(۲) احکام القرآن، جلد ۲، صفحہ ۳۴۰۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ : اور جس بات پر میں آپ کو خبردار کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ آپ ان اسماء کو قرآن و حدیث دونوں سے تلاش کریں کیونکہ یہ ان دونوں میں پوشیدہ ہیں- جیسا کہ جمعہ کی ساعتِ قبولیت پوشیدہ ہے پورے دن میں اور جیسا کہ لیلۃ القدر پوشیدہ ہے پورے مہینہ میں (بوجہ رغبت دلانے کے لئے) اور کبائر گناہ پوشیدہ ہیں(بوجہ ڈرانے کے لئے)-تاکہ تم جمعہ کے سارے دن میں عبادت کرو اور لیلۃ القدر کے گمان میں پورے مہینہ کی عبادت کرو- اور کبیرہ کے ڈر سے تمام گناہوں سے اجتناب کرو- پس بالکل اسی طرح اللہ تعالیٰ نے ان اسمائے متعددہ (ننانوے) کو پوشیدہ رکھا ہے تمام اسماء میں تاکہ ہم اس کو اس کے تمام اسماء سے پکاریں-

مذکورہ بالا بحث سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ کے اسماء صرف ۹۹ نہیں ہیں - محدثین و محققین نے قرآن اور احادیث رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسماء اللہ الحسنٰی کی تخریج کی ہے- ہم نے یہ نام گوشوارہ باب ہفتم میں درج کئے ہیں- اور ان کی کل تعداد ۳۱۹ تک پہنچتی ہے- مگر یہ محض ایک کوشش ہے - اللہ تعالیٰ کے کل نام کتنے ہیں صحیح تعداد کے بارے میں فیصلہ کرنا مشکل ہے -

"ابن العربی لکھتے ہیں بعض کہتے ہیں اللہ تعالیٰ کے ہزار نام ہیں مگر میرے خیال میں یہ تھوڑے ہیں، امام رازی نے بعض اصحاب سے نقل کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے چار ہزار نام ہیں، جن میں سے ایک ہزار نام اس نے اپنے علم غیب میں پوشیدہ رکھے ہیں اور باقی فرشتوں کو سکھائے ہیں



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور انبیاء کو اس میں سے دو ہزار بتلائے ہیں اور تمام لوگوں کو ایک ہزار بتلائے ہیں - حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں یہ دعویٰ دلیل کا محتاج ہے "-(۱)

مگر مندرجہ بالا بحث سے یہ ضرور ثابت ہوتا ہے کہ اللہ عزَّ وَ جلَّ کے صرف ۹۹ نام نہیں ہیں اور یہ کہ خالق کائنات کے ناموں کی تعداد کا تعین بھی ناممکن ہے اور حق بات صرف رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث مبارک ہے جس میں آپ نے فرمایا' ہر اس نام (کے واسطے سے) جو آپ نے اپنے لئے مخصوص فرمایا، یا اپنی کتاب میں نازل فرمایا، یا اپنی مخلوق کو سکھایا یا اپنے پاس خزانہ غیب میں پوشیدہ رکھا' - رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد اشارہ کرتا ہے اس بات کی طرف کہ اللہ تعالیٰ خالق کائنات کے اسماء کی تعداد کا تعین مشکل ہے -



(۱) فتح الباری ، جلد ۱۲، صفحہ ۵۲۲-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۝ وَّ يَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝

جو (مخلوق) زمین پر ہے سب کو فنا ہونا ہے اور تمہارے پروردگار ہی کی
ذات (بابرکت) جو صاحب جلال وعظمت ہے، باقی رہے گی۔

سورۃ الرحمن آیت ۲۶/۲۷

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



هُوَالْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# باب ششم

## اسم اعظم

اللہ تبارک و تعالیٰ کے تمام اسماء میں کوئی ایک نام اسم اعظم ہے۔ اس موضوع پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث موجود ہیں۔ علمائے کرام نے بھی اپنے تجربہ اور علم کی بنا پر بہت کچھ لکھا ہے ہم ذیل میں اول ان احادیث کا ذکر کریں گے جو کتب احادیث میں مذکور ہیں :

عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيدَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِسْمُ اللّٰهِ الْأَعْظَمُ فِي هَاتَيْنِ الْآيَتَيْنِ ﴿وَإِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ ج لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ﴾ وفَاتِحَةُ آلِ عِمْرَانَ ﴿الٓمٓ ۝ اللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۝ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ﴾(۱)

ترجمہ : حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے سورہ بقرہ کی آیت ﴿وَإِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ ج لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ﴾ اور سورہ آل عمران کی ابتدائی آیت ﴿الٓمٓ ۝ اللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۝ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ﴾

(۱) ترمذی، الدعوات، باب جامع الدعوات عن النبی ﷺ، حدیث ۳۴۷۸-ابوداؤد، کتاب الصلاۃ، باب الدعا، حدیث ۱۴۹۶-ابن ماجہ، کتاب الدعاء، باب اسم اللہ الاعظم، حدیث ۳۸۵۵- مستدرک حاکم، کتاب الدعاء والتکبیر والتسبیح والذکر، حدیث ۱۸۶۶- اس حدیث میں سورہ طٰہٰ کی آیت ۱۱۱ ﴿وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ﴾ کا بھی ذکر ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ الْأَسْلَمِيِّ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ رَجُلاً يَدْعُو وَهُوَ يَقُوْلُ : اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَالُكَ بِأَنِّي أَشْهَدُ أَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ الْأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِي لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُواً أَحَدٌ

قَالَ فَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَدْ سَأَلَ اللّٰهَ بِاسْمِهِ الْأَعْظَمِ الَّذِي إِذَا دُعِيَ بِهِ أَجَابَ ، وَإِذَا سُئِلَ بِهِ أَعْطَىٰ .(۱)

ترجمہ : عبداللہ بن بریدہ اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو ان الفاظ سے دعا مانگتے ہوئے سنا : اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَالُكَ بِأَنِّي أَشْهَدُ أَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ الْأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِي لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا اَحَدٌ - ( یعنی یااللہ تعالیٰ ! میں تجھ سے اس وسیلے سے مانگتا ہوں کہ میں نے گواہی دی ہے کہ تو ہی اللہ تعالیٰ ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو تنہا ہے اور بے نیاز ہے- جو نہ خود کسی کی اولاد ہے اور نہ ہی کوئی اس کی اولاد ہے اور نہ ہی کوئی اس کے برابر ہے) تو فرمایا : اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری

(۱) ترمذی، الدعوات، باب جامع الدعوات عن النبیﷺ حدیث ۳۴۷۵-ابو داؤد ، کتاب الصلاۃ، باب الدعاء، حدیث ۱۴۹۳- ابن ماجہ ،کتاب الدعا، باب اسم اللہ اعظم ، حدیث ۳۸۵۷- مستدرک حاکم ،کتاب الدعاء والتکبیر والتسبیح والذکر، حدیث ۱۸۵۸- احمد، حدیث ۲۲۸۴۸- شرح السنۃ ، ابی محمد البغوی ، جلد ۲ ،حدیث نمبر ۱۲۵۲ میں یہ عبداللہ بن بریدہ کی روایت سے اس طرح درج ہیں :

' اللهم إني أسألك بأنك أنت الله الواحد الأحد ، الصمد، الذيلم يلد ولم يولد ، ولم يكن له كفواً أحد .



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جان ہے اس نے اللہ تعالیٰ سے اسم اعظم کے وسیلے سے دعا کی ہے جس کے وسیلے سے دعا کی جائے تو اللہ تعالیٰ قبول کرتا ہے اور اگر کچھ مانگا جائے تو عطا کرتا ہے۔

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ جَالِساً يَعْنِي وَرَجُلٌ قَائِمٌ يُصَلِّي فَلَمَّا رَكَعَ وَ سَجَدَ وَ تَشَهَّدَ دَعَا فَقَالَ فِي دُعَائِهِ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِأَنَّ لَكَ الْحَمْدُ، لاَ إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِيعُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ ، يَا ذَا الْجَلاَلِ وَالْإِكْرَامِ ، يَاحَيُّ يَاقَيُّومُ إِنِّي أَسْأَلُكَ ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لِأَصْحَابِهِ : تَدْرُونَ بِمَا دَعَا؟ قَالُوا: اللّٰهُ وَ رَسُولُهُ أَعْلَمُ ! قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَدْ دَعَا اللّٰهَ بِاسْمِهِ الْعَظِيْمِ الَّذِي إِذَا دُعِيَ بِهِ أَجَابَ ، وَإِذَا سُئِلَ بِهِ أَعْطَى ' (۱)

ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے تو ایک شخص نماز پڑھ رہا تھا اور یہ دعا کر رہا تھا کہ 'اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِأَنَّ لَكَ الْحَمْدُ، لاَ إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِيعُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ ، يَا ذَا الْجَلاَلِ وَالْإِكْرَامِ ،

---

(۱) نسائی ،السھو، باب الدعاء بعد الذکر، حدیث ۱۲۹۹- ابوداؤد، کتاب الصلاۃ، باب الدعاء حدیث ۱۴۹۵- مستدرك حاكم ، کتاب الدعا والتکبیر والتھلیل والتسبیح والذکر حدیث ۱۸۶۵- ابوداؤد اور حاکم میں لفظ 'المنان' نہیں ہے- ترمذی الدعوات ،باب خلق اللہ مائة رحمة، حدیث ۳۵۴۴ اس میں ' اللھم ' کے بعد 'إنی أسألك بان لك الحمد' نہیں ہے اور آخر میں 'یاحي یاقیوم ' نہیں ہے- ابن ماجه ،کتاب الدعاء باب اسم اللہ الاعظم - مسند احمد ، حدیث ۱۲۱۴۴ اس میں ' انت ' کے بعد ' وحدہ لاشریك لك ' اضافی ہے اور ' یا حي یاقیوم ' نہیں ہے-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَاحَيُّ يَاقَيُّومُ (یااللہ ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ بے شک تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں، تو ہی احسان کرنے والا، آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کرنے والا اور عظمت و کرم والا ہے، اے ہمیشہ زندہ اور قائم رہنے والے ) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم لوگ جانتے ہو کہ اس نے کن الفاظ سے دعا کی ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زیادہ جانتے ہیں، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، اس نے اسم اعظم (کے وسیلے) سے دعا کی ہے جب اس کے ذریعے دعا کی جائے تو وہ قبول کرتے ہیں اور جب اس کے ذریعے مانگا جائے تو وہ عطا کرتے ہیں۔

عَنْ سَعْدٍ قَالَ:قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : دَعْوَةُ ذِي النُّونِ إِذْ دَعَاوَهُوَ فِي بَطْنِ الْحُوتِ : لاَ إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ، فَإِنَّهُ لَمْ يَدْعُ بِهَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ فِي شَيْءٍ قَطُّ إِلاَّ اِسْتَجَابَ اللّٰهُ لَهُ .(۱)

ترجمہ : حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ذوالنون (حضرت یونس علیہ السلام) کی دعا، جو انہوں نے مچھلی کے پیٹ میں پڑھی تھی ایسی ہے کہ اگر کوئی مسلمان اس کو پڑھ کر دعا کرے گا تو اللہ تعالیٰ لازماً اس کی دعا قبول فرمائیں گے وہ یہ ہے : لاَ إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ ،یعنی تیرے علاوہ کوئی

(۱) ترمذی، الدعوات باب ماجاء فی عقدالتسبیح بالید، حدیث ۳۵۰۵- احمد، مسند المبشرین بالجنة، مستدرك حاكم، كتاب الدعاء والتكبير والتهليل و التسبيح والذكر، حديث ۱۸۶۳-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معبود نہیں - تیری ذات پاک ہے- بے شک میں ہی زیادتی کرنے والوں میں سے ہوں-

علامہ جلال الدین السیوطیؒ نے اسم اعظم پر ایک رسالہ بعنوان 'الدرالمنظم فی الاسم الاعظم' تحریر فرمایا ہے جو اسم اعظم پر ایک جامع تحریر ہے(۱)- ذیل میں ہم اس کا رواں ترجمہ پیش کر رہے ہیں(۲)

مجھ (جلال الدین سیوطیؒ) سے اسم اعظم اور اس سے متعلق احادیث کے بارے میں سوال کیا گیا چنانچہ اس سوال کے جواب میں، میں نے ان احادیث، آثار اور اقوال کو تلاش کیا جو اس سے متعلق تھیں، نتیجتاً اس غور و خوض کے بعد میں اسم اعظم سے متعلق چند اقوال پیش کرتا ہوں-

پہلا قول :

یہ ہے کہ اسم اعظم کا وجود ہی نہیں بایں معنی کہ اللہ تعالیٰ کے جتنے بھی اسماء ہیں وہ تمام عظیم اور برتر ہیں، ان میں بعض ناموں کو دیگر ناموں پر فوقیت یا فضیلت دینے کی اجازت نہیں- یہ قول مندرجہ ذیل حضرات کی طرف منسوب ہے :

۱- ابو جعفر الطحاوی ۲- ابوالحسن الاشعری ۳- ابو حاتم بن حبانؒ ۴- قاضی ابوبکر الباقلانی- اسی طرح امام مالکؒ وغیرہ کا بھی یہی قول ہے کہ باری تعالیٰ کے ناموں میں بعض کو بعض پر فضیلت دینا جائز

---

(۱) الحاوی للفتاویٰ، جلال الدین سیوطی، جلد ۱، صفحہ ۳۹۴ تا ۳۹۷، مکتبہ نوریہ رضویہ بغدادی، فیصل آباد-

(۲) یہ ترجمہ جناب حضرت علی صاحب نے کیا ہے-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں- ان حضرات کے یہاں احادیث میں جہاں اسم اعظم کے الفاظ وارد ہوئے ہیں ، وہ عظیم اور برتری کے معنی پر محمول ہیں اور مفسر طبری کی جو عبارت ہے وہاں اسم اعظم کی تعین کے سلسلے میں احادیث اور آثار میں اختلاف پایا جاتا ہے-

میرے (جلال الدین سیوطی ؒ کے) نزدیک تمام اقوال صحیح ہیں کیونکہ کسی حدیث میں کسی اسم سے متعلق یہ موجود نہیں ہے کہ یہ ایسا اسم اعظم ہے جس سے اوپر عظیم نہیں پایا جاتا ، گویا اللہ رب العزت یوں فرمارہے ہیں کہ میرے تمام ناموں میں ہر ایک نام اس لائق ہے کہ اس کے ساتھ اعظم کی صفت لگائی جائے ، لہذا اس تشریح کے پیش نظر یہ عظیم کے معنی پر محمول ہے،

مفسر ابن حبان فرماتے ہیں کہ احادیث میں جہاں باری تعالیٰ کے اسماء سے متعلق اعظمیت کا ذکر وارد ہوا ہے وہ دراصل ان اسماء کے داعی کو مزید ثواب اور اجر دینے سے متعلق ہے جیسا کہ قرآن کریم میں اس کا اطلاق ہوا ہے وہاں یہی مراد ہے کہ ان اسماء کو پڑھنے والا اور داعی مزید ثواب کا مستحق ہے-

دوسرا قول :

یہ ہے کہ اسم اعظم کا شمار ان چیزوں میں ہوتا ہے جنہیں اللہ رب العزت نے اپنی علمی خزانے میں پوشیدہ رکھا ہے، جس پر مخلوق میں کوئی مطلع نہیں ہوسکتا، جیسا کہ اس قسم کا قول لیلۃ القدر ، صلاۃ



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وسطیٰ اور قبولیت کی گھڑی کے متعلق کہا گیا ہے۔

تیسرا قول :

جسے امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے بعض اہل کشف سے نقل کیا ہے کہ اسم اعظم دراصل لفظ 'ھو' ہے۔ اس کی دلیل میں فرماتے ہیں کہ دنیا میں جب کوئی صاحب کسی شخصیت کی موجودگی میں اس شخصیت کا تعارف عظیم اور عمدہ کلام سے کرنے کے خواہاں ہو تو وہ قطعاً تم، تو، وغیرہ نہیں کہتا بلکہ وہ ادب کا لحاظ رکھتے ہوئے 'ھو' (آپ وغیرہ جیسے الفاظ) یعنی باادب لہجہ میں تعارف کراتے ہیں۔

چوتھا قول :

یہ ہے کہ اسم اعظم لفظ 'اَللّٰہ' ہے کیونکہ ایک تو یہ اسماء الحسنٰی میں بنیادی درجہ رکھتا ہے، یہی وجہ ہے کہ ذات باری تعالیٰ کی نسبت بھی اس لفظ کی طرف کی گئی ہے، دوم یہ کہ اس اسم کا اطلاق باری تعالیٰ کے علاوہ کسی شے پر ممکن نہیں۔ ابن ابی حاتمؒ اپنی تفسیر میں سند سے ذکر کرتے ہیں :

حدثنا الحسن بن محمد بن الصباح حدثنا اسماعیل ابن علیه عن ابی رجاء حدثنی رجل عن جابر بن عبداللّٰه بن زید انه قال: اِسْمُ اللّٰهِ الْاَعْظَمُ هُوَ اللّٰهُ اَلَم تَسْمَعْ اَنَّهُ ، يَقُوْلُ : ﴿ هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلاَّ هُوَ ج عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ج هُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴾

ترجمہ :

حضرت جابر بن عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کا



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسم اعظم لفظ اَللّٰہ ہی ہے ،کیا تم نے نہیں سنا جو وہ فرماتے ہیں : اللہ وہی ذات مقدسہ ہے جس کے علاوہ کوئی معبود بر حق نہیں وہی غیب و ظاھر کے عالم ہیں وہی مہربان نہایت رحم کرنے والے ہیں۔

ابن ابی الدنیا 'کتاب الدعا' میں مندرجہ ذیل سند سے لکھتے ہیں :

حدثنااسحق بن اسماعیل عن سفیان بن عیینہ عن مسعر قال: قال الشعبی :اِسْمُ اللّٰہِ الْاَعْظَمُ یَا اَللّٰہ –

ترجمہ :

امام شعبی فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم لفظ 'یا اللّٰہ' ہے۔

پانچواں قول :

یہ ہے کہ اسم اعظم ' اَللّٰہُ اَلرَّحْمٰنُ اَلرَّحِیْمُ ' ہے ، حافظ ابن حجرؒ ، فتح الباری میں لکھتے ہیں کہ ہوسکتا ہے کہ اس قول کا سہارا ابن ماجہ میں موجود حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث ہے ، جس میں انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے استفسار کیا کہ انہیں اسم اعظم سکھا یا جائے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ نہیں فرمایا - چنانچہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نماز میں مشغول ہوگئیں، نماز سے فراغت کے بعد ان الفاظ سے دعا مانگنے لگیں - یااللہ! میں آپ سے اللّٰہ ، الرحمٰن ، الرحیم کے نام سے دعا مانگتی ہوں اور آپ کے ان اسمائے حسنیٰ کے طفیل دعا مانگتی ہوں، جو میرے علم میں ہیں اور ان کے طفیل سے جو میرے علم میں نہیں ہیں ( الحدیث) اس حدیث



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں یہ بھی ذکر ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا کہ جن ناموں کا ذکر تم نے دعا میں کیا ہے ان کا شمار اسم اعظم میں ہے۔ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کی سند ضعیف ہے اس حدیث سے استدلال کرنے میں اشکال ہے۔

یہاں میری (جلال الدین سیوطیؒ کی) رائے یہ ہے کہ استدلال میں اس سے قوی روایت وہ ہے، جس کی تخریج حاکم نے اپنی کتاب المستدرك میں کی ہے۔ مزید اس کی تصحیح ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی کی ہے،اس میں ہے کہ حضرت عثمانؓ بن عفان نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم کے متعلق پوچھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا،یہ اللہ تعالیٰ کے ناموں میں ایک نام ہے اس کے اور اللہ کے اسم اکبر (اعظم) کے درمیان جو قریب کا فاصلہ ہے وہ آنکھ کی سفیدی اور اس کی سیاہی کے فاصلہ کے مانند ہے۔(گویا یہ انتہائی قریب ہیں)

دیلمی کی کتاب مسند الفردوس میں ابن عباس رضی اللہ عنہ کی مرفوع حدیث میں موجود ہے کہ سورۃ حشر کی آخری چھ آیات میں اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم موجود ہے۔ یہ آیات ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ' وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰهُمْ اَنْفُسَهُمْ ط اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۔ لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ط اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۔ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خَشْيَةِ اللّٰهِ ط وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ . هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلاَّ هُوَ ج عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ج هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ . هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلاَّ هُوَ ج اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ . هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ط يُسَبِّحُ لَهُ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ.

چھٹا قول :

یہ ہے کہ اسم اعظم 'الرحمن الرحیم الحیّ القیّوم' ہے کیونکہ ترمذی وغیرہ میں حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے :

۱-سورہ بقرہ کی آیت ﴿وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌج لَآ اِلٰهَ اِلاَّ هُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ﴾ ۲- اور سورۃ آل عمران کی ابتداء میں ﴿ 'الٓمّٓ لا اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلاَّ هُوَ لا الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ' ﴾

ساتواں قول :

یہ ہے کہ اسم اعظم 'الحی القیوم' ہے کیونکہ ابن ماجہ اور حاکم نے ابو امامہ کی حدیث تخریج کی ہے، اس میں انہوں نے اسم اعظم کو تین سورتوں میں بتایا ہے یعنی سورۃ بقرہ، آل عمران اور سورہ طٰہٰ میں، روایت کے راوی القاسم کہتے ہیں کہ میں نے اس کے تلاش کرنے



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی کوشش کی جس کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ وہ ' الحیّ القیوم ' ہی ہے- اس کی تائید علامہ فخر الدین رازی ؒ نے بھی کی ہے، دلیل میں انہوں نے ذکر کیا ہے کہ یہ دونوں اسم باری تعالیٰ کی تمام صفات میں ربوبیت والی صفت پر جس قدر عظمت سے دلالت کرتے ہیں ان کے علاوہ کوئی دوسرا صفاتی نام اس طرح دلالت نہیں کرتا-

آٹھواں قول :

'الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِيْعُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ'

کے متعلق ہے جس کے ثبوت میں مسند احمد ، ابو داؤد ، ابن حبان اور حاکم کی وہ حدیث ہے، جس میں ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے وہاں اس موقع پر ایک صاحب نماز پڑھ رہے تھے فراغت پر وہ ان الفاظ سے دعا کرنے لگے :

اَللّٰهُمَّ إِنِّي اَسْئَلُكَ بِأَنَّ لَكَ الْحَمْدَ لَا إِلٰهَ إِلاَّ اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِيْعُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمَ-

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ الفاظ سنتے ہی فرمایا کہ ' ان صاحب نے اللہ تعالیٰ سے ایسے اسم اعظم کے ذریعے سوال کیا اگر کوئی اس کے ذریعے جو بھی دعا کرے اللہ تعالیٰ کے یہاں وہ قبول ہو جاتی ہے اور اس کے ذریعے اگر کوئی اللہ تعالیٰ سے کسی چیز کا سوال کرے تو اسے ضرور دیا جاتا ہے-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نواں قول :

'بَدِیْعُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ' کے متعلق منقول ہے - مسند ابو یعلی نے السری بن یحییٰ عن رجل من طیٔ کی سند سے روایت نقل کی ہے گویا ابن یحییٰ نے قبیلہ طیٔ کے ایک ایسے صاحب سے روایت نقل کی، جن کا انہوں نے تزکیہ کیا ہے اور تعریف بھی کی ہے- یہ صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے اللہ رب العزت کے حضور میں یہ سوال کیا کہ اللہ تعالیٰ مجھے اسم اعظم کا مشاہدہ فرمائے چنانچہ میں کیا دیکھتا ہوں کہ آسمان کے ستاروں پر مندرجہ ذیل عبارت تحریر تھی :

'یَا بَدِیْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ'

دسواں قول :

' ذو الجلال والإکرام ' کے متعلق ہے اس پر دلیل ترمذی میں موجود حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جس میں ذکر ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب ایک شخص کو یا ذا الجلال والإکرام کہتے ہوئے سنا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ' تمہاری دعا قبول ہوئی لہذا اب مانگتے چلے جاؤ ' اسی طرح ابن جریر طبری، سورۃ نمل کی تفسیر میں حضرت مجاہد کا قول نقل کرتے ہیں کہ ' یا ذا الجلال والإکرام ' ایک ایسا اسم مبارک ہے جب بھی اس کے طفیل دعا کی جاتی ہے تو وہ قبول ہو کر رہتی ہے - علامہ فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ اس کی دلیل میں فرماتے ہیں کہ یہ دو اسم ذات باری تعالیٰ کی تمام صفات کو



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شامل کرتے ہیں کیونکہ صفت الجلال میں تمام سلبی صفات کو سمو دیا گیا ہے جب کہ الإکرام میں تمام ایجابی صفات کو شامل کیا گیا ہے۔

گیارہواں قول :

اس عبارت کے متعلق لکھا ہے :

' لَا اِلٰهَ اِلاَّ هُوَ الْأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِی لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَهُ کُفُواً أَحَدٌ '

اس پر دلیل حضرت بریدہؓ کی روایت ہے جس کی تخریج ابو داؤد، ترمذی ، ابن حبان اور حاکم نے کی ہے 'رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو یہ کہتے ہوئے سنا 'اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ بِأَنِّی اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اَنْتَ الْأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِی لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلِدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهُ کُفُواً اَحَد ' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم نے ایک ایسے نام سے اپنے رب کو پکارا جس نام کے ذریعے کوئی سوال کرتا ہے تو اسے دیا جاتا ہے اور جب کوئی دعا مانگتا ہے تو قبول ہو جاتی ہے۔

مسند ابو داؤد میں مزید یہ الفاظ ہیں کہ 'میں نے اللہ تعالیٰ سے اسم اعظم کے متعلق پوچھا'۔ حافظ ابن حجرؒ اس روایت کے متعلق فرماتے ہیں کہ یہ روایت اپنی تمام روایات میں سند کے لحاظ سے عمدہ اور راجح ہے۔

بارہواں قول :

لفظ 'رب رب' کے متعلق منقول ہے۔ امام حاکم نے حضرت ابو الدرداء اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا اسم اکبر (اعظم) لفظ 'رب رب' ہے۔ ابن ابی الدنیا نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی مرفوع اور موقوف روایت نقل کی ہے، جس میں ذکر ہے کہ جب کوئی بندہ اپنے رب کو یا رب یارب کہہ کر پکارتا ہے، اللہ رب العزت اس کے جواب میں فرماتے ہیں لبیک! میرے بندے تو مانگتا جا تمہیں دیا جائے گا۔

تیرہواں قول : (یہ میں جان نہ سکا کہ اس قول کا قائل کون ہے)

'مَالِكُ الْمُلْكِ' اسم اعظم ہے۔ طبرانی نے الکبیر میں ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ضعیف سند سے نقل کی ہے۔ 'ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ 'آل عمران کی اس آیت میں '(قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ز وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ (۲۶) تُوْلِجُ الَّيْلَ فِی النَّهَارِ وَ تُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّيْلِ ز وَ تُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَیِّ ز وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ (۲۷)' تک میں اللہ تعالیٰ کا ایسا اسم اعظم ہے کہ جو بھی اس کے طفیل دعا کرے تو اس کی دعا قبول ہوگی۔

چودھواں قول :

ذوا النون یعنی یونس علیہ السلام کی دعا کے متعلق کہا گیا ہے کہ یہ اسم اعظم ہے، اس پر دلیل نسائی کی حدیث ہے۔ اسی طرح حاکم نے فضالۃ بن عبید کی مرفوع روایت نقل کی ہے مچھلی کے بطن (پیٹ) میں



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت یونس علیہ السلام کی دعا ' لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّی كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ '(ترجمہ : نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ تعالیٰ کے اور میں ظالموں میں سے ہی ہوں) جب کبھی کوئی مسلمان اس دعا کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے مانگتا ہے تو اللہ رب العزت ضرور قبول فرماتے ہیں اور اگر کوئی اللہ تعالیٰ کے خزانہ سے کسی شے کا طلب گار ہو تو وہ ضرور دیتے ہیں (ذوالنون سے مراد حضرت یونس علیہ السلام ہیں)

مستدرك حاكم نے سعد بن ابی وقاص کی مرفوع روایت نقل کی ہے جس میں انہوں نے فرمایا کہ 'کیا میں تمہیں اللہ کے اسم اعظم سے متعلق یونس علیہ السلام کی دعا نہیں بتاؤں - وہاں ایک صاحب کہنے لگے کہ کیا یہ دعا حضرت یونس علیہ السلام ہی کے ساتھ خاص تھی ؟ انہوں نے جواب میں فرمایا کہ کیا تم نے باری تعالیٰ کی سورة الانبیاء کی آیت (۸۸) نہیں سنی :

' وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ط وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ '

ترجمہ : ' ہم نے (یونس علیہ السلام) کو مصیبت سے نجات دلائی یوں ہی ہم مؤمنین کو نجات دلاتے ہیں۔'

ابن ابی حاتم نے کثیر بن معبد کی روایت نقل کی ہے جس میں وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسنؓ سے اسم اعظم سے متعلق پوچھا، تو انہوں نے فرمایا کہ کیا آپ قرآن نہیں پڑھتے ؟ اسم اعظم ، ذو النون علیہ السلام کا قول ہے جس میں وہ فرماتے ہیں :



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لاَ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّی کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْن

پندرہواں قول :

قاضی عیاض سے نقل کیا گیا ہے کہ اسم اعظم کلمہ توحید باری تعالیٰ ہے :

لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ

سولھواں قول :

علامہ فخر الدین رازی نے حضرت زین العابدینؒ سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے اللہ رب العزت سے اسم اعظم سے متعلق سوال کیا تو انہوں نے خواب دیکھا جس میں یہ شعور ہوا کہ اسم اعظم یہ ہے :

' ھُوَاللّٰہُ اللّٰہُ الَّذِی لاَ اِلٰہَ اِلاَّ ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْم '

سترہواں قول :

یہ ہے کہ اسم اعظم اسماء حسنٰی میں پوشیدہ ہے،اس کی تائید حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سابقہ ذکر کردہ حدیث سے ہوتی ہے، جس میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے جب بعض اسماء حسنٰی کے ذریعے دعا کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ جن ناموں سے تم نے سوال کیا ان کا شمار اسم اعظم میں ہے۔

اٹھارہواں قول :

اسماء حسنٰی کا ہر وہ اسم ، **اسم اعظم** کہلاتا ہے جس کے ذریعے بندہ خلوص کے سمندر میں غرق ہوکر ایسے فکر و تدبر کے ذریعے



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دعا کرے کہ جس میں غیر اللہ کا تصور تک نہ ہو ، اس کیفیت کے ساتھ جو شخص بھی دعا کرے گا تو اس کی دعا قبولیت سے ہمکنار ہوگی - علامہ ابو نعیم نے الحلیة میں ابو یزید البسطامی سے نقل کیا ہے کہ ان سے کسی صاحب نے اسم اعظم سے متعلق پوچھا، آپ نے اس کے جواب میں فرمایا کہ اس کی کوئی متعین حد نہیں ہے بلکہ یہ تو اپنے دل کو اللہ کی وحدانیت سے بھرنے کا نام ہے چنانچہ جب بھی آپ اس درجہ پر فائض ہوجائیں تو آپ جب چاہیں کسی اسم کے ذریعے دعا کریں جس کی بدولت آپ مشرق سے مغرب تک سفر کرسکتے ہیں ، اسی طرح ابو نعیم نے ابو سلیمان الدارانی سے نقل کیا ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ 'میں نے بعض مشائخ سے اسم اعظم کے متعلق پوچھا ؟ انہوں نے جواب میں فرمایا کہ آپ دل کو جانتے ہیں؟ میں نے کہا جی ہاں - فرمانے لگے جب بھی آپ اپنے دل کی ، کایا پلٹتے ہوئے پائیں تو آپ اللہ کے حضور اپنی ضرورت پیش کرڈالیں اس وقت وہی اسم اعظم ہے-

اسی طرح مزید ابو نعیمؒ نے ابن الوبیع السائغؒ سے نقل کیا ہے کہ ان سے ایک صاحب نے کہا کہ مجھے اسم اعظم سکھا دیجئے جواب میں فرمانے لگے کہ لکھو: 'بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم ' اور اللہ کی اطاعت کرو اللہ تعالیٰ تمام چیزوں سے نوازے گا-

انیسواں قول :

اَللّٰهُمَّ سے متعلق ہے علامہ زرکشیؒ نے اس قول کی حکایت



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جمع الجوامع کی شرح میں کی ہے اس پر دلیل میں انہوں نے لکھا ہے کہ لفظ 'اللّٰہ' ذات باری پر دلالت کرتا ہے جب کہ أَللّٰهُمَّ میں لفظ میم ننانوے (۹۹) صفات پر دلالت کرتا ہے - ابن مظفرؒ نے اس کا ذکر کیا ہے یہی وجہ ہے کہ حسن بصری رحمۃ اللّٰہ علیہ فرماتے ہیں کہ لفظ أَللّٰهُمَّ دعاؤں کا مجموعہ ہے- نضر بن شمیل فرماتے ہیں کہ جس نے لفظ أَللّٰهُمَّ کے ذریعے دعا کی گویا اس نے اللہ کے تمام اسماء کے ذریعے دعا کی-

بیسواں قول :

لفظ 'الٓمٓ' کے متعلق ہے ' ابن جریرؒ نے ابن مسعودؓ کی روایت نقل کی ہے جس میں وہ فرماتے ہیں کہ 'الٓمٓ' اللہ کا اسم اعظم ہے، ابن ابو حاتم نے ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ 'الٓمٓ' اللہ کے اسمائے اعظم میں ایک اسم اعظم ہے- ابن جریر طبریؒ اور ابن ابی حاتمؒ نے ابن عباسؓ کی روایت نقل کی ہے جس میں وہ فرماتے ہیں کہ 'الٓمٓ' ایک ایسا اسم ہے جو کہ قسم ہے - اللہ رب العزت نے اس کے ذریعے قسم کھائی ہے کیونکہ یہ اس کے اسماء میں سے ہے-' (علامہ سیوطیؒ کا کلام ختم ہوا)

مظاہر حق شرح مشکوۃ شریف میں لکھا ہے کہ بعض محققین فرماتے ہیں کہ یہ دعا تمام اقوال کی جامع ہے - بعض بزرگان دین نے جن ناموں کو اسم اعظم کہا ہے وہ سب اس میں آجاتے ہیں - یہ سب اسم اعظم ہیں :

اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ بِأَنَّ لَكَ الْحَمْدَ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اَنْتَ یَاحَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَابَدِیْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَاالْجَلاَلِ وَالْاِکْرَامِ یَا خَیْرَ



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْوَارِثِيْنَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا سَمِيْعَ الدُّعَآءِ يَااللّٰهُ يَااللّٰهُ يَا عَالِمُ يَا سَمِيْعُ يَا عَلِيْمُ يَاحَلِيْمُ يَامَالِكَ الْمُلْكِ يَا مَالِكُ يَا سَلاَمُ يَا حَقُّ يَاقَدِيْمُ يَاقَائِمُ يَا غَنِيُّ يَا مُحِيْطُ يَاحَكِيْمُ يَا عَلِيُّ يَاقَاهِرُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا سَرِيْعُ يَاكَرِيْمُ يَا مَخْفِي يَامُعْطِي يَا مَانِعُ يَا مُحْيِي يَا مُقْسِطُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا اَحْمَدُ يَاحَمْدُ يَا رَبُّ يَارَبُّ يَا ربُّ يَا ربُّ يَاربُّ يَا وَهَّابُ يَا غَفَّارُ يَا قَرِيْبُ يَا لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ — اَنْتَ حَسْبِي وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ.(۱)

شیخ یوسف بن اسماعیل النبھانی نے اسم اعظم کے تمام اسماء کو اس طرح جمع کیا ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ بِأَنَّ لَكَ الْحَمْدَ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اَنْتَ يَامَنَّانُ يَا حَنَّانُ يَابَدِيْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَاالْجَلاَلِ وَالْاِكْرَامِ يَا خَيْرَ الْوَارِثِيْنَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا سَمِيْعَ الدُّعَآءِ يَااللّٰهُ يَااِلٰهَ يَا اللّٰهُ يَااللّٰهُ يَا عَلِيْمُ يَاعَالِمُ يَاسَمِيْعُ يَا عَلِيْمُ يَاحَكِيْمُ يَامَالِكُ يَامُلْكُ يَا سَلاَمُ يَا حَقُّ يا قَيُّوْمُ يَا عَلِيُّ يَا مُحِيْطُ يَاحَكَمُ يَا عَلِيُّ يَا قَهَّارُ يَاقَاهِرُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا حَلِيْمُ يَا سَرِيْعُ يَا كَرِيْمُ يَامُحْصِي يَامُعْطِي يَا مَانِعُ يَا مُحْيِي يَا مُقْسِطُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا رَبُّ يَارَبُّ يَا رَبُّ

(۱)مظاہرحق شرح مشکوٰۃ شریف، نواب محمد قطب الدین خان دہلویؒ، دارالاشاعت، کراچی، جلد دوئم، صفحہ ۵۳۱-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَا رَبُّ يَارَبُّ يَا وَهَّابُ يَا غَفَّارُ يَا قَرِيْبُ لاَ اِلَهَ اِلاَّ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اَنْتَ حَسْبِی وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ .(۱)

بسم الله الرحمن الرحيم



حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ، نِعْمَ الْمَوْلٰى وَ نِعْمَ النَّصِيْرُ.

---

(۱) الاستغاثة الکبری اسماء اللہ ، دارالکتب العربیہ الکبریٰ، مصر ۱۳۳۳ ہجری- سعادت الدارین فی الصلاۃ علیٰ سید الکونین میں 'یا قیوم' کی بجائے 'یا قائم' لکھا ہے، مطبوعہ ۱۳۱۸ ہجری، صفحہ ۵۸۷-



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَیًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ

کہ دو کہ تم (اللہ کو) اللہ (کے نام سے) پکارو یا رحمٰن (کے نام سے) جس نام سے پکارو اس کے سب نام اچھے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لَاۤ إِلٰهَ إِلَّاۤ اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# باب ہفتم

## قرآن کریم، احادیث سے ماخوذ اسماء اللہ عزّ و جلّ

باب چہارم میں ہم نے اُن احادیث کا ذکر کیا تھا جن میں اسماء حسنٰی کی تعداد اور تفصیل روایت کی گئی ہیں، لیکن اسماء اللہ عزّ وَ جلّ کی اہمیت اور فوائد کے پیش نظر مفسرین، محدثین اور محققین اس موضوع پر مسلسل کام کرتے رہے اور اسماء کی قرآن کریم اور احادیث نبویہ سے تخریج کرتے رہے - غالباً سب سے پہلے حضرت امام جعفر صادق ؒ نے اسماء اللہ عزّ وَ جلّ قرآن کریم سے تخریج کیے ان کے بعد سفیان بن عیینہؒ اور ابو زید بغوی (یہ دونوں صاحبان ہم عصر تھے) نے اسماء اللہ عزّ وَ جلّ کی تخریج قرآن کریم سے کی-

ایک طرف تو امام ترمذی، ابن ماجہ، ابن حبان، طبرانی، امام حاکم اورابو نعیم اصفہانی و دیگر صاحبان ان احادیث کو جمع کرتے رہے جن میں اسماء کا ذکر تھا، تو دوسری طرف ابواسحاق الزجاجؒ،ابو القاسم عبدالرحمن الزجاجیؒ ، ابو عبداللّٰہ بن مندہؒ، امام بیہقیؒ ، و دیگر صاحبان نے اسماء حسنٰی اور ان کی صفات پر علیحدہ علیحدہ کتب تحریر کیں - اسی طرح ابو سلیمان الخطابی، ابن حزم ، امام ابو عبداللّٰہ قرطبی،ابو بکر محمد بن عبداللّٰہ ابن عربی،امام ابن قیّم ، محمد بن ابراھیم الوزیر الیمانی اور حافظ احمد بن علی ابن حجر العسقلانی رحمھم



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ نے بھی اسماء کی قرآن کریم اور احادیث سے تخریج کی - ہم نے ایک گوشوارے میں ۲۱ امام صاحبان کی تحقیق کو یکجا کیا ہے تاکہ قارئین کو ایک ہی جگہ پر یہ معلوم ہوسکے کہ کونسا اسم اللہ عزّ وَ جلّ کس کس امام نے تخریج کیا ہے - اس گوشوارے میں کل ۳۱۹ اسماء اللہ عزّ وَ جلّ شامل ہیں جو قرآن کریم و حدیث سے ۲۱ محدثین، مفسرین، محققین اور اہل علم صاحبان نے تخریج کیے ہیں-

اس کتاب کے سب سے اہم دو باب ہیں-باب چہارم میں پہلی بار وہ تمام احادیث یکجا کی گئی ہیں، جن میں اسماء اللہ عزّ وَ جلّ کو مختلف روایات سے درج کیا گیا ہے - اس باب ہفتم میں بھی پہلی بار ان تمام اسماء حسنیٰ کو یکجا کیا گیا ہے جو دوسری صدی ہجری سے لیکر نویں صدی ہجری تک کے ۲۱ محدثین، محققین اور اہل علم صاحبان نے قرآن کریم و حدیث سے تخریج کیے، یوں غالباً یہ پہلی کتاب ہے جس میں ۳۱۹ اسماء اللہ عزّ وجلّ کا سند کے ساتھ ذکر ہے-

اس گوشوارے کو محدثین، محققین اور اہل علم صاحبان کے سن وفات کے حساب سے ترتیب دیا گیا ہے تاکہ تحقیقی تسلسل کی نشاندہی ہوسکے جیساکہ درج ذیل فہرست سے معلوم ہوگا :

| نمبر کالم | امام صاحب کا نام | سن وفات/ہجری |
|---|---|---|
| ۱ | امام جعفر صادقؒ | ۱۴۸ |
| ۲ | سفیان بن عیینہؒ | ۱۹۸ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| سن وفات/ہجری | امام صاحب کا نام | نمبر کالم |
|---|---|---|
| ۲۱۴ | ابو زید بغوی(سعید بن أوس بن ثابت الأنصاری) | ۳ |
| ۲۷۹ | ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ امام ترمذی | ۴ |
| ۲۷۵ | ابو عبداللہ محمد بن یزید القزوینی ابن ماجۃ | ۵ |
| ۳۱۱ | ابو بکر محمد بن اسحاق ابن خزیمۃ | ۶ |
| ۳۵۴ | محمد ابن حبان بن احمد بن حبان ابو حاتم التمیمی | ۷ |
| ۳۶۰ | ابو القاسم سلیمان بن احمد الطبرانی | ۸ |
| ۳۸۸ | ابو سلیمان حمد بن محمد الخطابی | ۹ |
| ۳۹۵ | امام ابو عبداللہ محمد بن اسحاق بن محمد بن یحییٰ ابن مندہ | ۱۰ |
| ۴۰۳ | ابو عبداللہ الحسین بن الحسن الحلیمی | ۱۱ |
| ۴۰۵/۴۰۶ | حافظ ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ الحاکم النیشابوری | ۱۲ |
| ۴۳۰ | احمد بن عبداللہ بن احمد بن اسحاق بن مهران ابو نعیم اصبہانی | ۱۳ |
| ۴۵۶ | امام ابو محمد علی بن احمد بن سعید ابن حزم الاندلسی | ۱۴ |
| ۴۵۸ | امام ابو بکر احمد بن الحسین بن علی البیہقی | ۱۵ |

www.KitaboSunnat.com



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| نمبر کالم | امام صاحب کا نام | سن وفات/ہجری |
|---|---|---|
| ۱۶ | ابو القاسم اسماعیل ابن محمد بن الفضل التیمی الاصفهانی | ۵۳۵ |
| ۱۷ | ابو بکر محمد بن عبداللّٰہ المعروف ابن العربیؒ | ۵۴۳ |
| ۱۸ | امام ابوعبداللّٰہ محمد بن احمد بن ابی بکر قرطبیؒ | ۶۷۱ |
| ۱۹ | ابوعبداللّٰہ محمد بن ابی بکر بن ایوب بن قیّم الجوزیؒ | ۷۵۱ |
| ۲۰ | محمد بن ابراهیم بن علی بن المرتضیٰ بن الوزیر الیمانیؒ | ۸۴۰ |
| ۲۱ | حافظ احمد بن علی بن حجر العسقلانیؒ | ۸۵۲ |

ان تمام اسماء کو اردو حروف تہجی کے حساب سے ہی ترتیب دیا گیا ہے تاکہ قارئین کو کسی خاص اسم اللہ تعالیٰ کو تلاش کرنے میں دشواری نہ ہو۔

اس گوشوارے کے آخر میں ان تمام کتب کا تفصیلی حوالہ بھی دے دیا گیا ہے جن کی مدد سے اسماء اللہ عزّ وَ جلّ کو جمع کیا گیا ہے، تاکہ جو صاحب بھی ان کی تفصیل جاننا چاہیں وہ ان کتب کا مطالعہ فرمالیں۔ اور یوں یہ تمام اسناد بھی یکجا ہوگئی ہیں۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| نمبر شمار | اسماء اللّٰہ عزَّ وَجلَّ | ترجمہ اسماء اللّٰہ عزَّ وَجلَّ | امام جعفر صادقؒ ۱ | سفیان بن عیینہؒ ۲ | ابو زید بغویؒ ۳ | ترمذیؒ ۴ | ابن ماجۃؒ ۵ | ابن خزیمۃؒ ۶ | ابن حبانؒ ۷ | طبرانیؒ ۸ | محمد خطابیؒ ۹ | ابن مندۃؒ ۱۰ | حلیمیؒ ۱۱ | حاکمؒ حدیث نمبر ۴۱ ۱۲ | حاکمؒ حدیث نمبر ۴۲ ۱۲ | ابو نعیمؒ ۱۳ | ابن حزمؒ ۱۴ | بیہقیؒ ۱۵ | فضلؒ ۱۶ | ابن العربیؒ ۱۷ | قرطبیؒ ۱۸ | ابن قیمؒ ۱۹ | ابن وزیرؒ ۲۰ | ابن حجرؒ ۲۱ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | اَللّٰهُ | اسم ذات باری تعالیٰ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۲ | اَلْاَحَدُ | اکیلا | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۳ | اَلْاٰخِرُ | سب سے پچھلا | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۴ | اَلْاَبَدُ | ہمیشہ رہنے والا | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ |
| ۵ | اَلْاِلٰهُ | معبود | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۶ | اَحْكَمُ الْحَاكِمِيْنَ | حاکموں کا حاکم | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| نمبر شمار | اسماء اللّٰہ عزَّ وَجلَّ | ترجمہ اسماء اللّٰہ عزَّ وَجلَّ | امام جعفر صادقؒ ۱ | سفیان بن عیینہؒ ۲ | ابو زید بغویؒ ۳ | ترمذیؒ ۴ | ابن ماجہؒ ۵ | ابن خزیمہؒ ۶ | ابن حبانؒ ۷ | طبرانیؒ ۸ | محمد خطابیؒ ۹ | ابن مندہؒ ۱۰ | حلیمیؒ ۱۱ | حاکمؒ حدیث نمبر ۳۱ ۱۲ | حاکمؒ حدیث نمبر ۳۲ ۱۲ | ابو نعیمؒ ۱۳ | ابن حزمؒ ۱۴ | بیہقیؒ ۱۵ | فضلؒ ۱۶ | ابن العربیؒ ۱۷ | قرطبیؒ ۱۸ | ابن قیمؒ ۱۹ | ابن وزیرؒ ۲۰ | ابن حجرؒ ۲۱ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷ | اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ | بہترین پیدا کرنے والا | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × |
| ۸ | اَهْلُ التَّقْوٰی | جس سے ڈرنا چاہیے | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | ✓ | × | ✓ | × |
| ۹ | أَهْلُ الْمَغْفِرَةِ | مغفرت والا | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | ✓ | × | ✓ | × |
| ۱۰ | اَلْاَقْرَبُ | زیادہ قریب | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × |
| ۱۱ | اَسْرَعُ الْحَاسِبِیْنَ | جلد حساب لینے والا | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × | ✓ | × |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ا

| نمبر شمار | اسماء اللّٰہ عزَّ وَجلَّ | ترجمہ اسماء اللّٰہ عزَّ وَجلَّ | امام جعفر صادقؒ ۱ | سفیان بن عیینہؒ ۲ | ابو زید بغویؒ ۳ | ترمذیؒ ۴ | ابن ماجہؒ ۵ | ابن خزیمہؒ ۶ | ابن حبانؒ ۷ | طبرانیؒ ۸ | محمد خطابیؒ ۹ | ابن مندہؒ ۱۰ | حلیمیؒ ۱۱ | حاکمؒ حدیث نمبر ۳۱ ۱۲ | حاکمؒ حدیث نمبر ۳۲ ۱۲ | ابو نعیمؒ ۱۳ | ابن حزمؒ ۱۴ | بیہقیؒ ۱۵ | فضلؒ ۱۶ | ابن العربیؒ ۱۷ | قرطبیؒ ۱۸ | ابن قیمؒ ۱۹ | ابن وزیرؒ ۲۰ | ابن حجرؒ ۲۱ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲ | اَلْاَحْکَمُ | مضبوط حاکم | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × |
| ۱۳ | اَلْاَعْلیٰ | بہت بلند | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × | ✓ | × | × | × | × | ✓ | × | × | × | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۱۴ | اَلْاَعَزُّ | بہت عزت والا | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × | × | × | ✓ | × | ✓ | × |
| ۱۵ | اَلْاَعْلَمُ | بہت جاننے والا | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × |
| ۱۶ | آمِیْن | امن دینے والا | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × | × | × |
| ۱۷ | اَلْاَلِیْمُ اَلْاَخْذُ | عذاب کرنے والا، پکڑنے والا | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × | × | × |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| نمبر شمار | اسماء اللّٰہ عزَّ وَ جلَّ | ترجمہ اسماء اللّٰہ عزَّ وَ جلَّ | امام جعفر صادقؒ ۱ | سفیان بن عیینہؒ ۲ | ابو زید بغویؒ ۳ | ترمذیؒ ۴ | ابن ماجہؒ ۵ | ابن خزیمہؒ ۶ | ابن حبانؒ ۷ | طبرانیؒ ۸ | محمد خطابیؒ ۹ | ابن مندہؒ ۱۰ | حلیمیؒ ۱۱ | حاکمؒ حدیث نمبر ۳۱ ۱۲ | حاکمؒ حدیث نمبر ۳۲ ۱۲ | ابو نعیمؒ ۱۳ | ابن حزمؒ ۱۴ | بیہقیؒ ۱۵ | فضلؒ ۱۶ | ابن العربیؒ ۱۷ | قرطبیؒ ۱۸ | ابن قیمؒ ۱۹ | ابن وزیرؒ ۲۰ | ابن حجرؒ ۲۱ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۸ | إلٌّ | عہد واقرار لینے والا | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × | × | × |
| ۱۹ | اَلْاَقْوٰی | بہت طاقت والا | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × |
| ۲۰ | اَلْأَکْرَمُ | عزت والا | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × | × | × | ✓ | × | ✓ | ✓ | × | × | ✓ | × | ✓ | ✓ |
| ۲۱ | اَلْاَوَّلُ | پہلا | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۲۲ | اَلْأَکْبَرُ | بہت بڑا | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × | × | × | ✓ | × | ✓ | × |
| ۲۳ | اَلْأَعْظَمُ | بہت بڑا | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × |
| ۲۴ | أَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ | زیادہ سے زیادہ رحم کرنے والا | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × | × | × | × | × | × | ✓ | × | × | × | ✓ | × |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| نمبر شمار | اسماء اللہ عزَّ وَ جلَّ | ترجمہ اسماء اللہ عزَّ وَ جلَّ | ۱ امام جعفر صادقؒ | ۲ سفیان بن عیینہؒ | ۳ ابو زید بغویؒ | ۴ ترمذیؒ | ۵ ابن ماجہؒ | ۶ ابن خزیمہؒ | ۷ ابن حبانؒ | ۸ طبرانیؒ | ۹ محمد خطابیؒ | ۱۰ ابن مندہؒ | ۱۱ حلیمیؒ | ۱۲ حاکمؒ حدیث نمبر ۴۱ | ۱۲ حاکمؒ حدیث نمبر ۴۲ | ۱۳ ابو نعیمؒ | ۱۳ ابن حزمؒ | ۱۵ بیہقیؒ | ۱۶ فضلؒ | ۱۷ ابن العربیؒ | ۱۸ قرطبیؒ | ۱۹ ابن قیمؒ | ۲۰ ابن وزیرؒ | ۲۱ ابن حجرؒ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۵ | اَلْبَادِیُ | نئی طرح سے پیدا کرنے والا | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × | × | × | × | × | × | ✓ | ✓ | × | × | × | × | × |
| ۲۶ | اَلْبَدِیْعُ | پہلی مرتبہ پیدا کرنے والا | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | × | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | × | × | ✓ | × | × | ✓ | × | ✓ | ✓ |
| ۲۷ | اَلْبَارِئُ | نایاب چیز پیدا کرنے والا | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۲۸ | اَلْبَارُّ | مہربانی کرنے والا | × | × | × | × | ✓ | × | × | × | × | ✓ | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × |
| ۲۹ | اَلْبَرُّ | نیکی (کا حکم دینے والا) | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | × | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | × | ✓ | ✓ | × | × | ✓ | ✓ | ✓ | × | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۳۰ | اَلْبُرْهَانُ | دلیل | ✓ | × | × | × | ✓ | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × | × | × | × | ✓ | × | × | × |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ب

| نمبر شمار | اسماء اللہ عزَّ وَ جلَّ | ترجمہ اسماء اللہ عزَّ وَ جلَّ | امام جعفر صادقؒ ۱ | سفیان بن عیینہؒ ۲ | ابو زید بغویؒ ۳ | ترمذیؒ ۴ | ابن ماجہؒ ۵ | ابن خزیمہؒ ۶ | ابن حبانؒ ۷ | طبرانیؒ ۸ | محمد خطابیؒ ۹ | ابن مندہؒ ۱۰ | حلیمیؒ ۱۱ | حاکمؒ حدیث نمبر ۳۱ ۱۲ | حاکمؒ حدیث نمبر ۳۲ ۱۲ | ابو نعیمؒ ۱۳ | ابن حزمؒ ۱۴ | بیہقیؒ ۱۵ | فضلؒ ۱۶ | ابن العربیؒ ۱۷ | قرطبیؒ ۱۸ | ابن قیمؒ ۱۹ | ابن وزیرؒ ۲۰ | ابن حجرؒ ۲۱ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۱ | اَلْبَاسِطُ | کشادہ کرنے والا | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | × | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | × | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | × |
| ۳۲ | اَلْبَصِیْرُ | دیکھنے والا | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۳۳ | اَلْبَاطِنُ | پوشیدہ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۳۴ | اَلْبَاعِثُ | بھیجنے والا | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | × | ✓ | ✓ | × | ✓ | × | × | × |
| ۳۵ | اَلْبَاقِیْ | باقی رہنے والا | ✓ | × | × | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | × | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | × | × | × |
| ۳۶ | اَلْبَالِغُ اَمْرَہٗ | اپنے کام کو پہنچنے والا | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | × |
| ۳۷ | اَلْبَالِیْ | شفا بخشنے والا | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | ✓ | ✓ | × | × | × |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ت

| نمبر شمار | اسماء اللہ عزَّ وَجلَّ | ترجمہ اسماء اللہ عزَّ وَجلَّ | امام جعفر صادقؒ ۱ | سفیان بن عیینہؒ ۲ | ابو زید بغویؒ ۳ | ترمذیؒ ۴ | ابن ماجہؒ ۵ | ابن خزیمہؒ ۶ | ابن حبانؒ ۷ | طبرانیؒ ۸ | محمد خطابیؒ ۹ | ابن مندہؒ ۱۰ | حلیمیؒ ۱۱ | حاکمؒ حدیث نمبر ۲۱ ۱۲ | حاکمؒ حدیث نمبر ۲۲ ۱۲ | ابو نعیمؒ ۱۳ | ابن حزمؒ ۱۴ | بیہقیؒ ۱۵ | فضلؒ ۱۶ | ابن العربیؒ ۱۷ | قرطبیؒ ۱۸ | ابن قیمؒ ۱۹ | ابن وزیرؒ ۲۰ | ابن حجرؒ ۲۱ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۸ | اَلتَّامُّ | مکمل (ہر طرح سے پورا) | × | × | × | × | ✓ | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × | × |
| ۳۹ | اَلتَّوَّابُ | معاف کرنے والا، توبہ قبول کرنے والا | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| نمبر شمار | اسماء اللہ عزّ وجلّ | ترجمہ اسماء اللہ عزّ وجلّ | امام جعفر صادقؒ ۱ | سفیان بن عیینہؒ ۲ | ابو زید بلوئیؒ ۳ | ترمذیؒ ۴ | ابن ماجہؒ ۵ | ابن خزیمہؒ ۶ | ابن حبانؒ ۷ | طبرانیؒ ۸ | محمد خطابیؒ ۹ | ابن مندہؒ ۱۰ | حلیمیؒ ۱۱ | حاکمؒ حدیث نمبر ۳۱ ۱۲ | حاکمؒ حدیث نمبر ۳۲ ۱۲ | ابو نعیمؒ ۱۳ | ابن حزمؒ ۱۴ | بیہقیؒ ۱۵ | فضلؒ ۱۶ | ابن العربیؒ ۱۷ | قرطبیؒ ۱۸ | ابن قیمؒ ۱۹ | ابن وزیرؒ ۲۰ | ابن حجرؒ ۲۱ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۰ | اَلْجَبَّارُ | دباؤ والا | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۴۱ | اَلْجَلِيْلُ | بہت بڑا | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✗ | ✓ | ✗ | ✓ | ✗ | ✗ |
| ۴۲ | اَلْجَامِعُ | جمع کرنے والا | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۴۳ | اَلْجَمِيْلُ | خوبصورت | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✗ |
| ۴۴ | اَلْجَوَّادُ | سخی، بہت سخاوت کرنے والا | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✓ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✗ |
| ۴۵ | جَاعِلُ اللَّيْلِ سَكَنًا | رات کو آرام کی شے بنانے والا | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ج

| نمبر شمار | اسماء اللّٰہ عزَّ وَ جلَّ | ترجمہ اسماء اللّٰہ عزَّ وَ جلَّ | امام جعفر صادقؒ ۱ | سفیان بن عیینہؒ ۲ | ابو زید بغویؒ ۳ | ترمذیؒ ۴ | ابن ماجۃؒ ۵ | ابن خزیمۃؒ ۶ | ابن حبانؒ ۷ | طبرانیؒ ۸ | محمد خطابیؒ ۹ | ابن مندہؒ ۱۰ | حلیمیؒ ۱۱ | حاکمؒ حدیث نمبر ۴۱ ۱۲ | حاکمؒ حدیث نمبر ۴۲ ۱۲ | ابو نعیمؒ ۱۳ | ابن حزمؒ ۱۴ | بیہقیؒ ۱۵ | فضلؒ ۱۶ | ابن العربیؒ ۱۷ | قرطبیؒ ۱۸ | ابن قیمؒ ۱۹ | ابن وزیرؒ ۲۰ | ابن حجرؒ ۲۱ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۶ | اَلْحَاسِبُ | حساب جاننے والا | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ | ✓ | ✗ |
| ۴۷ | اَلْحَسِیْبُ | شرف اور عزت والا | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۴۸ | اَلْحَافِظُ | حفاظت کرنے والا | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✓ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ | ✓ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ |
| ۴۹ | اَلْحَفِیْظُ | نگہبان | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✗ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۵۰ | اَلْحَفِیُّ | چھپانے والا | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ |
| ۵۱ | اَلْحَقُّ | سچا | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۵۲ | اَلْحَاکِمُ | حکمران | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ح

| نمبر شمار | اسماء اللّٰه عزّوجلّ | ترجمہ اسماء اللّٰه عزّوجلّ | امام جعفر صادقؒ ۱ | سفیان بن عیینہؒ ۲ | ابو زید بغویؒ ۳ | ترمذیؒ ۴ | ابن ماجہؒ ۵ | ابن خزیمہؒ ۶ | ابن حبانؒ ۷ | طبرانیؒ ۸ | محمد خطابیؒ ۹ | ابن مندہؒ ۱۰ | حلیمیؒ ۱۱ | حاکمؒ حدیث نمبر ۳۱ ۱۲ | حاکمؒ حدیث نمبر ۳۲ ۱۲ | ابو نعیمؒ ۱۳ | ابن حزمؒ ۱۴ | بیہقیؒ ۱۵ | فضلؒ ۱۶ | ابن العربیؒ ۱۷ | قرطبیؒ ۱۸ | ابن قیمؒ ۱۹ | ابن وزیرؒ ۲۰ | ابن حجرؒ ۲۱ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۳ | اَلْحَكَمُ | فیصلہ کرنے والا | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۵۴ | اَلْحَكِيْمُ | حکمت والا | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✗ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۵۵ | اَلْحَلِيْمُ | بردبار، برداشت کرنے والا | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۵۶ | اَلْحَمِيْدُ | خوبیوں والا | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۵۷ | اَلْحَنَّانُ | مہربان | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ | ✓ | ✗ | ✗ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✗ | ✗ | ✗ |
| ۵۸ | اَلْحَيُّ | زندہ جاوید | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۵۹ | اَلْحَيِيُّ | زندہ کرنے والا | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✗ | ✗ | ✓ | ✓ | ✗ | ✗ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خ

| نمبر شمار | اسماء اللّٰہ عزَّ وَجلَّ | ترجمہ اسماء اللّٰہ عزَّ وَجلَّ | امام جعفر صادقؒ ۱ | سفیان بن عیینہؒ ۲ | ابو زید بغویؒ ۳ | ترمذیؒ ۴ | ابن ماجہؒ ۵ | ابن خزیمہؒ ۶ | ابن حبانؒ ۷ | طبرانیؒ ۸ | محمد خطابیؒ ۹ | ابن مندہؒ ۱۰ | حلیمیؒ ۱۱ | حاکمؒ حدیث نمبر ۲۱ ۱۲ | حاکمؒ حدیث نمبر ۲۲ ۱۲ | ابو نعیمؒ ۱۳ | ابن حزمؒ ۱۴ | بیہقیؒ ۱۵ | فضلؒ ۱۶ | ابن العربیؒ ۱۷ | قرطبیؒ ۱۸ | ابن قیمؒ ۱۹ | ابن وزیرؒ ۲۰ | ابن حجرؒ ۲۱ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۰ | اَلْخَبِیْرُ | خبر رکھنے والا، جاننے والا | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ |
| ۲۱ | اَلْخَافِضُ | باوقار و متحمل مزاج | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✗ |
| ۲۲ | اَلْخَالِقُ | پیدا کرنے والا | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ۲۳ | اَلْخَلَّاقُ | پیدا کرنے والا | ✓ | ✓ | ✓ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✗ | ✓ | ✓ | ✗ | ✓ | ✗ | ✓ | ✓ | ✗ | ✗ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
